کاروبار، ملازمت، ترقی، کامیابی، عزت و وقار، آمدن اور صحت کے لئے راہ عمل

جرنی تقویم ۲۰۲۱ء

زندگی کے طویل راستے پر مقدر کے عظیم ہاتھ کی گرفت
آئندہ سال کیا کرنے والی ہے، ایک علمی امداد

ازافادات
حارث عثمانی البرنی

قیمت: -/۳۰۰ روپے

اوراق پبلشرز

○ علم نجوم کی اصطلاحات، قواعد و ضوابط نظام شمسی، بروج و کواکب مع زائچے کی مکمل تفصیل

علم نجوم کے رموز و اسرار سے آگاہی حاصل کرنے والوں کیلئے ایک بیش قیمت کتاب ہے۔ کائناتی سائنس کو سمجھانے کیلئے علم ہیئت (یعنی مادی حقائق) اور علم نجوم (یعنی روحانی حقائق) کو فلسفیانہ نقطۂ نظر سے پیش کیا گیا ہے۔ جدید روش سے دلچسپ انداز میں ایسی تفصیلات ظاہر کی گئی ہیں جن سے زائچہ بنانا اور پڑھنا آسان ہو گیا ہے۔ اس کتاب میں

9 ابواب ہیں جن کے تحت تیس فصلیں ہیں۔ اصولوں کو سمجھانے کیلئے متعدد اشکال یادداشت کے لیے مفید جداول اور حاشیہ پر ضروری اندراجات ہیں۔ یہی امور نفس مضمون کو چار چاند لگاتے ہیں

○ عمدہ کتابت ○ اعلیٰ قسم کا کاغذ ○ خوبصورت طباعت ○ رنگین تصاویر

برنی تقویم

۲۰۲۱ء

گردش فلک اور رفتار سیارگان کے موجوداتِ عالم پر، اثرات اور مروّجہ سنین کی تاریخیں

از افادات

حارث عثمانی البرنی

بیادگار حضرت کاشؔ البرنیؒ

ایڈیٹر ماہنامہ رسالہ رُوحانی دُنیا، کراچی

ناشر: اوراق پبلشرز، کراچی نمبر ۵

قیمت: -/۳۰۰ روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

فرمانِ خداوندی

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝

(سورہ النحل - آیت ۱۲)

ہم نے تمہارے لیے رات اور دن، سورج اور چاند اور جملہ کواکب کو خاص احکام سرانجام دینے کا حکم دیا ہے۔ درحقیقت عقل مند لوگوں کیلئے اس میں نشانیاں ہیں:

فرمودۂ اقبالؒ

علم اسماء اعتبارِ آدم است
حکمتِ اشیاء حصارِ آدم است،
جستجو را محکم از تدبیر کن،
انفس و آفاق را تسخیر کن،

ابتداء

موجودہ سائنس کے دور میں یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ ستاروں کے اثرات سے اہلِ عالم اور خود عالمِ موجودات اپنی اپنی حالت اور نوعیت پر متاثر ہوتے ہیں۔ زمانے کے انقلابات، سمندر کے مدوجزر نباتات کی روئیدگی، موسموں کی تبدیلیاں، طوفان بادِ باراں، تغیرات زمانہ، جنگ و امن، انسان وحیوان کا تغیر مزاجی وغیرہ۔ امورات نظام عالم محض کواکب کے صعود و ہبوط پر منحصر ہیں۔ جہازوں کا سفر، تاریخوں کا شمار، اطراف کا علم، فضا اور خلاء کے تجربات بدونِ علم سیارگان کی رہنمائی کے ممکن ہی نہیں۔

علم نجوم غیب کا علم نہیں۔ بلکہ یہ ایک حساب ہے۔ وہ حساب جس پر کائنات کی تقویم خود پروردگار عالم نے تیار کی ہے۔ اس حساب سے روزانہ عام گھریلو زندگی اور کاروباری زندگی میں یہ فائدہ ہوتا ہے کہ ہم آئندہ سے خبردار ہو کر اچھے وقتوں سے فائدہ اٹھائیں۔ اور نحس اور ناموافق حالات کیلئے صحیح تدابیر اختیار کر کے بہتر طور پر زندگی گزار سکیں۔ اس امر کیلئے تقویم آپ کی بہتر رہنمائی کر سکے گی۔

برنی تقویم کے ممتاز ہونے کا ثبوت:

(۱) اس میں ہندوانہ حساب نہیں ہوتا۔

(۲) پاکستان کے اسٹینڈرڈ ٹائم کے لحاظ سے تیار کی جاتی ہے۔

(۳) استخراج یونانی حساب سے ہے جو اہلِ اسلام کے روحانی علوم جفر، عملیات اور نقوش کیلئے درست ہے۔

(۴) گھڑی پلوں کا متروکہ ٹائم نہیں دیا جاتا، بلکہ مروجہ ٹائم گھنٹے منٹوں کا دیا جاتا ہے۔

(۵) ہندوانہ اصطلاحات نہیں دی جاتیں۔

(۶) رفتار سیارگان کا مکمل حساب دیا جاتا ہے۔ برنی تقویم اس علم کی مکمل ضروریات ایک سال کیلئے مہیا کرتی ہے۔ آسان زبان میں تیار کی جاتی ہے۔ نظرات کی ایسی مکمل تفصیل دی جاتی ہے کہ جو روزانہ امور جاننے، زائچہ پڑھنے اور عملیات کے لئے کارآمد ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ

تقویم تعلیم یافتہ طبقے میں روزبروز مقبول ہوتی جا رہی ہے۔

ہدایت:

اس تقویم کے تمام اوقات پاکستان کے مقامی اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہیں۔ ان اوقات میں اپنے مقام کا وقفہ تفاوت وقت سے معلوم کر کے جمع یا تفریق کر دیا کریں تو وہ آپ کا مقامی وقت ہو جائے گا۔ بہتر ہوگا اگر آپ اپنے ہاں کا تفاوتِ وقت زبانی یاد کر لیں۔

حارث عثمانی البرنی

تہوار و تعطیلات سال ۲۰۲۱ء

مہینہ	تاریخ		تہوار
فروری	۵	○	یوم یکجہتی کشمیر
	۵		یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ
	۱۸		لیلۃ الرغائب
مارچ	۱۲		معراج النبی ﷺ
	۲۳	○	یوم پاکستان
	۲۸		میلہ شالامار باغ - لاہور
	۲۹		شب برأت
اپریل	۱		عرس شہباز قلندر - سہون
	۲		گڈ فرائی ڈے
	۴		ایسٹر سنڈے
	۱۳		سمت بکرمی ۲۰۷۷ شروع
	۱۴		روزے شروع
	۳۰	○	یوم حضرت علیؓ
مئی	یکم		یوم مئی
	۷		جمعۃ الوداع
	۱۰		لیلۃ القدر
	۱۴	○	عیدالفطر
جولائی	۲۰	○	یوم الحج
	۲۱	○	عیدالاضحیٰ
	۲۹		یوم حضرت عثمان غنیؓ
اگست	۵		یوم حضرت عمر فاروقؓ
	۱۰		سال نو ۱۴۴۳ ہجری شروع
	۱۴	○	یوم آزادی
	۱۸	○	نویں محرم
	۱۹	○	عاشورہ
ستمبر	۶		یوم دفاع
	۱۱		وفات قائداعظم
	۲۰		عرس عبداللطیف بھٹائیؒ
	۲۶		عرس داتا صاحبؒ - لاہور
	۲۷		چہلم حسینی
اکتوبر	۶		آخری چہار شنبہ
	۱۶		شہادت لیاقت علی خان
	۱۹	○	عید میلادالنبیؐ
	۲۴		عرس شاہ محمد غوثؒ - لاہور
نومبر	۹		یوم پیدائش علامہ اقبال
	۹		عرس شاہ جمالؒ - لاہور
	۱۰		عرس مادھولال حسینؒ - لاہور
	۱۷		ختم گیارہویں شریف
دسمبر	۲۵	○	پیدائش قائداعظمؒ
	۲۵	○	کرسمس
	۳۱		بینک ہالیڈے

○ گول نشان پر ڈاکخانہ بند رہے گا - یوم اقبال پر سرکاری دفاتر میں تعطیل ہوگی - بینک کی تعطیل صرف بینکوں کے لئے ہوگی -

فرقہ وارانہ تعطیلات میں ہندوؤں کی ہولی، دسہرہ، دیوالی اور عیسائیوں کو گڈ فرائی ڈے، ایسٹر سنڈے اور کرسمس کی تعطیل ہوگی - دونوں عیدوں پر تین دن تعطیل ہوگی -

اسکولوں کی سالانہ تعطیلات جولائی اور اگست دو ماہ کی ہوتی ہیں - جن کی تاریخیں حکومت مقرر کرتی ہیں -

سول کورٹ کی تعطیلات ماہ جون میں ہوتی ہیں اور ہائی کورٹ جون اور جولائی میں بند رہتا ہے - اس کے علاوہ دسمبر کے آخری عشرے کی بھی تعطیلات ہوتی ہیں - عدالت کی تعطیلات چیف جسٹس مقرر کرتے ہیں -

استخراج طالع

مسلمانوں میں ہندوؤں کی طرح علم نجوم کے ماتحت نام نہیں رکھے جاتے ہیں۔اس لئے انکے نام اور تاریخ پیدائش کے بروج میں فرق پڑتا ہے۔معتبر طریقہ تاریخ پیدائش سے برج معلوم کرنے کا ہے۔اگر یہ معلوم نہ ہوتو نام کے سرِ حرف سے بروج معلوم کیا جاتا ہے۔کیونکہ بعض حروف بعض بروج کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں۔

مسلمانوں کے حروف تہجی اور ہندوؤں کے حروف تہجی میں فرق ہے۔اس لئے وہ نقشہ جو اس معلوم کرنے کا اہلِ ہند کا ہے۔مسلمانوں کو کام نہ دے گا۔مثلاً ف کو وہ پھ لکھتے ہیں۔مسلمانوں میں اعراب سے حروف کی آوازیں ہیں لیکن ہندوؤں میں اعراب نہیں۔ بلکہ اعراب کی جگہ مستقل حروف ہیں۔مثلاً مسلمانوں میں صرف ا ہے لیکن ہندوؤں میں الف کی متعدد آوازیں ہیں۔زبر کا الف برج حمل سے متعلق ہے اور زیر کا الف یعنی ای برج ثور سے متعلق ہے۔بعض مسلمان بھی جن کا نام (ا) سے شروع ہوتا ہے مثلاً ابراہیم۔وہ ثور برج سمجھتے ہیں۔جو غلط ہے۔زیر زبر سے کوئی تعلق نہیں۔لہٰذا حسبِ قول علمائے عرب وفارس حروف کی تقسیم حسبِ ذیل ہے۔آپ اپنے نام کے سرحرف سے برج ستارہ معلوم کریں اور اس سے کام لیں۔(بشرطیکہ تاریخ پیدائش یاد نہ ہو)

حرف	برج	ستارہ	حرف	برج	ستارہ
ا۔ ل۔ع۔ی	حمل	مریخ	ر۔ت۔ط	میزان	زہرہ
ب۔واؤ	ثور	زہرہ	ظ۔ذ۔ض۔ز۔ن	عقرب	مریخ
ق۔ک	جوزا	عطارد	ف	قوس	مشتری
ح ۔ ہ	سرطان	قمر	ج ۔ خ ۔گ	جدی	زحل
م	اسد	شمس	س ۔ش ۔ص ۔ث	دلو	زحل، یورنس
پ ۔ غ	سنبلہ	عطارد	د ۔ چ	حوت	مشتری نپ چون

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش اور ماہ معلوم ہے تو اپنا متعلقہ برج اور ستارہ آنے والی جدول سے دیکھیں۔ دراصل یہی آپ کا **شمسی طالع** ہے۔

سورج ایک ماہ تک ایک برج میں قیام کرتا ہے۔جو شخص سورج کے جس برج کے قیام کے عرصے میں پیدا ہوگا۔وہ اس کا شمسی طالع ہوگا۔ذیل میں جو تاریخیں دی جاتی ہیں وہ قریباً ہر سال ایسے ہی رہتی ہیں اور وہ لوگ جو اس وقت پیدا ہوئے ہوں جبکہ سورج ایک برج سے دوسرے برج میں تحویل ہو رہا ہوتو اس کو "تحویلی طالع" کہتے ہیں۔یہ شخص دونوں برج کی خاصیت کا مالک ہوگا اور حالات کے لحاظ سے دونوں برج اثر انداز ہوں گے۔

اس تقویم میں ہر برج کے سالانہ حالات اور دیگر تفصیلات طالع شمسی کو مدِنظر رکھ کر لکھے گئے ہیں۔اس لئے سب سے پہلے اپنا طالع معلوم کریں۔پھر تقویم سے آپ بخوبی کام لے سکیں گے۔

جدول طالع شمسی

تاریخ	برج	ستارہ
۲۱/مارچ تا ۲۰/اپریل	حمل	مریخ
۲۱/اپریل تا ۲۱/مئی	ثور	زہرہ
۲۲/مئی تا ۲۱/جون	جوزا	عطارد
۲۲/جون تا ۲۳/جولائی	سرطان	قمر
۲۴/جولائی تا ۲۳/اگست	اسد	شمس
۲۴/اگست تا ۲۳/ستمبر	سنبلہ	عطارد
۲۴/ستمبر تا ۲۳/اکتوبر	میزان	زہرہ
۲۴/اکتوبر تا ۲۲/نومبر	عقرب	مریخ
۲۳/نومبر تا ۲۲/دسمبر	قوس	مشتری
۲۳/دسمبر تا ۲۰/جنوری	جدی	زحل
۲۱/جنوری تا ۱۹/فروری	دلو	زحل
۲۰/فروری تا ۲۱/مارچ	حوت	مشتری

پیدائشی طالع ہر شخص کے طالع شمس کے علاوہ اس کا ایک پیدائشی وقت کا طالع بھی ہوتا ہے۔جسے ''طالع پیدائش'' کہتے ہیں۔کسی شخص کی پیدائش کے وقت جو برج افقِ شرقی پر طلوع کرتا ہے وہی ''برج طالع'' کہلاتا ہے۔زائچہ پیدائش اسی کے لحاظ سے بنتا ہے۔قدرت نے انسان کی قسمت اور زندگی کے حسابات اسی طالع سے مقرر کئے ہوئے ہیں۔اس طالع سے زندگی کا تفصیلی زائچہ بنتا ہے۔اس طالع کو معلوم کرنے کیلئے تسویۃ البیوت کی جدولیں ہیں۔

وہ لوگ جن کا زائچہ موجود ہے اور وہ لوگ جو طالع پیدائش معلوم کر سکتے ہیں۔اُن کو اپنے اس طالع سے حالات جاننا اور نجوم سے کام لینا بہت انسب ہے۔طالع شمسی اور طالع پیدائش دونوں کے اثرات انسان پر وارد ہوتے ہیں اس لئے دونوں طالعوں کا جائزہ لینا چاہئے کہ دونوں طالع میں سے کس کے حالات اور منسوبات آپ پر وارد ہوتے ہیں بس اسی کو مدنظر رکھ کر تقویم سے کام لیں۔

بچے کا نام رکھنا جب کوئی بچہ پیدا ہو تو اس کا طالع وقت نکالیں۔اور اسکے برج کے جو متعلقہ حروف ہیں ان میں سے ایک حرف سرنام کا لیکر ایسا نام انتخاب کریں جسکے مجموعہ کا مفرد عدد پیدائش کی تاریخ ماہ اور سن کے مفرد عدد کے مطابق ہو۔اگر دفتر سے نام مولود کا نکلوانا چاہیں تو ۲۵۰۰ روپے فیس ہمراہ روانہ کریں۔

زندگی کے طویل راستے پر مقدر کے عظیم ہاتھ کی گرفت
آئندہ سال کیا کرنے والی ہے؟ ایک علمی امداد
۲۰۲۱ء
یہ سال کیسا گزرے گا؟
• مالی حالات • کاروبار • ملازمت
• ترقی • کامیابی • آمدن
• عزت و وقار • صحت • دوست
• گھریلو حالات وغیرہ کے متعلق
ہر شخص کے تفصیلی حالات دیئے گئے ہیں

جن کے نام کا حرفِ اوّل ا - ل - ع - ی - ہے

اس سال کیریئر اور گھریلو معاملات زندگی کے دو ایسے شعبے ہوں گے۔ جن میں اہم اور موافق حالات سے واسطہ پڑے گا۔ بعض میں اہم مقاصد کے لحاظ سے وسعت اور بہتری کا سامنا ہوگا۔ زحل پچھلے سال سے برج دلو میں آ چکا ہے۔ ڈھائی سال تک اس کے اثرات کا سامنا رہے گا۔ پچھلے سالوں میں آپ کی جو تربیت ہو رہی تھی وہ اب کام دے گی۔ اب اظہار خیال کا موقع زیادہ ملے گا اور اپنی باطنی تخلیقی قوتوں کو زیادہ مفید انداز میں استعمال کر سکیں گے۔

ستارہ زحل اس سال امیدوں، دوستی اور خواہشات کے گھر میں رہے گا۔ اکثر لوگوں نے پچھلے سال سے رتبے، عہدے اور عزت میں ترقی اور جاہ طلبی کی خواہش رکھی ہوگی ان میں سے اکثر کو کامیابی ہوئی ہوگی۔ اور بعض کو یہ کامیابی بعد میں ملے گی۔ ۲۴ جنوری کو شمس زحل سے قران کرے گا۔ اس کی وجہ سے کسی دوست سے ناچاقی ہوگی وجہ اس کی مالی یا کاروباری غلطی کا ارتکاب ہوگا۔ جس کے باعث تباہی و بربادی آ سکتی ہے۔ چنانچہ اس کے اثرات سے بچنے کے لئے چند باتوں کو ذہن میں رکھیں کہ اچھی نصیحت یا ہدایت پر یا کسی نوکر یا ملازم کی ایمانداری اور دیانتداری پر بہت زیادہ اعتماد نہ کریں۔ نہ ہی اس عرصہ میں جائیداد کی خرید و فروخت کریں اور نہ ہی دوست پر اندھا اعتماد کریں۔

زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ زحل کی استقامت کے بعد خوش آئند تبدیلی آئے گی۔ جو لوگ محنت اور ذمہ داری اور ثابت قدم رہے ان کو زحل پھل دینا شروع کرے گا۔ وہ دوست جن سے کئی سالوں سے نہیں ملے تھے۔ دوبارہ زندگی میں آئیں گے بعض سابقہ محبوب سے ملیں گے۔ بعض کا واسطہ ایسے فرد کے رومان سے شروع ہوگا جو عمر میں بڑا ہوگا اور یہ شاید ساتھ کام کرنے کی وجہ سے واقفیت ہوگی۔ یا یوں سمجھیں کہ ماضی کے افراد مستقبل کے حالات واقعات میں اہم کردار ادا کریں گے۔ ۱۰، ۱۳، ۲۴ جنوری، ۶ فروری، ۲۵ اپریل، ۳ مئی، ۱۵ جون، یکم، ۷ جولائی، ۲ اگست، ۷، ۱۷ ستمبر کو زحل نحس نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں آپ کی امیدیں اور خواہشات کو بری نظر لگ جائے گی۔

مالی معاملات کے لحاظ سے سال کا آغاز بھاری اخراجات لائے گا۔ روپے کی وصولی میں بھی التواء کا سامنا ہوگا۔ ۲۱ جنوری کو مریخ یورنس کا قران اور ۲۶ جنوری کو شمس یورنس کی تربیع ہوگی۔ مشتری سارا سال گیارہویں گھر میں رہے گا۔ ۱۵ اپریل کو شمس مشتری کی تسدیس اور ۱۷ اپریل کو مریخ مشتری تثلیث کی سعد نظر بنائے گا اور سوشل تعلقات کی اعلیٰ قدریں قائم کرے گا۔ دوست اور حلقہ کے لوگ مدد کریں گے۔ کام اور امیدوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ دل مذہب، مذہبی انجمنوں اور خدمت خلق کے کاموں کی طرف رجوع کرے گا۔ سوشل تعلقات اور سوشل کاموں میں مالی مفاد حاصل ہوگا۔ یہ سال سوشل تعلقات اور اقتصادیات کے درمیان ایک پل تعمیر کرنے کا ہے۔ اگر اس میں کامیاب ہوئے تو روپیہ بہت ملے گا۔ جون تا اکتوبر تک ضرورت سے زیادہ خواہشات کو کنٹرول کریں اور اپنے اخراجات کا بھی خیال رکھیں اور طویل المدت کی سرمایہ کاری کے لیے ۱۱ جنوری، ۱۱ فروری، ۵ مارچ، ۱۰، ۱۵، ۱۷ اپریل، ۴، ۲۳ جون، ۱۳ جولائی، ۶، ۲۱ ستمبر، ۱۵، ۱۹، ۲۹ اکتوبر، یکم نومبر، ۱۲، ۲۰ دسمبر موافق تاریخیں ہوں گی۔

سعد ستارہ مشتری ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ تو ۲۰ جون کو رجعت ہوگی اور ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور ۱۸ اکتوبر کو مستقیم ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ اس کا مطلب یہ

ہے کہ پس پردہ رونما ہونے والے حالات آپ کی دلچسپیوں کی موافقت میں ہوں گے اور باطنی اطمینان وسکون کا احساس پیدا کریں گے۔ مشتری دوستی کے معاملات سے متعلقہ گھر سے نکل جانے کے بعد درپردہ خفیہ معاملات، صحت اور فلاحی سرگرمیوں میں اہم نوعیت کی تبدیلیاں آئیں گی۔ قانونی معاملات پر توجہ دیں۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ ۱۲ جنوری کو عطارد یورنس کی تربیع ہوگی۔ اس وقت دوست آپ کی امیدوں پر پورے نہ اتریں گے۔ نقصان دیں گے۔ ان میں منافقت پائی جائے گی۔ ۳۱ جنوری کو عطارد رجعت کر جائے گا اور ۲۲ فروری کو مستقیم ہوگا۔ اس وقت لوگ آپ کے متعلق اچھی رائے قائم نہ کریں گے۔ افواہیں پھیلا کر اور لوگوں سے غلط انداز میں باتیں کر کے شخصیت کو خراب کرنے کی کوشش ہوگی۔ اپنے اندر قوت برداشت رکھنی ہوگی۔ ہوائی قلعے بنانے سے پرہیز کریں۔

عطارد ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ اس وقت تحریری کام، تعلیمی امور، رابطے اور سفری معاملات کو بڑی آہستگی سے آگے بڑھانا بہتر رہے گا۔ ورنہ بعد میں وہی کام دوبارہ کرنا پڑے گا۔ عطارد ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک اسے رجعت رہے گی۔ گھر اور والدین سے متعلق معاملات التواء کا شکار ہوں گے۔ جون کے آخر سے اپنے مقاصد کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ گزشتہ سال اگر بعض مقاصد کے حصول میں بنیادی رکاوٹ مالی حالت رہی ہے تو جون میں رونما ہونے والے حالات سے بہتری کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ عطارد ۱۱ اگست سے ۳۰ اگست تک زائچے کے چھٹے گھر میں باقوت رہے گا۔ عطارد ۱۳ جولائی کو مشتری سے تثلیث، ۲۰ کو یورنس سے تسدیس، ۲۴ کو نپچون سے تثلیث کی سعد نظر قائم کرے گا جو مزید مددآور ثابت ہوگی۔ لہٰذا مقاصد کے حصول کے لئے حالات سازگار ہو جائیں گے۔ جس کی وجہ سے مالی وکاروباری سرگرمیوں کی بنیاد زیادہ مضبوط ہو جائے گی۔ عطارد طالع کے مقابل ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک رہے گا اس دوران ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔

عطارد ۲۰ اگست کو یورنس سے اور ۵ ستمبر کو زحل سے موافق نظر قائم کرے گا۔ ان دنوں اگر رشتہ داروں، شریک زندگی اور شراکت داروں سے اختلاف رائے سے واسطہ پڑے تو بے حد ٹھنڈے دماغ سے کام لیں۔ یہ وقت ملاقاتیں، رابطے اور سوشل سرگرمیاں لائے گا۔ جو معلومات حاصل ہوں ان پر اچھی طرح غور کریں۔ عطارد ۲۵ نومبر سے ۱۳ دسمبر تک نویں گھر میں رہے گا۔ قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ عطارد ۲۱، ۲۹ نومبر کو غیر موافق نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں دھوکہ وفریب کا اندیشہ ہے۔ قانونی معاملات سے عزت ووقار متاثر ہوگا۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ ان دنوں سرمایہ کاری، کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کر کے مسائل سے بچ سکیں گے۔ مالی معاملات میں ان دنوں محتاط رہیں۔

زہرہ ۲ تا ۲۵ فروری تک گیارہویں گھر میں رہے گا تو ۶ فروری کو زہرہ زحل کا قران، ۷ فروری کو زہرہ یورنس کی تربیع، ۱۱ فروری کو زہرہ مشتری کا قران، ۲۰ فروری کو زہرہ مریخ کی تربیع ہوگی۔ دوستوں کے ذریعے محبت کے معاملات میں سخت کشیدگی پائی جائے گی۔ اہم تعلق کسی کی غلط بیانی کی وجہ سے ٹوٹ جائے گا۔ یا پھر کسی مشترکہ منصوبے میں اہم پیش رفت میں مشکلات آئیں گی۔ کامیابی کے لیے انتظار کرنا پڑے گا۔

ستارہ زہرہ ۲۶ فروری کو بارہویں گھر میں آ جائے گا۔ یہ محبت کے معاملات میں دھوکہ دے گا۔ وہ لوگ جو سب سے زیادہ ہمدردی کریں گے وہ حاسدی لوگ آپ کی رشتہ داری اور تعلق کو خراب کریں گے۔ لوگ فوری دشمنی پر اتر آئیں گے۔ اس لیے ساری باتیں معلوم ہونے کے باوجود خاموشی اختیار کریں۔

زہرہ ۲۲ مارچ تا ۱۴ اپریل تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ کرے گا۔ ۳۰ مارچ کو خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس دن زہرہ نپچون سے قران کی نظر قائم کرے گا۔ زہرہ ۱۵ اپریل کو خانہ مال میں داخل ہو جائے گا۔ جہاں یہ ۹ مئی تک رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو اپریل کے آخری ہفتے مثبت اور فوری نتائج لائیں گے۔ ۲۳ اپریل کو زہرہ یورنس کا قران کی نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ اس تاریخ کو یا اس کے قریب قریب مالی فائدے، معاہدے اور اہم تعلقات کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زہرہ ۴ جون کو چوتھے گھر میں مشتری سے تثلیث بنائے گا۔ جس

سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے- انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہیے-
وسط جون سے زندگی کا نیا آغاز کریں گے- اس وقت اگر پرانے تعلقات کو از سر نو تازہ کیا تو بہت موافق نتائج سامنے آئیں گے- وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی ہے یا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے ۱۳ جولائی خوش قسمت ثابت ہوگی- تاخیر کے عنصر کا خاتمہ ہوجائے گا اور معاملات آگے بڑھنے لگیں گے- یہ وقت مادی اور مالی معاملات میں بھی بہتری لائے گا اور مستقبل سے متعلق اپنے آپ کو زیادہ پراعتماد محسوس کرنے لگیں گے- محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۹، ۲۴، ۱۴ جنوری، ۱۳ فروری، ۳، ۱۸، ۲۶، ۳۰ مارچ، ۶، ۱۰ اپریل، ۳، ۶، ۲۰، ۲۹ مئی، ۴، ۱۳، ۲۱ جون، ۳، ۱۲، ۲۳ اگست، ۶، ۲۹ ستمبر، ۲، ۱۴، ۱۷، ۲۹ اکتوبر، ۱۹ نومبر، یکم دسمبر خاص طور پر موافق تاریخیں ہوں گی-

زہرہ ۲۳ اگست کو زحل سے سعد نظر قائم کرے گا- چنانچہ وسط اگست اکثر حملی افراد کے لئے محبت سے متعلقہ خواہشات اور امیدوں کی تکمیل لائے گا- غیر شادی شدہ حملی افراد جس شخص سے شادی کے خواہاں ہیں- ان کے لئے رونما ہونے والے حالات خوش کن ثابت ہوں گے- زہرہ ۱۷ اگست سے ۱۰ ستمبر تک ساتویں گھر میں رہیگا- جس سے غیر شادی شدہ افراد کے لئے ایک نئے تعلق کے آغاز کی نشاندہی ہو رہی ہے- ۶ ستمبر کو زہرہ مشتری کے ساتھ سعد نظر قائم کرے گا- جس کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف یہ کہ کسی مثالی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا بلکہ یہ تعلق وقت کی آزمائش پر پورا اترے گا- شادی شدہ افراد کے تعلقات میں مزید مضبوطی پیدا ہوگی-

زہرہ ۱۸ اکتوبر سے ۵ نومبر تک نویں گھر میں رہے گا- اس دوران زہرہ نپ چون سے تربیع بنائے گا- لہذا اپنے اثاثے، شیئرز، بانڈز کی حفاظت کریں- چوری یا چھن جانے کا امکان ہے یا کوئی شخص کسی وعدے کی بنا پر لے جائے گا جس کی واپسی نہیں ہوگی- شادی یا بندھن کی کوئی بھی کوشش نقصان دے گی- سال کے آخر میں زہرہ ۱۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا-

مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک مالی معاملات، لین دین اور جائیداد سے متعلقہ گھر میں رہے گا- ۲۳ جنوری کو مشتری سے تربیع بنائے گا- جس سے ضرورت سے زیادہ خوش امیدی اور فضول خرچی کے ذریعے جائیداد اور املاک کے نقصان کی نشاندہی ہو رہی ہے- ذاتی اور مشترکہ مالی وسائل پر اس وقت خاصا دباؤ پڑے گا- اس وقت جلد بازی سے پرہیز کریں- فوری امیر بنانے والی اسکیموں سے الگ تھلگ رہیں اور سرمایہ کاری ایک خاص حد کے اندر رہ کر کریں تو مسائل سے بچ سکیں گے-

۱۷ اپریل کو مریخ مشتری سے تثلیث بنائے گا- جس سے نیا بزنس ملے گا- یہ ماہ کاروباری دوڑ دھوپ کیلئے بہت مناسب ہے- حالانکہ اس وقت آپ کی خوش امیدی اور جوش وخروش عروج پر ہوگی- مگر یہ خیال رہے کہ اس وقت جو مقاصد بھی حاصل کرنا چاہ رہے ہیں- انہیں عملی نوعیت کا ہونا چاہیئے یعنی حقیقت پسندی سے کام لیں اور اگر بڑا خرچہ کرنا پڑ جائے تو محتاط ہو جائیں-

۱۲ مئی کو مریخ یورنس سے تسدیس بنائے گا تو عہدہ میں تبدیلی یا ترقی ہوگی، یا کوئی انعامی بانڈز سے یا بچوں کو کوئی مقام ملنے سے خوشی ملے گی- اس وقت اپنی خواہشات کو قابو میں رکھیں- یکم جولائی کو مریخ زحل کا مقابلہ ہے- جس سے دوستوں سے اختلاف کا اندیشہ ہے- نیز اس وقت اُمید پوری ہونے کا امکان نہیں-

مریخ تخلیقی دلچسپیوں سے متعلقہ گھر میں ۱۲ جون کو داخل ہوگا- جس کی وجہ سے تخلیقی سرگرمیوں پر دباؤ پڑے گا- آپ کے جوش وخروش اور جذبے میں اضافہ کرے گا- شخصیت کو پرکشش بنائے گا- جس کی وجہ سے سوشل زندگی اور مقبولیت میں اضافہ ہوگا وہ افراد جو فنون لطیفہ، کھیلوں یا تفریح کی دنیا میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں- ان کے لئے یہ وقت کامیابی لائے گا- اس گھر میں قیام کے دوران اچانک کسی سے روپیہ ملے گا یا پھر کوئی انعام نکلے گا- کچھ الگ راستے اپنا کر حصول مال کے لیے کسی بھی اسکیم میں شامل ہو کر فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے- ضروری ہے کہ چھوٹی رقم لگائی جائے- ۱۴، ۲۵ فروری، ۲۲ مارچ، ۱۷ اپریل، ۱۲، ۳۱ مئی، ۲۲ اگست، ۶، ۲۶ ستمبر، ۱۹ اکتوبر، ۲۹ نومبر، ۶، ۳۰ دسمبر کو مریخ سعد نظرات بنائے گا-

مریخ ۳۱ اکتوبر سے ۱۳ دسمبر تک زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود ہوگا- امور جائیداد، وراثت اور مالی معاملات کے لحاظ سے ستمبر احتیاط کا متقاضی ہوگا- ۲۲ اکتوبر کو مریخ پلوٹو کی تربیع، ۱۱ نومبر کر مریخ زحل تربیع، ۱۷ نومبر کو مریخ یورنس کا مقابلہ ہو گا امکان ہے کہ کسی قانونی یا آفیشل معاملے کی وجہ سے پیچیدگیوں سے واسطہ پڑے گا- لہذا صبر وتحمل سے کام لینے کی ضرورت ہوگی-

جن کے نام کا حرفِ اوّل ب یا و ہے

آپ کا حاکم ستارہ زہرہ سال کے آغاز کے ساتھ ہی نویں گھر میں موجود ہوگا اور ۲ فروری کو وتد السماء پر موجود ہوگا' جہاں یہ کیریئر اور جاہ طلبی اور ترقی کے معاملات میں تیزی پیدا کرے گا۔ ۲۶ فروری سے ۲۱ مارچ تک دوستی اور محبت کے معاملات پر خوشگوار اثر ڈالے گا۔

پھر ۱۱ فروری کی زہر مشتری کا قران کسی مشترکہ منصوبے میں اہم پیش رفت کامیابی سے ہم کنار کرے گا۔ زہرہ ۲۶ فروری کو گیارہویں گھر میں آئے گا تو ۲۰ فروری کو مریخ سے تربیع بنائے گا۔ دوستوں کے ذریعے محبت کے معاملات میں سخت کشیدگی پائی جائے گی' کوئی بڑا جھگڑا ہوسکتا ہے۔ اہم تعلق کسی کی غلط بیانی کی وجہ سے ٹوٹ جائے گا۔

زہرہ ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ کرے گا۔ ۶ اپریل کو خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس دن زہرہ مریخ سے تسدیس کی نظر قائم کرے گا۔ زہرہ ۱۰ مئی کو خانہ مال میں داخل ہوجائے گا۔ جہاں یہ ۲ جون تک رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو مئی کے آخری دو ہفتے مثبت اور فوری نتائج لائیں گے۔ ۲۰ مئی کو زہرہ زحل سے سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ اس تاریخ کو یا اس کے قریب قریب مالی فائدے' معاہدے اور اہم تعلقات کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زہرہ ۴ جون کو تیسرے گھر میں مشتری سے تثلیث بنائے گا۔ جس سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جن افراد کی سالگرہ اس تاریخ کے آس پاس ہے۔ انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۹' ۱۴' ۲۴ جنوری' ۱۳ فروری' ۳' ۱۸' ۲۶' ۳۰ مارچ' ۶' ۱۰ اپریل' ۳' ۶' ۲۰' ۲۹ مئی' ۴' ۱۳' ۲۱ جون' ۳' ۱۲' ۲۳ اگست' ۶' ۲۹ ستمبر' ۲' ۱۴' ۱۷' ۲۹ اکتوبر' ۱۹ نومبر' یکم دسمبر خاص طور پر موافق تاریخیں ہوں گی۔

زہرہ ۲۸ جون سے ۲۲ جولائی کے درمیان ذاتی قریبی تعلقات ناموافق رہیں گے۔ لہٰذا اس وقت قائم ہونے والے تعلقات شدید جذباتی نوعیت کے ہوں گے۔ مگر ضروری ہوگا کہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کیا جائے۔ ۷' ۹' ۱۳' ۲۲ جولائی کو زہرہ محبت سے متعلقہ گھر میں ناموافق نظرات بنائے گا جس سے شراکتی و دوستی کے معاملات متاثر ہو سکتے ہیں۔ ۲۳ جولائی سے ۱۶ اگست تک منگنی یا شادی کرنے یا اس مقصد کے لیے یقینی منصوبہ بندی کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہوگی۔ ۲۳ اگست کو زہرہ زحل کی تثلیث محبت کے معاملات میں جذباتیت اور شدت پیدا کرے گی۔ اس وقت کسی ایسی شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے جو زندگی کو تبدیل کر دے گا۔ دراصل قسمت اس وقت پراسرار انداز میں کام کرے گی۔ لہٰذا اگر ذاتی قریبی تعلقات کو بگاڑنا نہیں چاہتے تو محتاط رہنا ہوگا۔

زہرہ ۱۱ ستمبر سے ۱۷ اکتوبر تک طالع کے مقابل گھر میں رہے گا۔ اس دوران زہرہ ۱۷ ستمبر کو زحل سے تربیع' ۲۳ ستمبر کو یورنس سے مقابلہ اور یکم اکتوبر کو مشتری سے تربیع کی نظر بنائے گا۔ گھر میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ اپنے ہی لوگ گھر برباد

کرنے کی کوشش کریں گے۔ کھلی دشمنی کا اظہار کیا جائے گا۔ شراکت دار دھوکہ دے گا۔ اس دوران اپنے اثاثے، شیئرز، بانڈز کی حفاظت کریں۔ چوری یا چھن جانے کا امکان ہے یا کوئی شخص کسی وعدے کی بنا پر لے جائے گا جس کی واپسی نہیں ہو گی۔

زحل شروع سال سے وتد السماء پر ڈھائی سال تک رہے گا۔ اس دوران زندگی کے عملی معاملات پر بے انتہا قوت اور توجہ صرف کی ہوگی۔ دراصل کیریئر کے معاملات ہی بنیادی توجہ کا مرکز رہے ہوں گے۔ جس کی وجہ سے بعض اوقات بے پناہ دباؤ کے تحت کام بھی کر رہے ہوں گے۔ لیکن اب مستقبل قریب میں کوششوں کا اجر ملنے کی توقع رکھیں۔ زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت کی حالت میں ہوگا۔ مستقیم ہونے کے بعد اس تاریخ کے قریب رونما ہونے والے حالات کے نتیجے میں موجودہ مقاصد کے لحاظ سے بے حد مصروفیت سے واسطہ پڑے گا۔ زحل کی وتد السماء پر موجودگی کی وجہ سے اس وقت از سر نو ترتیب کی ضرورت ہوگی۔ مقصد کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں سوچ اور ارادوں میں بہت شدت آ جائے گی۔ اس تمام سرگرمی کے نتیجے میں مالی حالت میں بہتری آئے گی اور مالی لحاظ سے زائد استحکام کا احساس پیدا ہوگا۔ زحل ۱۰، ۱۳، ۲۴ جنوری، ۶ فروری، ۲۵ اپریل، ۳ مئی، ۱۵ جون، یکم، ۷ جولائی، ۲ اگست، ۷ ستمبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک طالع میں رہے گا ۹ جنوری کو زہرہ سے تثلیث بنے گی جس سے نئے تعلقات بنیں گے۔ ۲۰ فروری کو زہرہ مریخ کی تربیع ہوگی جس سے دوستیاں ختم ہو جائیں گی خواہشات دم توڑ دیں گی۔

مریخ ۵ مارچ سے ۲۳ اپریل تک خانہ مال میں رہے گا۔ ۲۴ مارچ کو مریخ عطارد کی تربیع ہوگی۔ یہ وقت سرمایہ کاری، شریک کار، شراکت داری اور وراثت سے متعلقہ معاملات میں سخت دشمنی پیدا ہو جائے گی۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لحاظ سے اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب نہ ہوں گی۔ کاروباری منصوبوں یا تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے آگے بڑھنے کے زائد مواقع ضائع ہو جائیں گے۔

مریخ چوتھے گھر میں ۱۲ جون سے ۲۹ جولائی تک رہے گا۔ مریخ یکم جولائی کو زحل سے مقابلہ بنائے گا۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ والدین اور گھر سے متعلقہ کاموں سے متعلق آپ ضرورت سے زیادہ پریشان ہوں گے۔ لیکن یہ بات ذہن میں رکھیں کہ سارے کام بیک وقت نہیں کئے جا سکتے۔ دوستوں کے ساتھ معاملات میں دھوکہ اور فریب آئیں گے۔ اور حسد و دشمنی کی بنا پر آپ ترقی اور اہم پوزیشن کو حاصل نہ کر سکیں گے۔ مگر یہ ذہن میں رہے کہ اس وقت قسمت بنانا خود آپ کے اپنے ہاتھ میں ہوگا۔

مریخ ۳۰ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ اس گھر میں موجودگی کے دوران مریخ طالع کی موافقت میں ہوگا۔ چنانچہ آپ کے جوش وخروش اور جذبے میں اضافہ کرے گا۔ شخصیت کو پرکشش بنائے گا۔ جس کی وجہ سے سوشل زندگی اور مقبولیت میں اضافہ ہوگا وہ تھوڑی افراد جو فنون لطیفہ، کھیلوں یا تفریح کی دنیا میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ۱۹ اگست کو مریخ عطارد کا قران، ۲۲ اگست کو مریخ یورنس کی تثلیث، ۶ ستمبر کو مریخ پلوٹو کی تثلیث میں ان کے لئے یہ وقت کامیابی لائے گا۔ اس گھر میں قیام کے دوران اچانک کسی سے روپیہ ملے گا یا پھر کوئی انعام نکلے گا۔ کچھ الگ راستے اپنا کر حصول مال کے لیے کسی بھی اسکیم میں شامل ہو کر فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ ضروری ہے کہ چھوٹی رقم لگائی جائے۔

مریخ طالع کے مقابل ۳۱ اکتوبر سے ۱۳ دسمبر تک رہے گا۔ ۱۱ نومبر کو مریخ زحل سے تربیع بنائے گا۔ رشتہ داری کے معاملات لڑائی جھگڑے سے آگے نکل جائیں گے۔ قریبی لوگ آپ کی دی ہوئی رقم واپس نہیں کریں گے۔

سعد ستارہ مشتری سارا سال وتد السماء پر رہے گا۔ چنانچہ کیریئر، کاروبار یا پیشہ وارانہ قابلیت کا حصول یا جو بھی مقصد ہے اس کے حصول میں کامیابی کی توقع رکھیں ہر لحاظ سے قسمت ساتھ دے گی۔ مالی حالات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ مشتری ۱۱ جنوری کو عطارد سے اور ۲۹ جنوری کو شمس کے ساتھ قران کر رہا ہے۔ یہ نظرات روزگار اور پیشہ وارانہ سرگرمیوں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے خوش بختی عطا کرے گا۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ قسمت لازمی طور پر ان کا ساتھ دے گی۔ مشتری ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ سعد ستارہ مشتری ۱۴ مئی کو برج

حوت میں داخل ہوگا۔ تو ۲۰ جون کو رجعت ہوگی اور ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔

مشتری ۲۳ جنوری کو اور ۸ دسمبر کو مریخ سے تربیع بنائے گا۔ یہ وقت ایسے مالی مسائل لائے گا۔ جن کی طرف فوری توجہ دینی پڑے گی۔ مالی معاملات کے لحاظ سے اس وقت زیادہ مطمئن نہ ہو جائیں اور اگر کاروباری منصوبے کو کسی نوعیت کی ازسرنو ترتیب کی ضرورت ہو تو اس وقت بے صبری بھی اختیار نہ کریں۔ اس وقت مختصر راستہ اختیار کرنے کی شدید خواہش پیدا ہوگی۔ جو طویل مدت میں نقصان دہ ثابت ہوگی' لہذا جلد بازی ہرگز نہ کریں۔ مشترکہ مالی معاملات کے لحاظ سے خاص طور پر موافق ثابت ہونگے۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے مشتری ۱۱ جنوری' ۱۱ فروری' ۵ مارچ' ۱۰' ۱۵' ۱۷ اپریل' ۴' ۲۳ جون' ۱۳ جولائی' ۶' ۲۱ ستمبر' ۱۵' ۱۹' ۲۹ اکتوبر' یکم نومبر' ۱۲' ۲۰ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

سفر کے معاملات کے لحاظ سے ۲۲ مارچ' ۱۷ اپریل' ۱۳ جولائی' ۲۱ ستمبر' ۱۲ دسمبر اہمیت کی حامل ہوگی۔ اس دن عطارد مشتری سے سعد نظر قائم کرے گا۔ جس سے خوش کن خبریں ملنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اس وقت کسی سفر یا ملاقات کے ذریعے خوش بختی سے واسطہ پڑے گا۔ نیز جن لوگوں سے ملاقات ہوگی وہ آپ کی زندگی اور سوچ کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ عطارد کو ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت رہے گی۔ سفر کے لحاظ سے یہ اوقات غیر موافق ہوں گے۔ ان دنوں تاخیر التواء اور پیچیدگیوں سے واسطہ پڑے گا۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد دوستوں کے ہاں آنا جانا رہے گا اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔ سفر کے لحاظ سے مارچ کا مہینہ بہت خوش قسمت رہے گا۔ عطارد یکم جنوری' ۲۲ مارچ' ۲' ۱۰' ۱۷' ۱۸' ۱۹' ۲۶' ۳۰ اپریل' ۲' ۱۲ مئی' ۱۳' ۲۰' ۲۴ جولائی' ۲۰' ۲۶ اگست' ۵' ۲۱ ستمبر' یکم' ۶' ۱۸' ۳۰ نومبر' ۱۲' ۲۱' ۲۷ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

عطارد ۱۲ تا ۳۰ اگست تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ اندیشہ ہے کہ اس وقت آپ کے غلط انداز ے آپ کی نیک نیتی سے کی گئی کوششوں کو نقصان پہنچائیں گے یا غلط فہمیوں کا سبب بنیں گے۔ ۲ اگست کو عطارد زحل اور شمس زحل کا مقابلہ ہو گا۔ ۱۱ اگست کو عطارد مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ بچوں کی خواہشیں والدین کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گی۔ دوست جو بنیں گے وہ ذہنی سطح سے گرے ہوئے ملیں گے۔ اس وقت ہر طرح کی سرمایہ کاری اور انعامی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔

عطارد چھٹے گھر میں ۳۱ اگست تا ۵ نومبر تک رہے گا اس دوران ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ کاروباری حالات پریشان کن ہونگے۔ ذہنی سکون نہ ہوگا بیماریوں سے تکلیف بڑھ جائیں گی۔ ۶ نومبر سے ۲۴ نومبر تک عطارد طالع کے مقابل رہے گا۔ نئے تعلقات اور نئی دوستیاں بنیں گی۔ رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا۔ عطارد نپ چون کی تثلیث موقع فراہم کرے گی کوئی شخص آپ کی مدد کرے گا' جس سے مالی پریشانی دور ہوگی۔ عطارد ۵' ۹' ۱۰' ۱۱' ۱۲ جنوری' ۵' ۲۴' ۳۰ مارچ' ۲۴' ۲۵ اپریل' ۳' ۲۳ مئی' ۶' ۲۶ جولائی' ۲' ۴' ۱۱' ۱۹' ۲۵ اگست' ۲۲ ستمبر' ۲' ۱۰' ۱۳' ۲۱ نومبر' ۷ دسمبر کو غیر موافق نظرات بنائے گا۔

عطارد ۱۴ سے ۳۰ دسمبر تک نویں گھر میں رہے گا۔ جہاں عطارد قانونی اور آفیشل معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ اس بات کی نشاندہی ہورہی ہے کہ طویل عرصے سے موجود کوئی مسئلہ اس ماہ حل ہو جائے گا۔ جس کی وجہ سے زیادہ آزادی اور سکون کے ساتھ مستقبل کی منصوبہ بندی کر سکیں گے۔ ان دنوں ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق معاملات زیادہ حوصلہ افزا نہ ہونگے۔ معاملات آہستہ روی کا شکار ہونگے۔

قریبی افراد کے ساتھ سیر و تفریح کے ساتھ سوشل سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ آپ کی غیر حاضر دماغی کی وجہ سے کچھ مسائل پیدا ہوں گے۔ نیز بعض معاملات کو آگے بڑھانا مشکل ہوگا۔ تاہم پس پردہ رونما ہونے والے حالات کی وجہ سے معاملات کو آگے بڑھانا ناممکن ہوگا۔

سفر کے لحاظ سے دسمبر اس سال کا موافق مہینہ ہوگا۔ غیر ملکی سفر' تخلیقی رجحان' قدیم علوم میں دلچسپی کے ذریعے ذہن کو وسعت ملے گی وہ لوگ جو روحانی معاملات میں دلچسپی رکھتے ہیں انہیں سفر کے دوران کسی روحانی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا۔

2021 کے امکانات

جوزا والوں کے لیے جن کی پیدائش مئی ۲۱ سے ۲۱ جون کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ک، ی یا ق ہے

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک نویں گھر میں رہے گا۔ ۹ جنوری کو عطارد مریخ کی تربیع اور ۱۰ جنوری کو عطارد زحل کا قران کے غیر موافق نظر قائم کرے گا- عطارد ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت میں رہے گا۔ قانونی اور آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں- عطارد ۱۱ جنوری کو مشتری اور یورنس سے قران کی غیر موافق نظر قائم کرے گا- ان دنوں دھوکہ وفریب کا اندیشہ ہے- قانونی معاملات سے عزت و وقار متاثر ہوگا۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں- مالی معاملات میں ان دنوں محتاط رہیں-

عطارد ۵ تا ۱۹ اپریل تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ ۱۰ اپریل کو عطارد کی زحل و پلوٹو سے تسدیس کی نظر بنے گی۔ اس وقت دوست آپ کی امیدوں پر پورے اتریں گے۔ بھرپور مدد اور ساتھ دیں گے۔ ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک طالع میں رہے گا اس دوران ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت میں رہے گا۔ ۳ مئی کو مشتری سے تربیع، ۲۳ مئی کو نپ چون سے تربیع بنائے گا۔ اس وقت لوگ آپ کے متعلق اچھی رائے قائم نہ کریں گے۔ افواہیں پھیلا کر اور لوگوں سے غلط انداز میں باتیں کر کے شخصیت کو خراب کرنے کی کوشش ہوگی۔ اپنے اندر قوت برداشت رکھنی ہوگی۔ ہوائی قلعے بنانے سے پرہیز کریں-

عطارد ۱۲ تا ۲۸ جولائی تک خانہ مال میں ہوگا۔ ۱۳ جولائی کو مشتری سے تثلیث بنائے گا۔ ۲۰ جولائی کو عطارد یورنس کی تسدیس ہوگی۔ یہ وقت مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے ازسرنو سوچ کا متقاضی ہوگا۔ کسی بھی نئے کام کو اس کے تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر آگے بڑھانا بہتر نہیں ہوگا۔

عطارد ۱۳ اگست سے ۵ نومبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ یہ وقت تبادلہ خیالات اور معلومات کے حصول کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ اس دوران ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ ۵ ستمبر کو عطارد زحل کی تسدیس، ۲۱ ستمبر کو عطارد مشتری تثلیث کی موافق نظر قائم کرے گا۔ اس وقت حالات خوشی کا پیغام دیں گے۔ کوئی لاٹری یا بانڈز میں سے انعام نکل سکتا ہے۔ ۲۲ ستمبر کو عطارد پلوٹو سے تربیع کرے گا۔ یہ وقت کام کے معمولات کے لحاظ سے ناگزیر تاخیر یا انتشار لائے گا۔ اس وقت زندگی میں ٹھہراؤ آ جائے گا۔ حالات کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور بے صبری سے پرہیز کریں۔ روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات پیش آئیں گی۔ اس وقت تلخ کلامی سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہوگا۔

عطارد ۲۵ نومبر سے ۱۳ دسمبر تک طالع کے مقابل گھر میں رہے گا۔ ۳۰ نومبر کو عطارد زحل کی تسدیس اور ۷ دسمبر کو عطارد نپ چون کی تربیع ہوگی۔ رشتہ داروں سے تعلقات بری طرح متاثر ہونگے۔ شراکت داری کے امور میں کوئی غلط فہمی بڑے جھگڑے کا باعث بن سکتی ہے۔ اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہو سکے گا۔ کام کے معمولات میں تبدیلی لائی پڑے گی۔ صرف فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔ اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو ۱۸، ۲۱، ۲۹ نومبر کے سعد نظرات کی وجہ سے اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹیں اور مایوسیاں دور ہو جائیں گی۔ لہذا موزوں مواقع ضرور میسر

آئیں گے اور کوششوں کا اجر ملے گا۔

ستارہ مشتری سال کے آخر تک نویں گھر میں رہے گا۔ نواں گھر جو مذہب اور غیر ممالک کے امور سے متعلق ہے مشتری کو یہاں ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ مشتری کی وجہ سے روحانی اور مذہبی امور کی طرف توجہ بڑھے گی۔ بعض لوگوں کو حج و زیارات پر جانے کا موقع ملے گا۔ قانونی معاملات میں کامیابی ملے گی۔ جو قدیم و پراسرار علوم اور روحانیت میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ایک عرصے کی تحقیق اور مطالعے کے بعد اب ان علوم کی سمجھ آنے لگے گی۔

وہ لوگ جو بیرون ملک سفر پر اب تک نہیں جا سکے ان کو موقع ملے گا۔ بعض غیر ممالک سے کاروبار استوار کر کے فائدہ اٹھائیں گے۔ مشتری طالع سے نظر تثلیث بنائے گا۔ مطالعہ، تعلیم، ٹریننگ یا کیریئر کے سلسلے میں سفر واقع ہوں گے۔ وہ افراد جن میں صلاحیتیں ہیں۔ وہ جرأت مندقدم اٹھائیں گے۔ بعض لوگ سائنٹیفک ریسرچ میں اور بعض روحانی علوم کے مطالعہ میں وقت گزاریں گے۔ سرمایہ کاری اور معاہدات کے لیے ۱۱ جنوری، ۱۱ فروری، ۵ مارچ، ۱۰، ۱۵، ۱۷ اپریل، ۴، ۲۳ جون، ۱۳ جولائی، ۶، ۲۱ ستمبر، ۱۵، ۱۹، ۲۹ اکتوبر، یکم نومبر، ۱۲، ۲۰ دسمبر موافق تاریخیں ہونگی۔

سعد ستارہ مشتری ۱۴ مئی کو وتد السماء پر آ جائے گا۔ تو ۲۰ جون کو اسے رجعت ہوگی اور ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ چنانچہ کیریئر، کاروبار یا پیشہ وارانہ قابلیت کا حصول یا جو بھی مقصد ہے اس کے حصول میں کامیابی کی توقع رکھیں۔ ہر لحاظ سے قسمت ساتھ دے گی۔ مالی حالات میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ روزگار اور پیشہ وارانہ سرگرمیوں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے مدد فراہم کرے گا۔ وہ افراد جو نئی ملازمت کی تلاش میں ہیں قسمت لازمی طور پر ان کا ساتھ دے گی۔

مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس وقت پس پردہ رونما ہونے والے حالات مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر مدد آور اثرات مرتب کریں گے۔ ۱۳ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع، ۲۱ جنوری کو مریخ کا یورنس سے قران، ۲۳ جنوری کو مریخ مشتری سے تربیع ہوگی۔ آمدنی میں یقیناً اضافہ ہوگا۔ مگر ہاتھ سے روپیہ نکل جائے گا اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ پچھلے سال جو کوشش کی تھیں۔ وہ سب بے کار ہو جائیں گی۔

مریخ ۵ مارچ سے ۲۳ اپریل تک طالع میں رہے گا۔ ۲۲ مارچ کو زحل سے تثلیث بنائے گا۔ اس نظر کے قریب قریب جو بھی اہم فیصلے کریں گے یا جو نئے اقدامات کریں گے۔ وہ کامیابی اور ترقی کا سبب بنیں گے۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول کے لحاظ سے اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ کیریئر، کاروباری منصوبوں یا تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے آگے بڑھنے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی اور رونما ہونے والے حالات آپ کو بہت اہم مقام پر لے آئیں گے۔

مریخ تیسرے گھر میں ۱۲ جون سے ۲۹ جولائی تک رہے گا۔ ۶ جون کو مریخ پلوٹو کا مقابلہ، یکم جولائی کو مریخ زحل کا مقابلہ، ۴ جولائی کو مریخ یورنس کی تربیع کی نحس نظر بنے گی۔ لہذا اس وقت حالات میں بہتری اسی وقت سود مند ثابت ہوگی جب نئے امکانات کو نظر انداز کر کے موجودہ جگہ پر صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے تبدیلی لانے کے عملی اقدامات کریں۔ آپ چاہے ملازمت پیشہ ہوں یا کاروباری، دونوں صورتوں میں مکمل تبدیلی سے گریز کریں، ترجیحات کو مدنظر رکھیں۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو روپیہ، وقت اور خود اعتمادی کو ضائع کر دیں گے۔ جس سے صحت بھی متاثر ہونے کا خطرہ ہے۔

مریخ ۳۰ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک چوتھے گھر میں رہے گا تو ۲۲ اگست کو مریخ یورنس کی تثلیث ہونے کی وجہ سے والدین کی صحت، جائیداد کا روپیہ، کاروبار، کیریئر میں بہتری آئے گی یا گھر سے بے گھر بھی ہو سکتے ہیں۔ مریخ ۱۵ ستمبر سے ۳۰ اکتوبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ ۲۶ ستمبر کو مریخ زحل سے تثلیث کی سعد نظر بنائے گا تو مالی و کاروباری فائدہ ہوگا اور شریک کار کو فائدہ دے گا۔ مریخ ۳۱ اکتوبر سے ۱۳ دسمبر تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ ۱۱ نومبر کو مریخ زحل کی تربیع، ۷ انومبر کو مریخ یورنس کا مقابلہ کی نظر بنائے گا۔ اس وقت مریخ آگاہ کرتا ہے کہ بچت، آمدنی اور قرض وغیرہ دوسروں کو نہ دیں اور کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ دسمبر میں روپیہ کو اپنے ہاتھ میں رکھیں اور دوسروں کی چکنی چپڑی باتوں میں نہ آئیں۔ نہ ہی جلد امیر ہونے والی اسکیمیں بنائیں۔ اس کے سعد نظرات کو مدنظر رکھیں اور اسی میں اپنے کام اور کاروبار کو انجام دیں۔

زحل اس سال نویں خانہ میں ڈھائی سال کے آ گیا ہے۔ جو بیرون ملک کے سفر، مذہبی اور قانونی امور اور غیر ممالک کی تجارت سے متعلق ہے۔ زحل کا کام امور کی حد بندی کرنا اور ان کو اختتام تک پہنچانا ہوتا ہے۔ یہ ان لوگوں کے کاموں میں ترقی دے گا۔ جو تدریسی یا قانونی معاملات اور امپورٹ ایکسپورٹ سے متعلق ہیں۔ زحل کوششوں میں استحکام، کام کرنے کی صلاحیت، وفاداری اور سچے دوستوں کے ذریعہ کام کرنے کی بنا پر انعامات دے گا۔ سنجیدہ نوعیت کی خوشیاں دے گا اور طبع میں استقلال پیدا کرے گا۔ اس کے ساتھ ہی یہ جان لیں کہ یہ غیر ملک کا سفر واقع نہ ہونے دے گا۔ اور آنے والے سامان کے سلسلے میں التواء اور طوالت لائے گا۔ زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا اس وقت کام تسلی بخش نہ ہوں گے۔ بلکہ دباؤ اور بے چینی محسوس ہوگی۔ وہ لوگ جن کی تجارت غیر ممالک سے ہے۔ ان کو آئندہ چند سالوں میں فائدہ نہ ملے گا۔ زحل ۱۰، ۱۳، ۲۴ جنوری، ۶ فروری، ۲۵ اپریل، ۳ مئی، ۱۵ جون، یکم، ۷ جولائی، ۲ اگست، ۱۷ ستمبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

چنانچہ افراد اب بنیادی طور پر ایسے دور میں داخل ہو رہے ہیں جو ذاتی لحاظ سے ترقی اور پختگی لائے گا۔ یہ وقت کردار کے فلسفیانہ یا روحانی پہلو کی بہتری کے لحاظ سے نئے خیالات کی تلاش کا متقاضی ہوگا۔ رونما ہونے والے حالات دنیا کو ایک نئی نظر سے دیکھنے کی ترغیب دیں گے جو ذہنی قوتوں کو سرگرم بنائیں گے اور معلومات میں اضافے کی ترغیب دیں گے۔ موجودہ کوائف صورتحال باطنی روحانی ترقی کے لحاظ سے وسعت کی نشاندہی کر رہی ہے۔ بعض اوقات اپنے آپ کو بہت بے چین محسوس کریں گے اور زندگی کو بامقصد بنانا چاہیں گے۔ اب اگر طرز زندگی میں تبدیلی لانے کا فیصلہ کیا تو آپ اور آپ کے قریبی افراد کے لئے بے حد مفید نتائج برآمد ہوں گے۔ زحل ۲۲، ۳۰ مارچ، ۱، ۱۰، ۱۱ اپریل، ۱۲، ۲۰ مئی، ۴ جون، ۲۳ اگست، ۵، ۲۶، ۳۰ ستمبر، ۱۴، ۳۰ اکتوبر، ۱۰، ۱۱، ۳۰ نومبر، ۱، ۳۰ دسمبر کی تاریخوں میں کیے گئے فیصلے اہم تبدیلیوں کا باعث بنیں گے۔

زہرہ ۲ تا ۲۵ فروری تک نویں گھر میں رہے گا۔ سفر، تعلیم اور بیرون ملک سفر اور تجارتی امور کے معاملات کے علاوہ قانونی مشکلات آئیں گی۔ ۱۱ فروری کو زہرہ مشتری کا قران، ۱۳ فروری کو عطارد سے قران، ۲۰ فروری کو مریخ سے تربیع ہوگی تو فروری کا آخری ہفتہ مشکلات سے بھرپور ہوگا۔ کسی سے کسی قسم کا تعاون نہیں ملے گا۔

زہرہ ۲۲ مارچ سے ۱۴ اپریل تک امیدوں اور خواہشات کے گھر میں ہوگا تو اس ماہ محبت کے معاملات کے لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔ تعلقات میں مضبوطی پیدا ہوگی۔ وہ لوگ جو مثالی شریک حیات کی تلاش میں ہیں ان کے لئے ۶ اپریل کو رونما ہونے والے غیر متوقع حالات اہمیت کے حامل ثابت ہوں گے اس وقت کوئی دوست محبت کے معاملات کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس وقت دوستیاں اور تعلقات میں خواہشات بہت اہمیت اختیار کر جائیں گی۔ کسی کی ناراضگی مشکلات میں ڈال سکتی ہے۔

زہرہ ۲۸ جون سے ۲۲ جولائی تک تیسرے گھر میں رہے گا اس کے اثرات عروج پر ہونگے جس سے زندگی میں انقلابی تبدیلی آئے گی۔ دوستوں کے ساتھ سفر ہوگا یا پھر تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنا پڑے گا۔ جن افراد کی شادی رک گئی تھی اب ان کے معاملات دوبارہ شروع ہو جائیں گے۔

ستارہ زہرہ اس سال شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۱۸ اکتوبر سے ۵ نومبر کا عرصہ گزارے گا۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔ وہ افراد جن کی اکتوبر یا آنے والے مہینوں میں شادی ہونے والی ہے۔ ان کے لئے خوشگوار مستقبل کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۱۴ اکتوبر کو زہرہ زحل کی تسدیس، ۱۷ کو زہرہ عطارد کی تسدیس، ۲۹ اکتوبر کو زہرہ مشتری کی تسدیس ہوگی۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ تاکہ حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہو سکے۔

ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے نومبر سے قبل زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ انہیں خوش بختی اور ہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ شادی شدہ افراد کو شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔ اس سال محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۹، ۱۴، ۲۴ جنوری، ۱۳ فروری، ۳، ۱۸، ۲۶، ۳۰ مارچ، ۶، ۱۰ اپریل، ۳، ۶، ۲۰، ۲۹ مئی، ۴، ۱۳، ۲۱ جون، ۳، ۱۲، ۲۳ اگست، ۶، ۲۹ ستمبر، ۲، ۱۴، ۱۷، ۲۹ اکتوبر، ۱۹ نومبر، یکم دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں محبت اور سفر کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہوگا۔ زہرہ ۱۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا۔

والوں کے لئے جن کی پیدائش جون ۲۲ سے ۲۳ جولائی کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ح۔ ہ ہے

ستارہ مشتری شروع سال سے آٹھویں گھر میں رہے گا۔ یہ وقت ذاتی اور مشترکہ مالی معاملات کے لحاظ سے خوش بختی لائے گا۔ اس وقت ترقی اور وسعت کے زائد مواقع اور ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا۔ ۱۱ جنوری، ۵ مارچ، ۱۷ اپریل کو عطارد مشتری کی سعد نظر بنائے گا۔ لہٰذا مالی معاملات سے متعلق خوش کن خبریں ملیں گی۔ روپیہ کمانے کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے اور روپیہ کمانے کے ذرائع میں تبدیلی لانے کے زائد مواقع ملیں گے۔ مشتری ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔

مشتری ۱۴ مئی کو برج حوت میں تھوڑے عرصہ کے لیے داخل ہوگا۔ طویل سفر اور اعلیٰ تعلیمی سرگرمیوں سے متعلقہ نویں گھر میں داخل ہوجائے گا۔ سعد ستارہ مشتری ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ تو ۲۰ جون کو اسے رجعت ہوگی اور ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ چنانچہ نہ صرف یہ کہ مادی لحاظ سے زندگی میں بہتری آئے گی بلکہ زندگی سے متعلق طور طریقوں اور احساسات میں بھی تبدیلی آئے گی۔ نفسیاتی لحاظ سے مشتری خوش امیدی اور مثبت سوچ پیدا کرے گا۔ تجربات میں بھی اضافہ ہوگا۔ جو زندگی میں بہتری کا سبب بنیں گے۔ سرمایہ کاری اور معاہدات کے لیے ۱۱ جنوری، ۱۱ فروری، ۵ مارچ، ۱۰، ۱۵، ۱۷ اپریل، ۴، ۲۳ جون، ۱۳ جولائی، ۶، ۲۱ ستمبر، ۱۵، ۱۹، ۲۹ اکتوبر، یکم نومبر، ۱۲، ۲۰ دسمبر موافق تاریخیں ہونگی۔

ستارہ مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک گیارہویں گھر میں رہیگا جہاں وہ ۱۳ جنوری مریخ زحل کی تربیع، ۲۱ جنوری کو یورنس سے قران، ۲۳ جنوری کو مشتری سے تربیع بنائے گا۔ اگر آپ رشتہ دار یا دوستوں کے ساتھ شراکت میں ملوث ہیں تو اس وقت اختلافات کھل کر سامنے آئیں گے۔ یہ وقت تمام مالی معاملات میں ایمانداری کا متقاضی ہوگا۔

مریخ ۵ مارچ سے ۲۳ اپریل تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ ۲۴ مارچ کو عطارد مریخ کی تربیع اور ۱۰ اپریل کو مریخ نپ چون کی تربیع ہوگی۔ ہمیشہ یہ خطرہ ہوتا ہے لوگ زمین یا جائیداد پر قبضہ نہ کرلیں۔ قانونی معاملات میں آپ پھنس جائیں گے۔ آپ یا آپ کا شریک غلط راستہ اختیار کرسکتا ہے۔ لہٰذا یاد رکھیئے کہ اگر پیچیدگیاں اور الجھنیں پہلے ہی موجود ہیں تو کوئی ایسا قدم ہرگز نہ اٹھائیں جو معاملات کو مزید بدتر کردے۔ ۱۵ اپریل کو شمس مشتری کی سعد نظر بنے گی۔ جس سے حالات بہتر ہونے لگیں گے۔ یہ وقت مادی اور مالی لحاظ سے زائد اعتماد پیدا کرے گا۔ طویل المعیاد منصوبوں سے متعلقہ معاملات کے لیے نئے حالات اور نئے دور لائے گا۔

۱۳ جنوری کو مریخ زحل سے تربیع بنائے گا لہٰذ احتاط رہیں قریبی لوگ سخت دشمنی کریں گے۔ آپ کی امیدیں کسی اہم معاملے میں ختم ہوجائیں گی۔ ہاتھ میں آئی کامیابی دور ہوجائے گی۔ لوگ دوستی میں دشمنی نبھائیں گے۔ بے حد ذہنی کوفت اور مالی نقصان ہوگا۔

مریخ ۲۴ اپریل سے ۱۱ جون تک طالع میں رہے گا۔ تو اس دن سے تبدیلی یا موزوں ملازمت کے حصول کے لئے

جو کوششیں کریں گے وہ کامیاب رہیں گی۔ اس دوران آپ کے مقاصد میں تیزی اور زور پیدا ہوگا۔ اس وقت جو حالات رونما ہوں گے یا جن لوگوں سے ملاقات ہوگی وہ آپ کے خود اعتمادی میں اضافہ کریں گے۔ اور صحیح سمت میں رہنمائی کریں گے۔ اس وقت زیادہ باوقار اور پرزور رویہ اختیار کر سکتے ہیں۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوشش ہی کامیابی لائیں گی۔ طالع میں مریخ کی موجودگی کی وجہ سے جدوجہد کے موڈ میں ہوں گے۔ ۱۲ مئی کو مریخ یورنس کی تثلیث ہوگی۔ دوستوں کی مدد رہے گی رکاوٹوں اور مخالفتوں کا باآسانی مقابلہ کرسکیں گے۔ یہ وقت ان لوگوں کے لئے خاص طور پر موافق ثابت ہوگا، جو کسی تحریک یا کسی مقصد کے لئے کام کر رہے ہیں یا سیاست اور سماجی معاملات میں ملوث ہیں۔ وہ اس وقت زیادہ اہم پوزیشن میں آجائیں گے۔

مریخ خانہ مال میں ۱۲ جون سے ۲۹ جولائی تک قیام کرے گا۔ یکم جولائی کو مریخ زحل سے مقابلہ ۴ جولائی کو مریخ یورنس سے تربیع بنائے گا۔ یہ وقت زائد روپیہ لائے گا۔ لیکن اخراجات بھی ہوں گے۔ کیونکہ مریخ روپے پیسے کے معاملے میں فضول خرچ اور لاپرواہ بنا سکتا ہے۔ اس رجحان پر قابو پانے کی ضرورت ہوگی۔ ۷، ۱۳، ۲۱، ۲۳ جنوری، ۱۰ فروری، ۱۰ اپریل، ۶ جون، ۱، ۴، ۲۹ جولائی، ۲ ستمبر، ۱۰، ۲۲ اکتوبر، ۱۱، ۱۷ نومبر، ۸ دسمبر کو خاص طور پر محتاط رہیں۔ فوری امیر بنانے والی اسکیموں سے دور رہیں۔ دوسروں کی باتوں میں نہ آئیں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔ مریخ ۳۱ اکتوبر سے ۱۳ دسمبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ مریخ ۱۱ نومبر کو زحل سے تربیع، ۱۷ نومبر کو مریخ یورنس سے مقابلہ بنائے گا۔ اس نظر کے قریب قریب جو بھی اہم فیصلے کریں گے یا جو نئے اقدامات کریں گے وہ کامیاب نہیں ہونگے۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں، اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب نہیں رہیں گی۔ اس وقت قسمت ساتھ نہ دے گی۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک آٹھویں گھر میں رہے گا اس دوران عطارد ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت میں رہے گا لہذا میراث و جائیداد کے مسائل اور حادثات ہونے کا امکان ہے عطارد ۵، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ جنوری، ۵، ۲۴، ۲۴، ۳۰ مارچ کو نحس نظرات بنائے گا۔ قانونی معاملات کو سلجھانا اس ماہ ناممکن ہوگا۔ ۱۶ مارچ سے ۴ اپریل تک عطارد نویں گھر میں رہے گا۔ واقعات آپ کو مضبوط بنا دیں گے۔ دماغ کو کھول دیں گے اگر کوئی فیصلہ کرنا ہو تو کر ڈالیں آپ خود محسوس کریں گے کہ آپ نے صحیح فیصلہ کیا۔ اگر ملازمت کی آفر ملے یا نئے بزنس یا طویل سفر کا موقع ملے تو قسمت آپ کا ساتھ دے گی۔ اگر سفر قانونی یا آفیشل معاملات سے متعلق ہوں تو پہلا نصف حصہ اچھا ثابت ہوگا۔

۲۲ مارچ کو عطارد یورنس کی تسدیس، ۲۴ مارچ کو عطارد مریخ کی تربیع، ۳۰ مارچ کو عطارد نپ چون کا قران اور ۱۰ اپریل کو عطارد زحل کی تسدیس ہے۔ لہذا اچانک آپ کو پروگرام میں تبدیلی لانا پڑے گی۔ اچانک آخری وقت میں سفر کرنا پڑے تو ضرور سفر کریں کیونکہ اس وقت کی کوششوں اور معلومات سے بہت فوائد حاصل ہوں گے۔ اگر کسی خاص شخصیت سے ملاقات کرنی ہو تو ضرور کریں۔ کیونکہ اس ملاقات کا گہرا اثر مستقبل کے معاملات پر پڑے گا۔

عطارد ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس دوران ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک اسے رجعت رہے گی۔ ان دنوں ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق معاملات زیادہ حوصلہ افزاء نہ ہونگے۔ معاملات آہستہ روی کا شکار ہونگے۔ ۱۲ مئی کو عطارد زحل کی تثلیث ہوگی قریبی افراد کے ساتھ سیر و تفریح اور سوشل سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ ۲۳ مئی کو عطارد نپ چون کی تربیع ہوگی جس سے آپ کی غیر حاضر دماغی کی وجہ سے کچھ مسائل پیدا ہوں گے۔ نیز بعض معاملات کو آگے بڑھانا مشکل ہوگا۔ تاہم پس پردہ رونما ہونے والے حالات کی وجہ سے معاملات کو آگے بڑھانا ناممکن ہوگا۔

عطارد طالع میں ۱۲ تا ۲۸ جولائی تک رہے گا۔ ۱۳ جولائی کو عطارد مشتری کی تثلیث، ۲۰ جولائی کو عطارد یورنس کی تسدیس ہوگی۔ اس وقت آپ کے کام بہت تیزی سے انجام پائیں گے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالیں گے اس میں آسانی ملے گی۔ لوگ بھرپور تعاون کریں گے۔ عطارد تیسرے گھر میں ۱۲ تا ۳۰ اگست تک رہے گا۔ یہ باقوت وقت ہوگا۔ سفر کے لحاظ سے یہ اوقات موافق رہیں گے۔ ان دنوں تاخیر التواء اور پیچیدگیوں والے امور، سفر، تعلیمی اور رشتہ داری کے معاملے آسانی سے حل ہو جائیں گے۔ دوستوں کے ہاں آنا جانا رہے گا اور تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لیں گے۔ ۲۰ اگست کو عطارد یورنس کی

تثلیث سے لوگوں کا بھرپور تعاون ملے گا۔ عطارد چوتھے گھر میں ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک رہے گا اس دوران عطارد کو ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ گھر اور والدین سے متعلقہ امور کی طرف توجہ دینی ہوگی۔ گھر میں ناچاکی اور ناراضگی ذہنی کوفت میں مبتلا کرے گی۔

عطارد ۶ نومبر تا ۲۴ نومبر تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ ۱۰ نومبر کو عطارد مریخ کا قران اور عطارد زحل کی تربیع ہوگی اندیشہ ہے کہ اس وقت آپ کے غلط اندازے آپ کی نیک نیتی سے کی گئی کوششوں کو نقصان پہنچائیں گے یا غلط فہمیوں کا سبب بنیں گے۔ بچوں کی خواہشیں والدین کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گی۔ ۱۱ نومبر کو مریخ زحل کی تربیع ہوگی دوست جو بنیں گے وہ ذہنی سطح سے گرے ہوئے ملیں گے۔ اس وقت ہر طرح کی سرمایہ کاری اور انعامی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔ ۱۴ تا ۳۰ دسمبر تک عطارد طالع کے مقابل رہے گا۔ نئے تعلقات اور نئی دوستیاں بنیں گی۔ رشتہ داروں کے ہاں آنا جانا رہے گا۔ ۲۱ دسمبر کو عطارد یورنس کی تثلیث موقع فراہم کرے گی۔ کوئی شخص آپ کی مدد کرے گا جس سے مالی پریشانی دور ہوگی۔ ان دنوں رشتہ داروں اور گھریلو معاملوں میں پھنس جائیں گے۔

زحل آپ کے آٹھویں گھر میں ڈھائی سال کے لیے داخل ہو چکا ہے۔ یہ صحت اور روزگار کے معاملات تمام ذاتی کوششوں اور گھریلو زندگی کو فائدہ پہنچائے گا۔ آٹھواں گھر اس روپیہ سے متعلق ہے۔ جو دوسروں کا ہوتا ہے۔ شریک کار اور شریک زندگی کا ہوتا ہے۔ ان کے ذریعہ سے مالی فائدہ اٹھانا ممکن نہیں۔ کیونکہ زحل کی رکاوٹ اس وقت ہوگی جب زحل رجعت میں ہوگا۔ زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ ۱۰، ۱۳، ۲۴ جنوری، ۶ فروری، ۲۵ اپریل، ۳ مئی، ۱۵ جون، یکم، ۷ جولائی، ۲ اگست، ۷ استمبر تک زحل نحس نظرات بنائے گا۔

اس وقت پراپرٹی ٹیکس، جائیداد کی منتقلی کے کاغذات، شراکت داروں کا روپیہ، میراث اور ترکہ سے متعلق جھگڑا، دھوکہ، فریب ملے گا۔ گھر کا فرد دوسروں کے بہکاوے میں آ کر زندگی سے کھیل جائے گا۔ پرانے قرضہ جات کو ادا کرنے کے لئے نقد زر کی ضرورت ہوگی۔ قرضوں کو ادا کرنے کی کوئی صورت نہ بنے گی۔ تو پریشانی کو حل کرنے کے لیے انتہائی قدم اٹھانا مجبوری ہو جائے گی۔ نتیجتاً بہت خوف ناک صورتحال ہوگی۔ اس سال کے دوران بعض اوقات آپ نے سوائے کام کے اور کچھ نہ کیا ہوگا۔ تاہم سال کے اختتام پر آپ زیادہ مضبوط پوزیشن میں ہوں گے اور اپنی کوششوں کا اجر پائیں گے۔

زہرہ ۲۶ فروری سے ۲۱ مارچ تک نویں گھر میں رہے گا تو پرانی ملاقاتیں اور رابطے بڑھ جائیں گے۔ سفر آپ کے لیے موافق رہے گا۔ زہرہ ۱۵ ااپریل سے ۹ مئی تک دوستی، امیدوں اور خواہشات سے متعلقہ گھر میں رہے گا۔ شادی و نسبت اور محبت کے معاملات سے متعلقہ امیدوں اور خواہشات کے لحاظ سے بہتر وقت کا آغاز ہو جائے گا۔ اس وقت ہم خیال دوست بھی زندگی میں داخل ہوں گے۔ زہرہ ۱۴، ۲۴ جنوری، ۱۱، ۱۳ فروری، ۳، ۱۸ مارچ کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں اہم ملاقاتیں لائیں گی۔ ملاقاتوں کا سبب بننے والے واقعات غیر متوقع اور غیر معمولی نوعیت کے ہوں گے۔ جو یہ احساس پیدا کریں گے کہ ان کے پیچھے کسی غیبی قوت کا ہاتھ ہے۔

زہرہ ۳ تا ۲۷ جون تک طالع میں رہے گا اور ۴ جون کو زہرہ مشتری کی تثلیث، ۱۳ جون کو زہرہ یورنس کی تسدیس، ۲۱ جون کو زہرہ نپ چون کی تثلیث کے دوران اہم کواکب کے ساتھ سعد نظرات قائم کرے گا۔ جس کی وجہ سے رومانوی ملاقاتیں جادوئی اثر لئے ہوئے ہوں گی۔ امکان ہے کہ ایسا کسی سفر کے ذریعے ہوگا۔ اگر سفر نہیں کر رہے ہیں تو کوئی غیر ملکی شخص آپ کو پسند آئے گا اگر ایسا ہو تو یاد رکھئے کہ مثالی ساتھی کی تلاش کے سلسلے میں آپ درست راہ پر ہیں۔ اگست کے وسط میں زہرہ کی زحل و پلوٹو سے تثلیث کی نظر یہ نشاندہی کردے گی کہ آنے والے مہینوں میں محبت کے معاملات کیا شکل اختیار کریں گے۔ زہرہ ۱۷ اگست سے ۱۰ ستمبر تک چوتھے گھر میں رہے گا۔ ۶ ستمبر کو زہرہ پلوٹو کی تربیع سے گھر و والدین اور شریک زندگی سے متعلقہ معاملات میں کچھ انتشار سے واسطہ پڑے گا۔

زہرہ ۱۱ ستمبر سے ۷ اکتوبر تک محبت کے معاملات میں نئے موڑ آئیں گے۔ ۲۹ ستمبر کو زہرہ نپ چون کی تثلیث مثالی شخصیت سے ملاقات کی نشاندہی کر رہی ہے۔ زہرہ ۱۹ دسمبر کو رجعت کر جائے گا۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل م ہے

مشتری سارا سال طالع کے مقابل رہے گا۔ طالع کے مقابل آنے سے ہم آہنگ تعلقات رکھے گا۔ شمس ومشتری کے موافق نظرات مادی کامیابی لاتے ہیں۔ یہاں موجودگی کے دوران وہ شراکتی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ خاص طور پر ان اسدی افراد کو فائدہ پہنچائے گا۔ جن کے کام کا تعلق تعلیمی یونیورسٹی اور ریسرچ سے ہے۔ گھریلو و کاروباری معاملات اور جائیداد کے معاملات کی موافقت میں ہوگا اور عام معاملات میں خوش بختی حاصل ہوگی۔

مشتری شروع سال سے مشترکہ مالی معاملات سے متعلقہ گھر میں ہوگا۔ اس گھر میں مشتری کی موجودگی نہ صرف یہ کہ ذاتی مالی معاملات کی موافقت میں ہوگی بلکہ مشترکہ مالی معاملات طویل المیعاد اور ٹھوس بنیادوں پر قائم مالی معاملات کی موافقت میں بھی ہوگی۔ مشتری کے سعد نظرات سے اہم کاروباری معاملات' قرضے کے حصول کے لئے بات چیت یا سرمایہ کاری کے معاملات کی از سر نو تنظیم کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہوگا۔ پچھلے سال میں اگر مالی تنگی کا سامنا رہا ہے تو وسط مئی یا اس کے قریب قریب رونما ہونے والے حالات مالی پریشانیوں کا خاتمہ کر دیں گے اور حالات میں آسانی پیدا کریں گے۔ مشتری اس سال ۲۰ جون سے ۱۱۸ کتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ سعد ستارہ مشتری ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہو گا۔ تو ۲۰ جون کو اسے رجعت ہوگی اور ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۱۴ جنوری' ۱۱ فروری' ۵ مارچ' ۱۰' ۱۵' ۱۷ اپریل' ۴' ۲۳ جون' ۱۳ جولائی' ۶' ۲۱ ستمبر' ۱۵' ۱۹' ۲۹ اکتوبر' یکم نومبر' ۱۲' ۲۰ دسمبر موافق ثابت ہونگی۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک طالع کے مقابل رہے گا۔ اس دوران ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت میں رہے گا۔ یہ وقت شراکت داری' تبادلہ خیالات اور گفت وشنید کے لحاظ سے رکاوٹ آئے گی۔ رجعت کے دوران اگر کسی قسم کا ماہرانہ مشورہ لینا ہے یا کوئی اہم ملاقات کرنی ہے یا انٹرویو دینا ہے تو محتاط رہ کر کریں اس وقت کامیابی کے امکانات کم ہوتے ہیں۔ عطارد ۱۰ و ۱۱ جنوری کو زحل ومشتری سے قران کرے گا۔ چنانچہ ان دنوں جو خبریں ملیں گی وہ کسی پرانے مسئلے کو حل کرنے میں مدد دیں گی۔ شاید کوئی پرانا مالی یا قانونی معاملہ ہو۔ ۱۰ جنوری کو عطارد زحل کا قران مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں بہتری لائے گا۔ قانونی اور آفیشل معاملات حل کرنے اور سرخ فیتے کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے ان سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔

عطارد آٹھویں گھر میں ۱۶ مارچ سے ۴ اپریل تک رہے گا۔ جس سے مسائل اور پریشانی آئے گی۔ اگر نئی ذمہ داریاں کو قبول کرنے کے متعلق سوچ رہے ہیں تو اس وقت محتاط رہیں۔ سرمایہ کاری سے متعلق کوئی بھی نیا کام ہرگز نہ کریں۔
ستارہ عطارد ۲۰ اپریل تا ۴ مئی تک وتد السماء پر رہے گا۔ لہذا اس وقت کیریئر' ملازمت اور ترقی کے معاملات کو بڑی آہستگی سے آگے بڑھانا بہتر رہے گا۔ تاہم اس وقت مشتری چونکہ چھٹے گھر میں ہوگا لہذا زندگی کو بہتر بنانے کیلیے نئے مواقع لائے گا۔ عطارد گیارہویں گھر میں ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک رہے گا۔ اس دوران عطارد ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہو سکے گا۔ کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔ صرف فوری توجہ کے

حائل کاموں پر توجہ دیں- اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹوں یا مایوسیوں سے پریشان نہ ہوں کیونکہ شمس آپ کی موافقت میں ہوگا- لہذا موزوں مواقع ضرور میسر آئیں گے اور کوششوں کا اجر ملے گا- عطارد کیم'۱۱' جنوری' ۵' ۲۲ مارچ' ۲' ۱۰' ۱۷' ۱۸' ۱۹' ۲۴' ۳۰ اپریل' ۲' ۱۲' مئی کو سعد نظرات قائم کرے گا- ان تاریخوں کے قریب قریب ملنے والی خبریں موجودہ کیریئر یا پیشہ وارانہ معاملات سے متعلق آپ کی حوصلہ افزائی کریں گی- ان خبروں کے نتیجے میں نئے کام بھی شروع کرسکیں گے- جو اس سال کے آغاز سے ہی شروع کرنے کے خواہاں رہے ہوں گے-

عطارد ۲۹ جولائی سے ۱۱ اگست تک طالع میں رہے گا- آپ کو کام ملنے کے بہترین موقع ملیں گے- اس وقت روزمرہ سرگرمیوں میں تیزی آجائے گی- نقل وحرکت اور میل جول زیادہ رہے گا- عطارد خانہ مال میں ۱۲ سے ۳۰ اگست تک رہے گا- یہ وقت کاروباری گفت وشنید' تجارتی لین دین' مالی معاملات سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور مشورہ لینے کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا- یہاں ۱۹ اگست کو عطارد مریخ کا قران' ۲۰ اگست کو عطارد یورنس کی تثلیث کی نظر قائم کرے گا- اس ماہ بے شمار امیدیں اور خواہشات پوری ہوجائیں گی- رابطے' درخواستیں اور تعلیمی امور کے معاملات آسانی سے مکمل ہوجائیں گے- آپ کو کیریئر میں ترقی اور سرمایہ کاری میں بہترین مواقع حاصل ہونگے- یہ وقت مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے بہتر وقت رہے گا- کسی بھی نئے کام کو شروع کرنے سے قبل اس کے تمام پہلوؤں پر غور کرکے آگے بڑھنا ٹھیک رہے گا- مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے '۶' ۲۶ جولائی میں خاص طور پر محتاط رہیں-

عطارد ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک تیسرے گھر میں رہے گا- یہ وقت تبادلہ خیالات اور معلومات کے حصول کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا- یہاں عطارد ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا- لیکن ۲۲ ستمبر کو عطارد پلوٹو سے تربیع اور ۱۰ اکتوبر کو عطارد کا شمس ومریخ سے قران' ۲ نومبر کو عطارد پلوٹو کی تربیع کے غیر موافق نظر قائم کرے گا- اس وقت تلخ کلامی سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہوگا- عطارد ۱۴ تا ۳۰ دسمبر تک چھٹے گھر میں رہے گا- چنانچہ یہ وقت کام کے معمولات کے لحاظ سے ناگزیر تاخیر یا انتشار لائے گا- اس وقت زندگی میں ٹھہراؤ آجائے گا- حالات کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور بے صبری سے پرہیز کریں- روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات آئیں گی-

ستارہ زحل طالع کے مقابل ڈھائی سال کے لیے آچکا ہے- اس دوران ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک اسے رجعت رہے گی- یہ یہاں شراکت پر اثر انداز ہوگا خواہ یہ گھریلو نوعیت کی ہو یا کاروباری- اکثر لوگوں کی شادی میں زحل کی وجہ سے رکاوٹ پڑجائے گی اور جن لوگوں کا روپیہ شراکت میں لگا ہوا ہے ان کو نقصان ہوگا- شریک کار پر زحل کے اثرات ہیں- اس سے نفع کما کر دینے کی توقع نہیں کرنی چاہئے- لیکن تمام لوگوں کے ساتھ یہ صورت پیش نہ آئے گی- آپ کے لئے زحل دوسری چیزوں کے علاوہ عزت ومرتبہ اور ان چیزوں پر بھی زحل حکومت کرتا ہے جنہیں آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں- اس کے علاوہ پرانے دوست' پرانی دلچسپیوں' اور بڑی عمر کے افراد کی بھی نمائندگی کرتا ہے- درمیانی عمر کے لوگوں، بیوہ، طلاق یافتہ کی شادی ہونے کے زیادہ امکانات ہیں- باوفا اور پرخلوص تعاون کے لئے اس وقت کا انتخاب کریں جب زحل کے ساتھ زہرہ کے سعد نظرات ہوں- یہ ۲۲' ۳۰ مارچ' ۱' ۱۰ اپریل' ۱۲' ۲۰ مئی' ۴ جون' ۲۳ اگست' ۵' ۲۶' ۳۰ ستمبر' ۱۴' ۳۰ اکتوبر' ۱۰' ۱۱' ۳۰ نومبر' ۱' ۳۰ دسمبر کی سعد تاریخیں ہیں-

زہرہ ۲ تا ۲۵ فروری تک شادی اور شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر رہے گا- یہ وقت تمام قریبی تعلقات کو بہت مضبوط کردے گا- اگر در پردہ جذباتی اختلافات ہیں تو انہیں دور کرنے کے لئے اس سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں- وہ افراد جو اس وقت یا مستقبل قریب میں شادی کرنا چاہ رہے ہیں یا کوئی پیغام بھجوانا چاہتے ہیں تو ۶' ۱۱' ۱۳ فروری موافق رہے گی- سفر کے ذریعے محبت اور خوش بختی دونوں سے واسطہ پڑے گا-

زہرہ ۲۲ مارچ سے ۱۴ اپریل تک نویں گھر میں رہے گا- اس دوران مہنگی اشیاء یا تعیشات پر روپیہ خرچ کرنے سے قبل دوبار ضرور سوچیں- مشکل یہ ہے کہ زہرہ خریداری کے ذریعے خوشی لاتا ہے- لیکن فضول خرچی پر بھی راغب کرتا ہے اور ہاتھ میں خاصا کم روپیہ رہ جاتا ہے- لہذا اس دوران اخراجات پر قابو رکھیں- قانونی معاملات میں کوتاہی کے دوران آپ ایسا

فیصلہ کر بیٹھیں گے جس سے آپ کی جائیداد ہاتھ سے نکل جانے کا اندیشہ ہوگا۔ قریبی شخص آپ سے قطع تعلق کر لے گا۔

زہرہ ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک وتد السماء پر رہے گا ان دنوں مالی لحاظ سے موافق حالات سے واسطہ پڑے گا۔ آپ کی ذہنی اور جسمانی حالت بہتر رہے گی۔ ۱۵ مارچ کو شمس مشتری کی تسدیس، ۱۹ مارچ کو زہرہ یورنس کا قران ہوگا۔ کاروبار میں ترقی، اہم لوگوں سے ملاقات، ملازمت میں ترقی دینے والے امور مواقع فراہم کریں گے۔

۲۵ اپریل کو زہرہ زحل کی تربیع، ۳ مئی کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی اس وقت اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے سعد ثابت نہ ہوگی۔ اس میں بونس ملنے، کسی قسم کی وصولی ہونے، تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی توقع نہ رکھیں۔

زہرہ ۲۸ جون سے ۲۲ جولائی تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پُرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ لائے گا۔ جولائی کے پہلے نصف حصہ میں پیش آنے والے واقعات آپ کے لئے مثبت ثابت ہونگے۔ ۱۳ جولائی کو زہرہ مریخ کا قران ہوگا۔ لہذا آپ کو کسی کی طرف سے کشش محسوس ہوگی۔ جولائی کے وسط تک معاملے عروج پر ہوں گے۔ غیر متوقع طور پر نئی محبت زندگی میں داخل ہوگی۔ سفر آپ کی محبت کے معاملات پر گہرا اثر ڈالے گا۔

گھریلو معاملات کے لحاظ سے زہرہ ۱۱ ستمبر سے ۷ اکتوبر تک چوتھے گھر میں ہوگا۔ لہذا گھریلو زندگی میں سکون و اطمینان کا سامنا ہوگا۔ زہرہ اردگرد کے ماحول کو بھی خوبصورت اور آرام دہ بنانے کی ترغیب دے گا۔ ایسا کرنے کے لئے زائد روپیہ بھی آپ کے پاس ہوگا۔ اگر گھر کی حالت بہتر بنانا چاہتے ہیں تو زہرہ مشتری کی تثلیث اور زہرہ نپچون کی تثلیث میں تسلی بخش نتائج کی توقع رکھیں۔ یکم اکتوبر کو جائیداد کے معاملات میں رکاوٹوں اور تاخیر کا سامنا ہوگا۔ ۲۹ اکتوبر کو زہرہ مشتری کی تسدیس اور ۳۰ اکتوبر کو شمس زحل کی تربیع ہوگی۔ اس دوران رشتہ دار یا پڑوس بھی پریشانی کا سبب بنیں گے۔ اس دوران گھریلو معاملات میں تناؤ کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت بچوں پر بھی کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ نیز اس وقت گھر کی حفاظت کا بھی خاص خیال رکھیں۔ زہرہ ۲۰ دسمبر کو رجعت کر جائے گا۔

مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک وتد السماء پر رہے گا۔ کیریئر، ملازمت، کاروبار، جاہ طلبی کے امور بہت تیزی سے آگے بڑھیں گے۔ اس ماہ معاملات کو پرزور طریقے پر آگے بڑھائیں۔ ورنہ غیر ضروری تناؤ اور پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ ۱۳ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع کی نظر بنے گی۔ جس کی وجہ سے یہ وقت کیریئر یا کاروباری معاملات کے لحاظ سے تبدیلی لانے والا ہوگا۔ اس وقت بعض نامکمل کاموں کی طرف توجہ دینی پڑے گی۔ جس کا اثر مالی و قریبی تعلق کے معاملات پر پڑے گا۔ مریخ ۱۲ جون سے ۲۹ جولائی تک طالع میں رہے گا۔ اس وقت غصہ اور غلط فیصلوں سے بچیں۔ البتہ ایسی چستی پیدا ہوگی کہ آپ اپنے کاموں کی تکمیل بخوبی کر سکیں گے اس وقت خواہ مخواہ کے اخراجات سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۱۴، ۲۵ فروری، ۲۲ مارچ، ۷ اپریل، ۱۲، ۳۱ مئی، ۲۲ اگست، ۶، ۲۶ ستمبر، ۱۹ اکتوبر، ۲۹ نومبر، ۶، ۳۰ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

مریخ تیسرے گھر میں ۱۵ ستمبر سے ۳۰ اکتوبر تک رہے گا۔ ۲۶ ستمبر کو مریخ زحل کی تثلیث سے اور ۱۸ اکتوبر کو شمس مریخ کا قران، ۱۰ اکتوبر کو مریخ عطارد کا قران اور ۱۹ اکتوبر کو مریخ مشتری تثلیث کی سعد نظر بنائے گا لہذا پورا مہینہ خاصہ تیزی سے حالات کو بہتری کی طرف لے جائے گا۔ اس وقت حالات میں بہتری اسی وقت سودمند ثابت ہوگی جب نئے امکانات کو نظر انداز کر کے موجودہ جگہ پر صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے تبدیلی اور عملی اقدامات کریں۔ آپ چاہے ملازمت پیشہ ہوں یا کاروباری، دونوں صورتوں میں مکمل تبدیلی سے گریز کریں، ترجیحات کو مدنظر رکھیں۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو روپیہ، وقت اور خود اعتمادی کو ضائع کر دیں گے۔ جس سے صحت بھی متاثر ہونے کا خطرہ ہے۔

مریخ ۳۱ اکتوبر سے ۱۳ دسمبر تک چوتھے گھر میں رہے گا تو ۱۱ نومبر کو مریخ زحل کی تربیع اور ۷ نومبر کو مریخ یورنس مقابلہ اور ۸ دسمبر کو مریخ مشتری کی تربیع ہونے کی وجہ سے والدین کی صحت، جائیداد کا روپیہ، کاروبار، کیریئر میں نقصان پہنچائے گا یا عزت و شہرت کو نقصان پہنچے گا۔ گھر سے بے گھر بھی ہو سکتے ہیں۔

اس وقت مریخ آگاہ کرتا ہے کہ بچت، آمدنی اور قرض وغیرہ دوسروں کو نہ دیں اور کسی پر بھروسہ نہ کریں۔ دسمبر میں روپیہ کو اپنے ہاتھ میں رکھیں اور دوسروں کی چکنی چپڑی باتوں میں نہ آئیں۔ نہ ہی جلد امیر ہونے والی اسکیمیں بنائیں۔ مریخ کے سعد نظرات کو مدنظر رکھیں اور اسی میں اپنے کام اور کاروبار کو انجام دیں۔

مشتری خوش بختی کا ستارہ ہے اور طالع کی موافقت میں ہے۔ لہذا زندگی کا کوئی بھی معاملہ جو آپ کے نزدیک بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اس کے متعلق کوئی شاندار موقع ملے گا۔ وہ افراد جو کاروباری یا آرٹسٹک سرگرمیوں کو وسعت دینا اور آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ انہیں کوئی خوش قسمت موقع میسر آئے گا۔

مشتری برج دلو میں ایک سال کا عرصہ گزارے گا۔ روزگار ملازمت اور صحت کے امور سے متعلقہ چھٹے گھر میں آچکا ہے۔ مشتری وسعت، ترقی اور کامیابی کے مواقع لاتا ہے۔ چنانچہ آنے والے مہینوں میں کام کی صورتحال میں بہت بہتری آئے گی۔ امکان ہے کہ موجودہ ملازمت سے متعلق اپنے آپ کو زیادہ مطمئن محسوس کرنے لگیں گے یا پھر زیادہ بہتر ملازمت تلاش کرنا چاہیں گے۔ اگر ایسا ہوا تو آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ سنبلہ سے متعلقہ اکثر افراد کو بہت جلد مرضی کے مطابق ملازمت مل جائے گی۔ لہذا باہر نکلیں اور جو کام کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے کوشش کریں۔ ان معاملات کے لحاظ سے ۱۱ جنوری، ۱۱ فروری، ۵ مارچ، ۱۰، ۱۵، ۱۷ اپریل، ۴، ۲۳ جون، ۱۳ جولائی، ۶، ۲۱ ستمبر، ۱۵، ۱۹، ۲۹ اکتوبر، یکم نومبر، ۱۲، ۲۰ دسمبر موافق ثابت ہونگی۔ ان دنوں کوششوں کے آغاز کے لئے تیار رہیں اور حوصلے بلند رکھیں۔ مشتری ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ سعد ستارہ مشتری ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ تو ۲۰ جون کو اسے رجعت ہوگی اور ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک چھٹے گھر میں رہے گا اسے یہاں ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت رہے گی۔ ۱۱ جنوری کو عطارد مشتری کے ساتھ قران کرے گا تو معاہدات اور کاروباری معاملات میں بڑی پیش رفت ہوگی۔ ترقی کرنے کے بڑے مواقع ملیں گے۔ رجعت کے دنوں کام دیر سے ہوتے ہیں۔

عطارد ۵ تا ۱۹ اپریل تک آٹھویں گھر میں موجود ہوگا۔ شراکت داری، میراث وترکہ سے متعلقہ معاملات کے کام بہتر رہیں گے۔ جائیداد کے کاغذات کی تیاری یا قانونی مشورہ لینا چاہ رہے ہیں تو ۲ اپریل کو عطارد پلوٹو کی تسدیس، ۱۰ اپریل کو عطارد زحل کی تسدیس، ۱۵ اپریل کو شمس مشتری کی تسدیس، ۱۷ اپریل کو عطارد مشتری کی تسدیس کے سعد نظرات بنیں گے آپ کو ہر طرح سے مدد اور لوگوں کا تعاون ملے گا۔ سرمایہ کاری، کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کر کے مسائل سے بچ سکیں گے۔

عطارد ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک وتد السماء پر رہے گا۔ کیریئر، جاہ طلبی، ملازمت کے معاملات کے لحاظ سے آپ کی موافقت میں ہوگا۔ ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ عطارد کو ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت رہے گی۔ اس وقت دوستوں کے ساتھ میل ملاقات میں احتیاط کریں۔ آفیشل معاملات کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت اگر مختصر یا غلط راستہ اختیار کرنے کی کوشش کی تو طویل مدت تک نقصان اٹھائیں گے۔ کاروباری معاملات میں رکاوٹیں، تاخیر اور التواء لاتی ہے۔

عطارد ۱۲ تا ۳۰ اگست تک طالع میں رہے گا۔ کام اور کاروبار میں ذہنی وسعت بڑھ جائے گی۔ اپنے لیے بہت کچھ

کرنے کی خواہش ہوگی۔لوگوں سے ملاقات کریں، مشورہ کریں۔عطارد ۳۱ اگست سے ۵ نومبر کے دوران خانہ مال میں رہے گا۔عطارد ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔لہٰذا جو مشکلات بھی پیش آئیں گی ان کی وجہ خود آپ کی لاپرواہی یا غیر حاضر دماغی ہوگی۔اس وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بھی مشکلات کا سامنا ہوگا۔عطارد ۲، ۴، ۱۱، ۱۹، ۲۵ اگست، ۲۲ ستمبر، ۲، ۱۰، ۱۳، ۲۱ نومبر، ۷ دسمبر کی خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔دراصل مالی خطرات مول لینے کے لحاظ سے یہ وقت انتہائی غیر موافق ہوگا۔

عطارد ۶ تا ۲۴ نومبر تک تیسرے گھر میں رہے گا۔اس وقت تمام معاملات آپ کی امیدوں اور توقعات پر پورے اتریں گے۔سفر، دوستوں اور تعلیمی معاملات میں رونما ہونے والے بعض واقعات کی وجہ سے سوچ میں تبدیلی آئے گی۔زائد خراجات ہونگے۔اہم ملاقاتوں یا اہم مشورے کرنے کے لئے یکم، ۶، ۱۸، ۳۰ نومبر، ۱۲، ۲۱، ۲۷ دسمبر کو ذہن میں رکھیں۔دوران رجعت دوسروں پر انحصار نہ کریں۔ورنہ مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔

صحت کے معاملات کے لحاظ سے شروع جنوری احتیاط کا متقاضی ہوگا۔۱۳ جنوری کو مریخ اور زحل کی تربیع قوت حیات میں کمی کی نشاندہی کر رہا ہے۔یکم جولائی بھی اسی نوعیت کی صورتحال کی نشاندہی کر رہی ہے۔اگر آپ کے بچے ہیں تو ۱۱ نومبر کے قریب قریب کسی ایک کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہوگی۔تاہم پریشانی والی کوئی بات نہیں ہوگی۔سفر کے دوران کھانے پینے میں احتیاط سے کام لیں۔۷ اکتوبر کو شمس اور پلوٹو کی غیر موافق نظر متنبہ کر رہی ہے کہ دفتر میں ضرورت سے زیادہ کام نہ کریں۔اس وقت جسم میں قوت و طاقت کی کمی ہوگی۔اگر ہو سکے تو اس وقت چھٹی لے لیں۔دسمبر میں گھر کے کسی فرد یا کسی رشتہ دار کی بیماری کی وجہ سے کچھ زائد ذمہ داریاں قبول کرنی پڑیں گی۔لہٰذا شروع اور آخر دسمبر میں اپنے پروگراموں میں لچک رکھیں۔

ستارہ زحل آپ کے زائچہ کے خانہ امراض، کام، روزگار میں ڈھائی سال کے لیے آچکا ہے۔زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔یہ خلاف معمول ٹھنڈ، سردی، جوڑوں کے درد اور ہاتھ پاؤں میں درد پیدا کرتا ہے۔نیز دانتوں یا دوسرے امراض کے لئے لاپرواہی اختیار نہیں کرنی چاہئے۔جہاں تک کام کا تعلق ہے۔سخت محنت کرنا پڑے گی۔چونکہ یہاں باقوت حالت میں ہے۔اس لئے دماغی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔تربیت کے مطابق ملازمت یا کیریئر میں مدد دے گا۔چونکہ آپ کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی اور زیادہ وقت کام یا روزگار کو دینا پڑے گا تو معمول کے خلاف سنجیدگی طاری رہے گی۔اس سال برج سنبلہ والوں کو ملازمتی امور میں خاص تجربات سے گزرنا ہوگا۔ان کو سیکھنا ہوگا کہ دوسروں سے کیسے کام نکلوانا چاہئے۔خصوصاً فروری اور دسمبر میں ساتھ کام کرنے والوں سے تنازعات کا اندیشہ ہے، اپنے اوپر قابو رکھیں۔فوراً ہی ملازمت ترک نہ کرنی چاہئے وجہ یہ ہے کہ زحل دوسری ملازمت کے حصول میں رکاوٹ پیدا کرے گا۔مزدوروں سے موافقت نہ ملے گی اور روزگار کی طرف سے دل پریشان ہو جائے گا۔سردیوں میں ایسی تمام چیزوں سے پرہیز کریں جو جسم میں پانی کی مقدار کو بڑھا دیں اور سردی کے امراض پیدا ہوں۔دانتوں کے امراض کا بھی خیال رکھیں۔زحل ۲۲، ۳۰ مارچ، ۱، ۱۰ اپریل، ۱۲، ۲۰ مئی، ۴ جون، ۲۳ اگست، ۵، ۲۶ ، ۳۰ ستمبر، ۱۴، ۳۰ اکتوبر، ۱۰، ۱۱، ۳۰ نومبر، ۱، ۳۰ دسمبر کی موافق تاریخیں ہیں۔

۱۰ جون کا سورج گرہن وتد السماء پر لگے گا۔جو بہت جلد کیریئر میں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت قسمت اور حالات آپ کے کنٹرول میں ہوں گے۔چنانچہ مقاصد اور جاہ طلبیوں سے متعلقہ تمام اہم فیصلے آپ کے حق میں بے حد مفید ثابت ہوں گے۔

۱۰ جنوری سے یکم فروری تک زہرہ پانچویں گھر میں رہے گا تو محبت میں ناکام لوگوں کے لئے یہ وقت سازگار ہوگا۔جنوری کے پہلے ہفتے میں کسی تقریب میں محبت ملے گی یا پھر تفریحی یا طویل سفر سے محبت آئے گی۔لوگ آپ کی طرف زیادہ متوجہ ہونگے۔۲۸ جنوری کے نزدیک مسائل پیدا ہوں گے۔فروری کا آخر میں ہونے والے واقعات محبت پر گہرا اثر ڈالیں گے۔اچانک تبدیلی کے لئے تیار رہیں کام کی زیادتی محبت کے معاملات پر اثر انداز ہوگی۔

ستارہ زہرہ اس سال شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۲۶ فروری سے ۲۱ مارچ تک کا عرصہ گزارے گا۔یہ وقت

شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون و اطمینان لائے گا۔ وہ افراد جن کی اپریل یا آنے والے مہینوں میں شادی ہونے والی ہے۔ ان کے لئے خوشگوار مستقبل کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ تاکہ حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہو سکے۔ ۱۳ فروری، ۳، ۱۸، ۲۶، ۳۰ مارچ کو زہرہ سعد نظرات قائم کرے گا۔

ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے ۱۱ اپریل کو زہرہ مریخ کی تثلیث خاص طور پر سعد ہوگی۔ ان دنوں زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ انہیں خوش بختی اور ہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ شادی شدہ افراد کو جون میں شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔ اس سال محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۹، ۱۴، ۲۴ جنوری، ۱۳ فروری، ۳، ۱۸، ۲۶، ۳۰ مارچ، ۶، ۱۰ اپریل، ۳، ۶، ۲۰، ۲۹ مئی، ۴، ۱۳، ۲۱ جون، ۳، ۱۲، ۲۳ اگست، ۶، ۲۹ ستمبر، ۲، ۱۴، ۱۷، ۲۹ ۱اکتوبر، ۱۹ نومبر، یکم دسمبر کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ ان دنوں محبت اور سفر کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہوگا۔

زہرہ ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک نویں گھر میں رہے گا۔ سفر، تعلیم اور بیرون ملک سفر اور تجارتی امور کے معاملات میں بہتری آئے گی۔ زہرہ ۳ تا ۲۷ جون تک امیدوں اور خواہشات کے گھر میں ہوگا تو اس ماہ محبت کے معاملات کے لحاظ سے زائد سکون و اطمینان لائے گا۔ تعلقات میں مضبوطی پیدا ہوگی۔ وہ لوگ جو مثالی شریک حیات کی تلاش میں ہیں ان کے لئے ۴، ۱۳، ۲۱ جون کو رونما ہونے والے غیر متوقع حالات اہمیت کے حامل ثابت ہوں گے اس وقت کوئی دوست محبت کے معاملات کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ ۶، ۱۰ اپریل، ۳، ۶، ۲۰، ۲۹ مئی کو زہرہ سعد نظرات قائم کرے گا۔

زہرہ ۲۳ جولائی سے ۱۶ اگست تک طالع میں رہیگا۔ لہذا یہ وقت غیر معمولی طور پر خوش قسمت ہوگا۔ جو محبت، دوستی، سیر و تفریح اور آرام کے زائد مواقع لائے گا۔ ۱۳ اگست کو زہرہ یورنس کی تثلیث ہوگی۔ جس سے خوش بختی کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زہرہ ۲۳ اگست کو زحل سے سعد نظر بنائے گا۔ جس سے نقد روپے کے بہاؤ میں تیزی آئے گی۔ اس بات کی نشاندہی ہو رہی ہے کہ عرصہ پہلے جو کوششیں کی تھیں یا جو تجربہ حاصل کیا تھا وہ اب قسمت کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

زہرہ ۱۷ اگست سے ۱۰ ستمبر تک خانہ مال میں رہے گا۔ ذاتی اور شراکتی مالی معاملات کے لحاظ سے یہ ماہ موافق ثابت ہوگا۔ ان معاملات سے متعلق کوئی مشکل جس کا عرصے سے سامنا تھا اب اس پر جلد قابو پا سکیں گے۔ ۳، ۱۲، ۲۳ اگست، ۶، ۲۹ ستمبر، ۲، ۱۴، ۱۷، ۲۹ ۱اکتوبر، ۱۹ نومبر، یکم دسمبر کو زہرہ سعد نظرات قائم کرے گا۔

مریخ ۱۳ جنوری کو زحل سے تربیع، ۲۱ کو یورنس سے قران، ۲۳ کو مشتری سے تربیع بنائے گا۔ ۲۴ جنوری کو شمس زحل کا قران، ۲۶ جنوری کو شمس یورنس کا قران، ۲۹ جنوری کو شمس مشتری کا قران ہوگا۔ ملازمین سے ہوشیار رہیں، ملازمت یا روزگار میں اپنی خواہشوں کو نہ بڑھائیں ورنہ کسی بھی جگہ پھنس جائیں گے۔ ضرورت سے زیادہ خوش امیدی اور فضول خرچی کے ذریعے نقصان کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ بڑی رقم چوری ہو جائے گی۔ زمین یا جائیداد کے معاملات میں دھوکہ یا فریب ہوگا۔ نشہ آور اشیاء کے استعمال سے قانونی پکڑ میں آئیں گے۔ ذلت و بدنامی ہوگی۔ مالی امور پر خاصا دباؤ پڑے گا۔ اس وقت اگر جلد بازی سے گریز کریں تو امیر بنانے والی کسی بھی اسکیم میں شامل نہ ہوں۔ سرمایہ کاری کرنی ہو تو ایک خاص حد کے اندر رہتے ہوئے روپیہ لگائیں۔

مریخ ۳۰ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک طالع میں رہے گا۔ تو اس دن سے تبدیلی یا موزوں ملازمت کے حصول کے لئے جو کوششیں کریں گے وہ کامیاب رہیں گی۔ اس دوران آپ کے مقاصد میں تیزی اور زور پیدا ہوگا۔ نحس نظرات میں معاملات سختی لاتے ہیں اور ذہنی پریشانی دیتے ہیں۔ ۲۹ جولائی کو مریخ مشتری کا مقابلہ، ۲ اگست شمس زحل کا مقابلہ، ۷ اگست شمس یورنس کی تربیع اور ۲۰ اگست کو شمس مشتری کا مقابلہ ہوگا محتاط رہ کر اپنے کام انجام دیں۔

مریخ ۱۵ ستمبر سے ۳۰ اکتوبر تک خانہ مال میں رہے گا تو اس کی موجودگی کی وجہ سے جدوجہد کے موڈ میں ہوں گے۔ ۲۶ ستمبر کو مریخ زحل کی تثلیث، ۱۹ اکتوبر کو مریخ مشتری کی تثلیث ہوگی۔ رکاوٹوں اور مخالفتوں کا با آسانی مقابلہ کر سکیں گے۔ اس وقت جو حالات رونما ہوں گے یا جن لوگوں سے ملاقات ہوگی وہ آپ کے خود اعتمادی میں اضافہ کریں گے۔ اور صحیح سمت میں رہنمائی کریں گے۔ اس وقت زیادہ باوقار اور پرزور رویہ اختیار کر سکتے ہیں۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوشش ہی کامیابی لائیں گی۔ مریخ ۲ ستمبر، ۱۰، ۲۲ اکتوبر، ۱۱، ۱۷ نومبر، ۸ دسمبر کو نحس نظرات قائم کرے گا۔

میزان

2021 کے امکانات

والوں کے لئے جن کی پیدائش ستمبر۲۴ سے ۲۳ اکتوبر کے درمیان ہے یا

جن کے نام کا حرفِ اوّل ر۔ ت۔ ط ہے

ستارہ زحل پانچویں گھر میں ڈھائی سال کے لیے آ چکا ہے۔ جس کا تعلق تخلیقی سرگرمیوں اور محبت کے معاملات سے ہے۔ مارچ سے اپنے اعلیٰ قوتوں کا اظہار کرے گا۔ زحل کی سعد نظر اہم سوشل سرگرمیوں، رشتہ داری کے معاملات میں اہم ثابت ہوگی۔ اس دوران بعض رکاوٹوں کی وجہ سے اپنے بنیادی مقاصد کو آگے نہ بڑھا سکیں گے۔ یہ مایوس کن صورتحال ۲۳ مئی سے ۱۱اکتوبر تک رجعت کی وجہ سے بھی رہے گی۔ اور جب یہ مستقیم ہوجائے گا تو زیادہ باقوت اثر ظاہر کرنے لگے گا۔ ماہ جون میں اپنے تمام فیصلے موخر کریں۔ اکتوبر میں رونما ہونے والے حالات دوبارہ آگے بڑھنے کی ترغیب دیں گے۔

آپ ایک ایسے دور میں داخل ہونگے جب ماضی کی کوششوں کا اجر ملے گا۔ تخلیقی قوتوں اور صلاحیتوں کی نشوونما کے لحاظ سے حالات زیادہ موافق ہوجائیں گے۔ وہ دلچسپیاں جواب تک محض فاضل اوقات تک محدود تھیں نئے خیالات اور سوچ عطا کریں گی اور انہیں پیشہ وارانہ بنیادوں پر استوار کر کے مالی فائدہ حاصل کرنے کے متعلق سنجیدگی سے غور کرنے لگیں گے۔ زحل ۲۲، ۳۰مارچ، ۱۰ا،۱۰اپریل، ۱۲، ۲۰مئی، ۴جون، ۲۳ اگست، ۵،۲۶، ۳۰ستمبر، ۱۴،۱۳۰اکتوبر، ۱۰،۱۱، ۳۰نومبر، ۱، ۳۰دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

زحل و مشتری دونوں ہی برج دلو میں داخل ہو چکے ہیں۔ مادی معاملات کے لحاظ سے اہم حالات رونما ہونے کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ مالی معاملات کے لحاظ سے اب آپ کے فیصلے غلط نہیں ہوں گے۔ لیکن زحل کی وجہ سے ضروری ہوگا کہ تمام مادی ضروریات اور جاہ طلبیوں سے متعلق حقیقت پسندانہ پالیسی اختیار کی جائے۔ اگر مالی یا کاروباری سرگرمیوں میں شراکت کے خواہاں ہیں تو جلد بازی نہ کریں بلکہ معاملات کو درست شکل دینے میں کافی وقت لگائیں۔ یاد رکھئے جہاں تک نئے کاروباری اور مالی معاملات کا تعلق ہے، زحل جلد بازی کو ہرگز برداشت نہیں کرتا۔ لہٰذا اگر کوئی تبدیلی لانا چاہ رہے ہیں تو پہلے ٹھوس بنیاد رکھنے پر توجہ دیں۔ اہم مالی معاملات طے کرنے کے لئے ۲۲، ۳۰مارچ، ۱۰ا،۱۰اپریل، ۱۲، ۲۰مئی، ۴جون، ۲۳ اگست، ۵،۲۶، ۳۰ستمبر، ۱۴،۱۳۰اکتوبر، ۱۰،۱۱، ۳۰نومبر، ۱، ۳۰دسمبر کی سعد تاریخیں ہوں گی۔

عطارد ۱۰جنوری سے ۱۵مارچ تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ عطارد ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت رہے گی۔ ۹جنوری کو عطارد مریخ کی تربیع، ۱۰جنوری کو عطارد زحل کے قران، ۱۱جنوری کو عطارد مشتری کا قران، ۱۲جنوری کو عطارد یورنس کی تربیع ہوگی اندیشہ ہے کہ اس وقت آپ کے غلط اندازے آپ کی نیک نیتی سے کی گئی کوششوں کو نقصان پہنچائیں گے یا غلط فہمیوں کا سبب بنیں گے۔ بچوں کی خواہشیں والدین کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گی۔ دوست جو بنیں گے وہ ذہنی سطح سے گرے ہوئے ملیں گے۔ اس وقت ہر طرح کی سرمایہ کاری اور انعامی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔

عطارد طالع کے مقابل ۵ تا ۱۹اپریل تک رہے گا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے سال کا آغاز ان تعلقات کی موافقت میں ہوگا جو پہلے سے قائم ہیں۔ زائد سکون اور خوشی کے احساس کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ جب کہ وہ افراد جن کی شادی ہونے والی ہے۔ ان کے سارے کام با آسانی انجام پائیں گے۔

عطارد ۵مئی سے ۱۱جولائی تک نویں گھر میں رہے گا۔ اس دوران ۳۰مئی سے ۲۳جون تک رجعت ہوگی۔ قانونی اور

آفیشل معاملات میں بے حد محتاط رہیں۔ ان دنوں دھوکہ وفریب کا اندیشہ ہے۔ لوگوں کے وعدوں پر بھروسہ نہ کریں۔ ان دنوں سرمایہ کاری، کاروباری اور مشترکہ مالی معاملات میں حقیقت پسندانہ پالیسیاں اختیار کرکے مسائل سے بچ سکیں گے۔

عطارد دسویں گھر میں ۱۲ تا ۲۸ جولائی تک رہے گا، ۱۳ جولائی کو عطارد مشتری کی تثلیث، ۲۰ جولائی کو عطارد یورنس کی تسدیس کی نظر بنے گی۔ مالی معاملات اور ذاتی اور مشترکہ مالی مفادات سے متعلق حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑنے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ عطارد ۲۶ و ۲۷ جولائی کو نحس نظرات بنائے گا یہ وقت قانونی یا آفیشل معاملات کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت اگر مختصر یا غلط راستہ اختیار کرنے کی کوشش کی تو طویل مدت تک نقصان اٹھائیں گے۔ کیریئر اور ملازمت کے معاملات میں احتیاط کی ضرورت ہے۔

عطارد طالع میں ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک رہے گا اس دوران ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ مالی اور تحریری معاملات میں احتیاط کریں۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد تمام معاملات آپ کی امیدوں اور توقعات پر پورے اتریں گے۔ رونما ہونے والے بعض واقعات کی وجہ سے سوچ میں تبدیلی آئے گی۔ عطارد ۲۰، ۲۶ اگست، ۵، ۲۱ ستمبر، یکم، ۶، ۱۸، ۳۰ نومبر، ۱۲، ۲۱، ۲۷ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

عطارد ۶ تا ۲۴ نومبر تک خانہ مال میں رہے گا۔ یہ ستارہ ۱۰ نومبر کو عطارد مریخ سے قران، زحل سے تربیع، ۱۳ نومبر کو عطارد یورنس کا مقابلہ، ۲۱ نومبر کو عطارد مشتری کی تربیع کی نظر بنے گی۔ زائد اخراجات لائے گی۔ کچھ بے حد مفید اور بااثر لوگوں سے تعلقات قائم ہوں گے۔ دوست یا کوئی جاننے والا کسی مشکوک اسکیم میں آپ کی مدد یا تعاون کا خواہاں ہو تو تمام پہلوؤں پر غور کئے بغیر کوئی وعدہ ہرگز نہ کریں۔ عطارد تیسرے گھر میں ۲۵ نومبر سے ۱۳ دسمبر تک رہے گا۔ لہٰذا آنے والے ہفتوں میں مطالعہ سے ذہن کو وسعت ملے گی۔ چھٹیاں گزارنے یا چند دن کے لئے باہر جانا اچھا رہے گا۔ سفر، رابطے، سوشل سرگرمیاں، دوستوں سے ملاقاتوں کے لیے مواقع لائے گا۔

سعد ستارہ مشتری سارا سال محبت کے معاملات، آرٹسٹک اور تخلیقی سرگرمیوں سے متعلقہ پانچویں گھر میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران طالع کی موافقت میں ہوگا۔ لہٰذا مستقبل قریب میں جو کچھ بھی حاصل کرنا چاہ رہے ہیں اس کے حصول کے لئے کامیابی کی توقع رکھیں۔ کواکبی صورتحال اس بات کی نشاندہی کررہی ہے کہ یہ وقت دنیوی مقاصد اور تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے ترقی اور وسعت لائے گا۔ مشتری کو ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا ۲۰ جون کو رجعت ہوگی ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔

شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے سکون اور خوش بختی آئے گی۔ وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی ہے انہیں بھی خوش بختی سے واسطہ پڑے گا۔ اگر مالی رکاوٹوں کی وجہ سے اب تک شادی نہیں ہوسکی ہے تو اب یہ رکاوٹ دور ہوجائے گی۔ مشتری کی موجودہ پوزیشن کاروباری شراکتی معاملات کے لحاظ سے بھی خوش بختی لائے گی اس بات کی نشاندہی ہورہی ہے کہ میزان سے متعلقہ اکثر کاروباری افراد مستقبل قریب میں ایک یا زیادہ فائدہ مند شراکتیں قائم کریں گے۔ لہٰذا محبت کے معاملات، انعامی اسکیم، بانڈز، کرنسی یا سرمایہ کاری کے لحاظ سے ہر چیز امیدوں اور توقعات پر پوری اترے گی۔ کسی شخص سے اتفاقیہ ملاقات آپ پر گہرا اثر ڈالے گی۔ اس وقت میزان سے متعلقہ اکثر غیر شادی شدہ افراد کی اپنے ہونے والے شریک زندگی سے ملاقات ہوجائے گی۔ مشتری ۱۱ جنوری، ۱۱ فروری، ۵ مارچ، ۱۰، ۱۵، ۱۷ اپریل، ۴، ۲۳ جون، ۱۳ جولائی، ۶، ۲۱ ستمبر، ۱۵، ۱۹، ۲۹ اکتوبر، یکم نومبر، ۱۲، ۲۰ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

۲۶ مئی کا چاند گرہن زائچے کی تیسرے گھر میں لگے گا۔ جس سے آنے والے ہفتوں میں روزمرہ معمولات میں تبدیلی کی نشاندہی ہورہی ہے۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ نقل وحرکت کریں گے۔ جس سے ہم خیال یا ایسے لوگوں سے ملاقات ہوگی جو خیالات کے بہتر اظہار کے سلسلے میں آپ کی مدد کریں گے۔

ستارہ زہرہ طالع کے مقابل ۲۲ مارچ سے ۱۴ اپریل تک رہے گا۔ خوداعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ شریک کار یا شریک

شادی کے لئے بھی یہی بہتر وقت ہوگا۔ خدشات ختم ہو جائیں گے۔ ۶ اپریل کو زہرہ
حیات سے اختلاف ختم ہو جائیں گے۔ شادی کے لئے بھی یہی بہتر وقت ہوگا۔ آپ کا رویہ بہت سنجیدگی اختیار کرلے گا۔ میزانی
مریخ کی تسدیس ہوگی' پسندیدگی بڑھ جائے گی اور محبت کے معاملات میں آپ کا رویہ بہت سنجیدگی اختیار کرلے گا۔ میزانی
افراد کی شادی کے لئے فروری' مئی اگست' اکتوبر کے ماہ سعد ہونگے۔ زہرہ ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک آٹھویں گھر میں رہے گا
اس دوران مالی خوش بختی ملے گی یا والدین سے ترکہ یا میراث ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۱۵ اپریل کو شمس مشتری کی
تسدیس ہوگی۔

محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۲۸ جون تا ۲۲ جولائی کو زہرہ گیارہویں گھر میں ہوگا تو سوشل رابطے بڑھ جائیں
گے۔ جولائی میں زہرہ نحس نظرات بنائے گا جس سے محبت اور دوستی کے معاملے میں آپ نئے تجربات سے گزریں
گے۔ ۷' ۹' ۱۳' ۲۲ جولائی کو زہرہ کا مریخ' مشتری' زحل یورنس سے نحس نظر بنائے گا۔ کسی شخص کی دشمنی کسی تعلق کو بری طرح
توڑ دے گی۔ رشتہ دار دشمنی پر اتر آئیں گے۔ لہذا قریبی افراد آپ سے بہت کچھ فائدہ لینے کے چکر میں رہیں گے۔
ابھرنے والے منفی خیالات کو گفت و شنید سے ختم کریں۔

زہرہ ۱۷ اگست سے ۱۰ ستمبر تک طالع میں رہے گا۔ ۶ ستمبر کو زہرہ مشتری کی تثلیث بنے گی کسی اچھے مخلص اور نفیس
قسم کی شخصیت سے ملاقات کا باعث بنے گی۔ مگر ۷ ستمبر کو زہرہ زحل کی تربیع بھی ہے۔ نئے تعلقات میں محتاط رہیں۔ بہت
ساری باتیں آپ سے پوشیدہ رکھی جائیں گی۔ لہذا اندھا دھند اعتماد نہ کریں۔ زہرہ ۱۸ اکتوبر سے ۵ نومبر تک تیسرے گھر
میں رہے گا۔ اس کے بعد محبت کے معاملات میں بہتری آنے لگے گی۔ ۱۴' ۱۷' ۲۹ اکتوبر اس لحاظ سے سعد تاریخیں ہوں
گی۔ ان دنوں سوشل سرگرمیاں ہم خیال افراد کو زندگی میں لائے گی۔ مشکلات سے چھٹکارا پانے کے لئے لوگ آپ کی مدد
اور مشورے کے خواہاں ہوں گے۔

مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ مریخ کی یہ پوزیشن ان افراد کی صلاحیتوں اور قوتوں کی
آزمائش لائے گی۔ جن کا کام مسابقتی نوعیت کا ہے۔ تاہم مشتری موافقت میں ہے۔ لہذا رکاوٹوں پر قابو پانے کے قابل
بنائے گا۔ شادی شدہ زندگی اور کاروباری شراکتی معاملات کے لحاظ سے یہ وقت غیر موافق نہیں ہوگا۔ لیکن اس وقت آپ
میں زائد بے صبری اور بے چینی کی وجہ سے باطنی طور پر تناؤ پیدا ہوگا۔

مریخ ۲۴ اپریل تا ۱۱ جون تک وتد السماء پر رہے گا۔ ۱۷ اپریل کو مریخ مشتری کی تثلیث' ۱۲ مئی مریخ یورنس کی
تسدیس' ۱۳ مئی کو مریخ نپ چون کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت اپنے مزاج پر قابو رکھیں تا کہ معاملات پر عقلمندی سے گفت و شنید
کی جاسکے۔ جذباتی لحاظ سے یہ آسان وقت نہیں ہوگا۔ لیکن آپ میں پختگی پیدا کرے گا اور شریک سے ہم آہنگی کا موقع
لائے گا۔ کیریئر' ملازمت' کاروبار' جاہ طلبی کے امور بہت تیزی سے آگے بڑھیں گے۔ اس ماہ معاملات کو پرزور طریقے
سے آگے بڑھائیں۔

مریخ ۱۲ جون سے ۲۹ جولائی تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ ۶ جون کو مریخ پلوٹو کا مقابلہ اور یکم جولائی کو مریخ زحل
کا مقابلہ' ۴ جولائی کو مریخ یورنس کی تربیع ہوگی۔ چنانچہ ذاتی قریبی تعلقات کے متعلق ہرگز لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ جس
سے اختلاف اور جھگڑے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ دراصل اس ماہ حالات جو بھی رخ اختیار کریں گے۔ ان کا انحصار اس
بات پر ہوگا کہ آپ کے دل میں دوسرے شخص کی کتنی محبت اور عزت ہے۔ جو باتیں دل میں رکھتے ہیں ان کو اس وقت
سامنے لانا پڑے گا۔

مریخ ۱۵ ستمبر سے ۳۰ اکتوبر تک طالع میں رہے گا۔ ۲۶ ستمبر کو مریخ زحل سے تثلیث اور ۱۰ اکتوبر کو مریخ عطارد سے
قران اور ۱۹ اکتوبر کو مریخ مشتری سے تثلیث بنائے گا۔ اس نظر کے قریب قریب جو بھی اہم فیصلے کریں گے یا جو نئے
اقدامات کریں گے۔ وہ کامیابی اور ترقی کا سبب بنیں گے۔ دراصل آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے حصول
کے لحاظ سے اس وقت آپ کی کوششیں کامیاب رہیں گی۔ کیریئر' کاروباری منصوبوں یا تخلیقی سرگرمیوں کے لحاظ سے آگے
بڑھنے کے زائد مواقع اور ترغیب ملے گی اور رونما ہونے والے حالات آپ کو بہت اہم مقام پر لے آئیں گے۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ن۔ ظ۔ ذ۔ ض۔ ز ہے

مریخ طالع کے مقابل ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک رہے گا۔ اس طرح سال کا آغاز ایک چیلنج ہوگا مریخ کی موجودگی رکاوٹ یا مخالفت کے عنصر کی نشاندہی کرتی ہے۔ جس کا بلاواسطہ سامنا کرنا ہوگا اور اس پر قابو پانا ہوگا۔ تاہم ایسی رکاوٹوں کی موجودگی میں جلد بازی کرنے کی بجائے حکمت عملی سے کام لینا بہتر ہوگا۔ اندیشہ ہے کہ بغیر سوچے سمجھے قدم اٹھا کر اور جارحانہ رویہ اختیار کر کے بآسانی دشمنی پیدا کر لیں گے لہذا محتاط رہیں۔ ۱۳ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع' ۲۱ جنوری کو مریخ یورنس کا قران' ۲۳ جنوری کو مریخ مشتری کی تربیع' ۲۴ جنوری کو شمس زحل کا قران' ۲۶ جنوری کو شمس یورنس کی تربیع اور ۲۹ جنوری کو شمس مشتری کا قران ہوگا۔

مریخ نویں گھر میں ۲۴ اپریل سے ۱۱ جون تک رہے گا۔ جس سے ذہنی سرگرمیوں، حصولِ علم اور غیر ملکی سفر پر دباؤ پڑے گا۔ خاص طور پر ان افراد کی موافقت میں ہوگا۔ جو اپنے اندر تکنیکی صلاحیتیں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ لکھنے، اشاعت، صحافت، درس و تدریس، کمیونی کیشن اور نشر و اشاعت کے اداروں سے متعلقہ تمام معاملات کے لحاظ سے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ وہ افراد جو غیر ملکی رابطوں کے ذریعے اپنے کاروبار کو وسعت دینا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے سال کے آخری تین ماہ خاص طور پر خوش قسمت ثابت ہوں گے۔ لیکن یہ ذہن میں رہے کہ اس وقت ذاتی کوشش ہی کامیابی لائیں گی۔ نیز مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرنے اور اپنی دلچسپیوں میں تبدیلی لانے کے لئے مختلف امکانات کا جائزہ لینے کے لئے بھی یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ ۱۲ مئی کو مریخ یورنس کی تسدیس' ۳۱ مئی کو مریخ نپ چون کی تثلیث' ۴ جون کو شمس زحل کی تثلیث کی سعد نظر بنے گی۔

مریخ ۳۰ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک گیارہویں گھر میں رہے گا- یہاں موجودگی کے دوران وہ طالع کی موافقت میں ہوگا۔ مریخ ۲۲ اگست کو یورنس سے تثلیث' ۶ ستمبر کو مریخ پلوٹو کی تثلیث بنائیگا۔ سیر و تفریح یا سفر کا ارادہ ہوگا۔ دوستوں سے ملنے جائیں گے۔ مریخ زائد ذہنی و جسمانی قوت و طاقت عطا کرے گا جس سے اپنی مرضی کے مطابق کام کر سکیں گے- کام کے دوران اپنے آپ کو اکثر بے چین محسوس کریں گے- پابند کرنے والے معمولات سے نجات پانا چاہیں گے- اکثر افراد بڑی کامیابی سے ان پابندیوں سے نجات بھی حاصل کر لیں گے اور انہیں نئی سمت میں آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے- یہ وقت زندگی میں اہم تبدیلیاں لائے گا- اس وقت کیرئیر اور دنیوی معاملات میں قسمت بنانا آپ کے ہاتھ میں ہوگا- ماضی کی کوششوں کا اجراب ملنے لگے گا-

مریخ ۱۵ ستمبر سے ۳۰ اکتوبر تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس وقت پس پردہ جو حالات رونما ہوں گے۔ ان سے شروع میں آپ آگاہ نہیں ہوں گے۔ مگر مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر ان کا گہرا اثر مرتب ہوگا۔ یہ وقت جسمانی اور ذہنی قوتوں کے لحاظ سے احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس پورے عرصے میں صحت کا خاص خیال رکھیں۔ کھانے پینے میں لاپرواہی سے کام نہ لیں۔ دراصل اس وقت صحت اور کام کے معاملات میں براہ راست تعلق ہوگا۔ چنانچہ ضرورت سے زیادہ کام کرنے سے ہی صحت متاثر ہوگی۔ لہذا کام کے معاملات میں آہستگی اختیار کریں۔ ۶ جون' ۱' ۴' ۲۹ جولائی' ۲ ستمبر' ۱۰' ۲۲

اکتوبر کو خاص طور پر محتاط رہیں کوئی غلط بیانی دشمنی پیدا کرے گی۔ رشتے ٹوٹ سکتے ہیں، شراکت داری ختم ہو جائے گی۔ اکتوبر کا پورا مہینہ احتیاط کا ہے کوئی بھی غلط قدم قانون کی گرفت میں لا سکتا ہے۔

مشتری شروع سال سے جائیداد اور گھریلو معاملات سے متعلقہ چوتھے گھر میں ہے۔ چنانچہ زندگی کی مادی بنیادوں کی موافقت میں ہوگا۔ اس گھر میں مشتری کی موجودگی آپ میں باطنی لحاظ سے بتدریج تبدیلی لا رہی ہوگی۔ یعنی آپ میں زیادہ مضبوطی اور تحفظ کا احساس پیدا ہوگا۔ نیز زندگی میں ایک طرح کی غیبی قوت کی موجودگی کا احساس ہوگا جو آپ کی رہنمائی کرے گی۔ مشتری خوش امیدی کا احساس پیدا کرتا ہے۔ نیز یہ سوچ بھی کہ آپ درست راستے پر گامزن ہیں۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ خواہ کسی بھی قسم کی تبدیلیاں آئیں مشتری کا اثر یقینی طور پر آپ کو دوبارہ اپنے قدموں پر مضبوطی سے کھڑا کر دے گا۔

مشتری سارا سال چوتھے گھر میں رہے گا۔ مشتری ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا ۲۰ جون کو رجعت ہوگی تو ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہو جائے گا۔ لہٰذا شروع سال سے یہ وقت جائیداد اور گھریلو معاملات کے لحاظ سے اہمیت کا حامل ہوگا۔ ۱۱ جنوری، ۱۱ فروری، ۵ مارچ، ۱۰، ۱۵، ۱۷ اپریل کی سعد تاریخوں میں اس قابل ہو جائیں گے کہ زندگی میں مرضی کے مطابق تبدیلیاں لا سکیں۔ مرضی کے مطابق اور کشادہ گھر کی تلاش کے لحاظ سے یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔ گھر سے متعلقہ اہم فیصلے کرنے کے لیے ۴، ۲۰، ۲۳ جون، ۱۳ جولائی، ۶، ۲۱ ستمبر، ۱۵، ۱۹، ۲۹ اکتوبر، یکم نومبر، ۱۲، ۲۰ دسمبر سعد ثابت ہونگی۔

۱۴ جنوری کو زہرہ یورنس سے تثلیث اور ۲۴ جنوری کو پلوٹو سے تسدیس بنائے گا تو ان تاریخوں کے قریب غیر شادی شدہ عقربی افراد کی زندگی میں خاص اہمیت کی حامل شخصیت داخل ہوگی۔ ملاقات سچی جذبات کی آئینہ دار ہوگی۔ زہرہ ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک ساتویں گھر میں ہوگا۔ ۱۲ اپریل کو زہرہ پلوٹو کی تربیع ہوگی یہ وقت احتیاط کا متقاضی ہے۔ اختلافات ہونگے اور ایسی حماقتیں سرزد ہوں گی جن سے شادی شدہ زندگی یا قریبی تعلقات متاثر ہونگے۔ ۲۳ اپریل کو زہرہ یورنس کے قران، ۲۵ اپریل کو زہرہ زحل کی تربیع، ۸ مئی کو زہرہ مشتری کی تربیع ہوگی۔ جو محبت کا امتحان ثابت ہوگا۔ سچی محبت دائمی اختیار کر جائے گی اور بے کار محبت زندگی سے نکل جائے گی۔

۲۸ جون سے ۲۲ جولائی تک زہرہ وتد السماء پر ہوگا تو سوشل زندگی بڑھ جائے گی۔ مختلف افراد آپ کی طرف زیادہ رجوع کریں گے۔ آپ کے رویہ میں مثبت تبدیلی آئے گی آپ بہت وسیع النظری سے معاملات کو دیکھیں گے۔ ۷، ۹، ۱۳، ۲۲ جولائی کو زہرہ نحس نظرات بنائے گا تو زندگی میں داخل ہونے والے افراد سبز باغ دکھائیں گے، اہمیت نہ دیں۔

زہرہ ۲۳ جولائی سے ۱۶ اگست تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ زہرہ دوستوں کے گھر میں آ جائے گا تو دوستی اور امیدوں پر مثبت اثرات مرتب کرے گا۔ اس دوران سفر بہت اہمیت اختیار کر جائے گا۔ موقع ملے تو ضرور سفر کریں۔ دوستی کے حلقہ میں اچھے افراد سے واسطہ پڑے گا۔ ۳، ۱۲، ۲۳ اگست کو سعد وقت ہوگا جو دوست زندگی میں آئیں گے۔ ان کا ساتھ بہت عرصے تک رہے گا۔ تاہم ۲۶ ستمبر کو مریخ و زحل کی تثلیث ہوگی تو آنے والی شخصیت سے مستقبل میں بہت قریبی تعلقات استوار ہو جائیں گے۔

زہرہ ۱۱ ستمبر سے ۱۷ اکتوبر تک طالع میں رہے گا۔ ۶ ستمبر کو زہرہ مشتری کی باقوت نظر خاص طور پر ذاتی قریبی تعلقات کی موافقت میں ہوگی۔ اس وقت قائم ہونے والے تعلقات شدید جذباتی نوعیت کے ہوں گے۔ مگر ضروری ہوگا کہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کیا جائے۔

زہرہ ۶ نومبر سے ۳۰ دسمبر تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ خوش قسمتی، بچوں کی تعلیم اور محبت کے معاملات سے متعلقہ گھر میں ہوگا۔ بچوں کے مستقبل کے لیے انعامی اسکیموں، بانڈز میں حصہ لیں ان کی قسمت سے زندگی میں خوشیاں آئیں گی۔ لہٰذا ان معاملات کے لحاظ سے یہ وقت اہمیت کا حامل ہوگا۔ نومبر کے شروع کے دو ہفتے منگنی یا شادی کرنے یا اس مقصد کے لئے یقینی منصوبہ بندی کے لحاظ سے بہت موافق ثابت ہوں گے۔ زہرہ ۱۹ نومبر کو یورنس سے تثلیث، یکم دسمبر کو زہرہ نپ چون کی تسدیس، ۲۰ دسمبر کو شمس مشتری کی تسدیس کی سعد نظر بنائے گا۔ محبت کے معاملات میں جذباتیت اور

شدت پیدا ہوگی۔ اس وقت کسی ایسی شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے۔ جو زندگی کو تبدیل کر دے گا۔ دراصل قسمت اس وقت پر اسرار انداز میں کام کرے گی۔ لہٰذا اگر ذاتی قریبی تعلقات کو بگاڑنا نہیں چاہتے تو محتاط رہنا ہوگا۔

زحل ڈھائی سال تک چوتھا گھر میں رہے گا۔ اسے یہاں ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ یہ گھر والدین کا اور جائیداد کا ہے۔ زحل ذمہ داریاں سخت محنت، التواء اور مشکلات لاتا ہے۔ لہٰذا گھریلو امور جائیداد کے معاملات سے نپٹنا آسان نہ ہوگا زحل تو حالات میں پریشانی لائے گا۔ زحل کی سعد نظر میں جائیداد کے کسی سودے کو اس وقت با آسانی آگے بڑھا سکیں گے۔ اس وقت رونما ہونے والے حالات گھر اور خاندان سے متعلق ایسی پابندیوں کو دور کرنے کا سبب بنیں گے جن کا گزشتہ سال سے سامنا ہوا تھا۔

زحل کی موجودگی گھریلو زندگی میں استحکام اور تحفظ کی ضرورت کا احساس پیدا کرتی ہے۔ نیز یہاں موجودگی کے دوران زحل جائیداد سے متعلقہ تمام معاملات کی موافقت میں ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ افراد جو ذاتی گھر حاصل کرنا چاہتے ہیں یا رہائش کی تبدیلی کے خواہاں ہیں۔ قسمت ان کا ساتھ دے گی۔ اس وقت گھر میں کسی نوعیت کی مرمت کی ضرورت ہوگی نیز گیس سے متعلقہ اشیاء کو ٹھیک کروائیں تا کہ آگ لگنے کا خطرہ نہ رہے۔ سرمایہ کاری اور معاہدات کے لیے ۲۲، ۳۰ مارچ، ۱، ۱۰ اپریل، ۱۲، ۲۰ مئی، ۴ جون، ۲۳ اگست، ۵، ۲۶، ۳۰ ستمبر، ۱۴، ۱۳۰ اکتوبر، ۱۰، ۱۱، ۳۰ نومبر، ۱، ۳۰ دسمبر کے سعد مواقعوں سے فائدہ اٹھائیں۔

عطارد چوتھے گھر میں ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک رہے گا اس دوران ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت رہے گی۔ گھر اور والدین سے متعلق معاملات التواء کا شکار ہوں گے۔ عطارد کے مستقیم ہونے کے بعد اپنے مقاصد کو تیزی سے آگے بڑھا سکیں گے۔ گزشتہ سال اگر بعض مقاصد کے حصول میں بنیادی رکاوٹ مالی حالت رہی ہے تو اپریل میں رونما ہونے والے حالات سے بہتری کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ عطارد یکم جنوری، ۲۲ مارچ، ۲، ۱۰، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۶، ۳۰ اپریل کو سعد نظرات بنائے گا۔

عطارد ۲۰ اپریل سے ۴ مئی تک طالع کے مقابل رہے گا۔ ۲۴ اپریل کو عطارد یورنس کا قران، ۲۵ اپریل کو عطارد زحل کی تربیع ہوگی تو دھوکہ اور فراڈ سے واسطہ پڑے گا۔ شراکت داری کے معاملے انتشار کا شکار ہونگے۔ سسرالی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات میں شدید اختلافات پیدا ہونگے۔ اس وقت رسک نہ لیں اور ضرورت ہو تو وکیل سے مشورہ لیں۔ اگر کسی قسم کے دستاویزات میں شک ہو تو لازمی تصدیق کے بعد دستخط کریں۔ عطارد آٹھویں گھر میں ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک رہے گا۔ اس دوران ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت رہے گی۔ ۱۲ مئی کو مریخ یورنس کی تسدیس، عطارد زحل کی تثلیث بنے گی تو سارے مسائل حل ہونے شروع ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ کے سامنے واضح صورتحال آجائے گی۔

عطارد نویں گھر میں ۱۲ تا ۲۸ جولائی تک رہے گی۔ قانونی معاملے کھٹائی میں پڑ جائیں گے۔ سفر اور تعلیم کے کئی معاملے التواء کا شکار ہونگے۔ ۲۹ جولائی سے ۱۱ اگست تک وسط السماء پر رہے گا تو کیریئر میں بہتری آئے گی یا نئی ملازمت کے حصول کے لئے بہترین وقت ہوگا۔ جولائی میں لوگوں کی طرف سے پیش کی جانی والی اسکیموں کو نظر انداز کر دیں یہ مالی مسائل لائیں گی۔ خصوصاً ۶، ۲۶ جولائی، ۲، ۴، ۱۱، ۱۹، ۲۵ اگست کو نحس نظرات قائم ہونگے تو شروع کرنے والا پروجیکٹ بہت مہنگا ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کو قرض لینے پر خوب زور دیا جائے گا۔

پس پشت ہونے والے واقعات آئندہ زندگی پر بہتر اثر ڈالیں گے۔ ۱۳، ۲۰، ۲۴ جولائی، ۲۰، ۲، ۲۶ اگست کو مضبوط فلکی صورتحال پیدا ہوگی۔ مالی بہتری اور سوشل روابط کو بڑھانے میں یہ وقت ساتھ دے گا۔ خصوصاً جب آپ تبدیلی ملازمت کے خواہ ہوں تو صحیح سمت میں آپ آگے بڑھ سکیں گے۔ مزاج سے ہم آہنگی زیادہ خوش بختی لائے گی۔ اپنی ذات پر اعتماد ہی زندگی بہتر بنانے کی طرف لے جائے گا۔

عطارد ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک بارہویں گھر میں رہے گا اس دوران ۲۸ ستمبر سے ۱۱۹ کتوبر تک رجعت رہے گی۔ رجعت کی وجہ سے رکاوٹیں، تاخیر اور التواء لاتی ہے۔ لہٰذا جو مشکلات بھی پیش آئیں گی ان کی وجہ خود آپ کی لاپرواہی یا غیر حاضر دماغی ہوگی۔ عطارد ۶ تا ۲۴ نومبر کو طالع تک رہے گا اس وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بھی مشکلات کا سامنا ہوگا۔ ۲، ۱۰، ۱۳، ۲۱ نومبر خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ دراصل مالی خطرات مول لینے کے لحاظ سے یہ وقت انتہائی غیر موافق ہوگا۔

مالی لحاظ سے خوش قسمت سال ہوگا۔ جو وسعت، ترقی کے مواقع اور خوش امیدی کا احساس لائے گا۔ ستارہ مشتری
ایک سال کے لیے تیسرے گھر میں آچکا ہے اور طالع کی موافقت میں رہے گا۔ یہ ستارہ قسمت اور حالات میں تبدیلی لائے
گا۔ کاروبار، کیریئر اور مالی معاملات میں مشتری بے حد خوش بختی عطا کرے گا۔
گھریلو معاملات کے لحاظ سے مشتری آپ کے تیسرے گھر میں موجود ہوگا۔ اس وقت تمام تعلقات خوشی لانے
والے ہونگے۔ بچوں کی تعلیم میں نمایاں کامیابی ملے گی۔ رشتہ دار ملنسار اور مدد کرنے والے ہونگے۔ خط یا خبر جو آپ تک
پہنچے گی خوشی دے گی۔ اس ماہ قانونی معاملات میں بہتری آئے گی وہ افراد جو قانون سے متعلقہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں یا
اس شعبے میں کام کر رہے ہیں انہیں اس سال کامیابی حاصل ہوگی۔

مشتری سارا سال تیسرے گھر میں ہوگا اور ۲۰ جون سے ۱۱۸ کتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ ۱۴ مئی کو برج حوت میں
داخل ہوگا۔ ۲۰ جون کو رجعت ہوگی ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج
حوت میں داخل ہوگا۔ مشتری کے مستقیم ہونے کے بعد گھریلو معاملات میں مزید وسعت اور بہتری آئے گی۔ قوسی والدین کو
کسی بچے کی کامیابی کی وجہ سے خوشی ملے گی یا وہ فراد جن کی ابھی شادی ہوئی ہے انہیں خاندان کے افراد میں اضافے کی خوش
خبری ملے گی۔ وہ افراد جو گھر تبدیل کریں گے انہیں خوش بختی سے واسطہ پڑے گا۔ جب کہ وہ افراد جو گھر کی تلاش میں ہیں۔
انہیں بھی ان سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ جس سے ماحول کے خوشگوار ہونے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اگر روزمرہ
کے ماحول سے دور جانا چاہتے ہیں۔ تب بھی یہی وقت سعد ثابت ہوگا۔ مشتری ۱۱ جنوری، ۱۱ فروری، ۵ مارچ، ۱۰، ۱۵، ۱۷ اپریل،
۴، ۲۳ جون، ۱۳ جولائی، ۶، ۲۱ ستمبر، ۱۵، ۱۹، ۱۲۹ کتوبر، یکم نومبر، ۱۲، ۲۰ دسمبر کو سعد نظرات بنائے گا۔

سفر کے دوران کوئی بہترین دوست زندگی میں داخل ہوگا اور اگر آپ روحانیت کی تلاش میں ہیں تو کسی ایسے شخص
سے ملاقات ہوگی جو ذہنی لحاظ سے متاثر کرے گا۔ سفر کا ارادہ نہ ہونے کے باوجود جولائی میں سفر کا امکان ہے۔ اگر سفر نہ ہوا
تو کسی دور دراز علاقے سے کوئی پیغام موصول ہوگا یا کسی ایسے غیر ملکی شخص سے ملاقات ہوگی جو آپ کے لئے اہمیت رکھتا
ہوگا۔ وہ لوگ جو روحانی علوم کے حصول کے خواہاں ہیں ان کے لئے یہ وقت قابل قدر معلومات لائے گا۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس دوران ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت میں
رہے گا۔ سفر، تعلیمی سرگرمیوں اور تعلقات میں التواء سے واسطہ پڑے گا۔ عطارد ۵ تا ۱۹ اپریل تک پانچویں گھر میں ہوگا۔ یہ
وقت تبادلۂ خیالات اور معلومات کے حصول کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ کچھ لوگ گھر آئیں گے ان کے تعاون سے
زندگی کو ایک نئی سمت ملے گی یا کسی کی خوش بختی گھر آئے گی۔ عطارد یکم جنوری، ۲۲ مارچ، ۲، ۱۰، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۶، ۱۳۰ پریل کو
سعد نظرات بنائے گا۔

۲۴ اپریل کو عطارد یورنس سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس وقت تلخ کلامی سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہوگا۔
چنانچہ یہ وقت کام کے معمولات کے لحاظ سے ناگزیر تاخیر یا انتشار لائے گا۔ حالات کو اپنے حال پر چھوڑ دیں اور بے صبری

سے پرہیز کریں۔لہذا روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات آئیں گی۔عطارد ۵، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲ جنوری، ۵، ۲۴، ۲۴، ۳۰ مارچ، ۲۴، ۲۵ اپریل کو غیر موافق نظر قائم کرے گا۔

عطارد ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک طالع کے مقابل رہے گا۔عطارد ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت میں رہے گا۔۲۱ مئی کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی جس سے گھر میں انتشار کی نشاندہی ہورہی ہے۔سسرالی رشتہ داروں یا وہ لوگ جو آپ سے کھلی دشمنی رکھتے ہیں اس وقت ان سے محتاط رہیں، ضرورت سے زیادہ مخالفت سے نقصان ملے گا۔اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہوسکے گا۔کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔گھر اور جائیداد پر فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹوں یا مایوسیوں سے پریشان نہ ہوں۔

ستارہ عطارد ۱۲ تا ۳۰ اگست تک وتد السماء پر رہے گا تو خط و کتابت، ای میل اور انٹرنیٹ کے ذریعے رابطے بڑھ جائیں گے۔کیریئر و ملازمت اور ترقی سے متعلق جو بھی ارادے ہوں ان پر عمل کریں، اہم افراد سے ملیں۔یہ وقت صحیح معلومات کے لئے بھی سودمند ہوگا۔اگر آپ کسی مشترکہ سرگرمیوں میں شامل ہیں تو اختلافات کو دور کرنے کے لئے تیار رہیں۔۱۹ اگست عطارد مریخ کا قران، ۲۰ اگست کو عطارد یورنس کی تثلیث، ۲۵ اگست کو عطارد نپ چون کا مقابلہ، ۲۶ اگست کو عطارد پلوٹو کی تثلیث کی نظر بنے گی۔

گیارہویں گھر میں ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک رہے گا اسے ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔غلط افواہوں سے نقصان پہنچے گا۔غلط اور جھوٹ باتیں کہی جائیں گی۔لوگ بے وجہ دشمنی پیدا کریں گے۔اپنی صحت پر توجہ دیں اور احتیاط کریں۔۵ ستمبر کو عطارد زحل کی تثلیث، ۲۱ ستمبر کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔

عطارد ۲۵ نومبر کو طالع میں داخل ہوگا تو زندگی میں سکون آئے گا۔۲۹ نومبر کو عطارد شمس کا قران اور ۳۰ نومبر کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی جس سے اس ماہ بے شمار امیدیں اور خواہشات پوری ہوجائیں گی۔رابطے، درخواستیں اور تعلیمی امور کے معاملات آسانی سے مکمل ہوجائیں گے۔

۲۶ مئی کا چاند گرہن اور ۴ دسمبر کا سورج گرہن طالع میں لگے گا۔جو متنبہ کررہا ہے کہ اس وقت تمام مالی اور تجارتی سرگرمیوں میں ضرورت سے زیادہ محتاط رہیں۔چنانچہ یہ ایسا وقت نہیں ہے کہ جب خطرات مول لئے جائیں یا کسی نئے کام میں ہاتھ ڈالا جائے یا کسی کام کو زبردستی آگے بڑھایا جائے۔بہتر ہوگا کہ اس وقت صرف اپنے کام سے کام رکھیں اور دوسروں کے معاملات میں ہرگز دخل اندازی نہ کریں۔نہ صرف آپ کو بلکہ آپ کے شریک کو بھی ان تمام باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

ستارہ زہرہ شروع سال سے خانہ مال میں ہوگا۔ چوتھے گھر میں ۲۶ فروری سے موجود ہوگا ہے ۳ مارچ کو زہرہ یورنس کی تثلیث اچھے حالات اور گھر کو والدین کے ساتھ مل کر بہتر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔کاروباری امور کے لیے ۳، ۱۸، ۲۶ مارچ موافق رہے گی۔زہرہ ۲۲ مارچ سے ۱۴ اپریل تک پانچویں گھر میں رہے گا۔محبت میں ناکام لوگوں کے لئے یہ وقت سازگار ہوگا۔کسی تقریب میں محبت ملے گی یا پھر تفریحی یا طویل سفر سے محبت آئے گی۔لوگوں آپ کی طرف زیادہ متوجہ ہونگے۔۲۶ مارچ کو زہرہ شمس کا قران، ۳۰ مارچ کو زہرہ زحل کی تسدیس اور ۶ اپریل کو زہرہ مریخ کی تسدیس کی سعد نظریں ہونگی۔ہونے والے واقعات محبت پر گہرا اثر ڈالیں گے۔اچانک تبدیلی کے لئے تیار رہیں کام کی زیادتی محبت کے معاملات پر اثر انداز ہوگی۔

زہرہ طالع کے مقابل ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک رہے گا۔اس وقت اگر پرانے تعلقات کو ازسرنو تازہ کیا تو بہت موافق نتائج سامنے آئیں گے۔وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی ہے یا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے اپریل، مئی خوش قسمت ثابت ہوگی۔تاخیر کے عنصر کا خاتمہ ہوجائے گا اور معاملات آگے بڑھنے لگیں گے۔قوس سے متعلقہ غیر شادی شدہ افراد کے لئے ایک نئے تعلق کے آغاز کی نشاندہی ہورہی ہے یہ وقت مادی اور مالی معاملات میں بھی بہتری لائے گا

سے پرہیز کریں۔لہذا روپیہ کمانے کا کوئی بھی ذریعہ نفع بخش ثابت نہ ہوگا اور کاروبار کو وسعت دینے کے لئے نئے راستوں کی تلاش کے لحاظ سے بھی کچھ مشکلات آئیں گی۔عطارد ۵‘ ۹‘ ۱۰‘ ۱۱‘ ۱۲ جنوری‘ ۵‘ ۲۴‘ ۳۰ مارچ‘ ۲۴‘ ۲۵ اپریل کو غیر موافق نظر قائم کرے گا۔

عطارد ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک طالع کے مقابل رہے گا۔عطارد ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت میں رہے گا۔۲۱ مئی کو شمس مشتری کی تربیع ہوگی جس سے گھر میں انتشار کی نشاندہی ہو رہی ہے۔سسرالی رشتہ داروں یا وہ لوگ جو آپ سے کھلی دشمنی رکھتے ہیں اس وقت ان سے محتاط رہیں‘ ضرورت سے زیادہ مخالفت سے نقصان ملے گا۔اس دوران لوگوں کا تعاون حاصل نہ ہو سکے گا۔کام کے معمولات میں تبدیلی لانی پڑے گی۔گھر اور جائیداد پر فوری توجہ کے حامل کاموں پر توجہ دیں۔اگر کسی موزوں ملازمت کی تلاش میں ہیں تو اس وقت معمولی نوعیت کی رکاوٹوں یا مایوسیوں سے پریشان نہ ہوں۔

ستارہ عطارد ۱۲ تا ۳۰ اگست تک وتد السماء پر رہے گا تو خط و کتابت‘ ای میل اور انٹرنیٹ کے ذریعے رابطے بڑھ جائیں گے۔کیریئر و ملازمت اور ترقی سے متعلق جو بھی ارادے ہوں ان پر عمل کریں‘ اہم افراد سے ملیں۔یہ وقت صحیح معلومات کے لئے بھی سود مند ہوگا۔اگر آپ کسی مشترکہ سرگرمیوں میں شامل ہیں تو اختلافات کو دور کرنے کے لئے تیار رہیں۔۱۹ اگست عطارد مریخ کا قران‘ ۲۰ اگست کو عطارد یورنس کی تثلیث‘ ۲۵ اگست کو عطارد نپ چون کا مقابلہ‘ ۲۶ اگست کو عطارد پلوٹو کی تثلیث کی نظر بنے گی۔

گیارہویں گھر میں ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک رہے گا اس سے ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔غلط افواہوں سے نقصان پہنچے گا۔غلط اور جھوٹ باتیں کہی جائیں گی۔لوگ بے وجہ دشمنی پیدا کریں گے۔اپنی صحت پر توجہ دیں اور احتیاط کریں۔۵ ستمبر کو عطارد زحل کی تثلیث‘ ۲۱ ستمبر کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔

عطارد ۲۵ نومبر کو طالع میں داخل ہوگا تو زندگی میں سکون آئے گا۔۲۹ نومبر کو عطارد شمس کا قران اور ۳۰ نومبر کو عطارد زحل کی تسدیس ہوگی جس سے اس ماہ بے شمار امیدیں اور خواہشات پوری ہو جائیں گی۔رابطے‘ درخواستیں اور تعلیمی امور کے معاملات آسانی سے مکمل ہو جائیں گے۔

۲۶ مئی کا چاند گرہن اور ۴ دسمبر کا سورج گرہن طالع میں لگے گا۔جو متنبہ کر رہا ہے کہ اس وقت تمام مالی اور تجارتی سرگرمیوں میں ضرورت سے زیادہ محتاط رہیں۔چنانچہ یہ ایسا وقت نہیں ہے کہ جب خطرات مول لئے جائیں یا کسی نئے کام میں ہاتھ ڈالا جائے یا کسی کام کو زبردستی آگے بڑھایا جائے۔بہتر ہوگا کہ اس وقت صرف اپنے کام سے کام رکھیں اور دوسروں کے معاملات میں ہرگز دخل اندازی نہ کریں۔نہ صرف آپ کو بلکہ آپ کے شریک کو بھی ان تمام باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔

ستارہ زہرہ شروع سال سے خانہ مال میں ہوگا۔ چوتھے گھر میں ۲۶ فروری سے موجود ہوگا ہے ۳ مارچ کو زہرہ یورنس کی تثلیث اچھے حالات اور گھر کو والدین کے ساتھ مل کر بہتر کرنے کی کوشش کی جائے گی۔کاروباری امور کے لیے ۳‘ ۱۸‘ ۲۶ مارچ موافق رہے گی۔زہرہ ۲۲ مارچ سے ۱۴ اپریل تک پانچویں گھر میں رہے گا۔محبت میں ناکام لوگوں کے لئے یہ وقت سازگار ہوگا۔کسی تقریب میں محبت ملے گی یا پھر تفریحی یا طویل سفر سے محبت آئے گی۔لوگوں آپ کی طرف زیادہ متوجہ ہونگے۔۲۶ مارچ کو زہرہ شمس کا قران‘ ۳۰ مارچ کو زہرہ زحل کی تسدیس اور ۶ اپریل کو زہرہ مریخ کی تسدیس کی سعد نظریں ہونگی۔ہونے والے واقعات محبت پر گہرا اثر ڈالیں گے۔اچانک تبدیلی کے لئے تیار رہیں کام کی زیادتی محبت کے معاملات پر اثر انداز ہوگی۔

زہرہ طالع کے مقابل ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک رہے گا۔اس وقت اگر پرانے تعلقات کو از سر نو تازہ کیا تو بہت موافق نتائج سامنے آئیں گے۔وہ لوگ جن کی شادی ہونے والی ہے یا جو شادی کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے اپریل‘ مئی خوش قسمت ثابت ہوگی۔تاخیر کے عنصر کا خاتمہ ہو جائے گا اور معاملات آگے بڑھنے لگیں گے۔قوس سے متعلقہ غیر شادی شدہ افراد کے لئے ایک نئے تعلق کے آغاز کی نشاندہی ہو رہی ہے یہ وقت مادی اور مالی معاملات میں بھی بہتری لائے گا

جس سے مستقبل کے متعلق اپنے آپ کو زیادہ پر اعتماد محسوس کرنے لگیں گے۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۶، ۱۰ اپریل، ۴، ۶، ۲۰، ۲۹ مئی کی موافق تاریخیں ہوں گی۔

۱۳ جون کو زہرہ یورنس کے ساتھ سعد نظر قائم کرے گا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف کسی مثالی شخصیت سے ملنے کا موقع ملے گا بلکہ یہ تعلق وقت کی آزمائش پر پورا اترے گا۔ وہ قوسی والے افراد جن کی اس ماہ شادی ہوگی۔ ان کے لئے یہ وقت خاص طور پر موافق ہوگا۔ جب کہ شادی شدہ افراد کے تعلقات میں مزید مضبوطی پیدا ہوگی۔ یہ وقت محبت کے معاملات کے لحاظ سے سعد ثابت ہوگا۔ ۲۱ جون کو کسی بے حد اہم شخصیت سے ملاقات کا امکان ہے۔ یہ محض وقتی تعلق نہیں ہوگا بلکہ بے حد مضبوط ہوگا۔ کوئی ایسا شخص زندگی میں داخل ہوگا جو آپ کی حقیقی صلاحیتوں کی نشوونما میں مدد دے گا۔

زہرہ بارہویں گھر میں ۱۱ ستمبر سے ۷ اکتوبر تک رہے گا تو پہلے سے موجود زہرہ مشتری سے ۶ ستمبر کو تثلیث کی نظر بنائے گا۔ چنانچہ اس وقت اہم واقعات رونما ہوں گے۔ لطیف نوعیت کی وہ تبدیلیاں جو باطنی طور پر آپ میں پیدا ہورہی ہیں وہ اس وقت ظاہر ہو جائیں گی۔ کسی شخص سے اتفاقیہ ملاقات ان نفسیاتی تبدیلیوں کو ظاہر کرنے کا ذریعہ بنے گی۔

زہرہ ۸ اکتوبر سے ۵ نومبر تک طالع میں رہے گا۔ ۱۴ اکتوبر کو زہرہ زحل کی تسدیس، ۲۹ اکتوبر کو زہرہ مشتری سے تسدیس بنائے گا اس وقت رشتہ داری، دوست اور بہن بھائی کے تعلقات متاثر نہیں ہونگے۔ اور تعلقات نئے بنیں گے۔ رشتے فوری آئیں گے۔ یہ وقت دیرپا تعلقات بنائے گا۔ آپ کے بچوں کی ترقی اور خوش قسمتی کی راہیں کھل جائیں گی۔

مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ مریخ ۱۳ جنوری کو زحل سے تربیع اور ۲۳ جنوری کو مشتری سے تربیع بنائے گا۔ ملازمین سے ہوشیار رہیں، ملازمت یا روزگار میں اپنی خواہشوں کو نہ بڑھائیں ورنہ کسی بھی جگہ پھنس جائیں گے۔ ۱۰ فروری کو مریخ نحس نظر قائم کرے گا۔ ضرورت سے زیادہ خوش امیدی اور فضول خرچی کے ذریعے نقصان کی نشاندہی ہورہی ہے۔ مریخ ۲۴ اپریل سے ۱۱ جون تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ زمین یا جائیداد کے معاملات میں دھوکہ یا فریب ہوگا۔ نشہ آور اشیاء کے استعمال سے قانونی پکڑ میں آئیں گے۔ ذلت و بدنامی ہوگی۔ مالی امور پر خاصا دباؤ پڑے گا۔ اس وقت اگر جلد بازی سے گریز کریں تو امیر بنانے والی کسی بھی اسکیم میں شامل نہ ہوں۔ سرمایہ کاری کرنی ہو تو ایک خاص حد کے اندر رہتے ہوئے روپیہ لگائیں۔

مریخ ۲۴ اپریل سے ۱۱ جون تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ چنانچہ ذاتی قریبی تعلقات سے متعلق ہرگز لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ جس سے اختلاف اور جھگڑے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ دراصل اس ماہ حالات جو بھی رخ اختیار کریں گے۔ ان کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کے دل میں دوسرے شخص کی کتنی محبت اور عزت ہے۔ جو باتیں دل میں رکھتے ہیں ان کو اس وقت سامنے لانا پڑے گا۔ مریخ ۱۳، ۲۱، ۲۳ جنوری، ۱۰ فروری، ۱۰ اپریل، ۶ جون کو نحس نظرات بنائے گا۔

مریخ ۳۰ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک وتد السماء پر رہے گا۔ کیریئر، ملازمت، کاروبار، جاہ طلبی کے امور بہت تیزی سے آگے بڑھیں گے۔ اس ماہ معاملات کو پرزور طریقے پر آگے بڑھائیں۔ ورنہ غیر ضروری تناؤ اور پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ مریخ ۱۴، ۲۵ فروری، ۲۲ مارچ، ۷ اپریل، ۱۲، ۳۱ مئی، ۲۲ اگست، ۶، ۲۶ ستمبر، ۱۹ اکتوبر، ۲۹ نومبر، ۶، ۳۰ دسمبر سعد نظرات بنائے گا۔

زحل آپ کے زائچہ کے خانہ سوم میں ڈھائی سال کے لیے آچکا ہے۔ جو عزیزوں، خط و کتابت، سفر اور ٹرانسپورٹ سے متعلق ہے۔ زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت کی حالت میں رہے گا۔ لہٰذا خاندانی مشکلات سر اٹھائیں گی۔ بہن بھائیوں کے معاملات سر دردی کا باعث ہوں گے۔ جس سے کام پر برا اثر پڑے گا۔ وہ لوگ جن کا کام ٹرانسپورٹ کا ہے۔ ان کو کام سے مفاد نہ ملے گا اور اخراجات بہت ہوں گے۔ بعض اعزا سے تعلقات ٹوٹ جائیں گے۔ وہ عزیز جو عمر میں بڑے ہیں۔ ریٹائر ہوں گے ان کی ذمہ داری کندھوں پر آپڑے گی۔ اس وقت جو بھی مشکلات اٹھیں، ان کو عقلمندی سے نبھائیں اور درگزر سے کام لیں۔ نئے تعلقات اور رشتہ داری قائم کرنا بھی فائدہ دے گا۔ اہم معاملات کو طے کرنے کے لئے زحل ۲۲، ۳۰ مارچ، ۱، ۱۰ اپریل، ۱۲، ۲۰ مئی، ۴ جون، ۲۳ اگست، ۵، ۲۶، ۳۰ ستمبر، ۱۴، ۳۰ اکتوبر، ۱۰، ۱۱، ۳۰ نومبر، ۱، ۳۰ دسمبر کی تاریخیں موافق رہیں گی۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل ج - خ - گ ہے

زحل اب ڈھائی سال کے لیے خانہ مال میں آچکا ہے۔ اسے ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ سال کے شروع کے پانچ ماہ کاروباری مقاصد اور سرمائے کی گردش کو بڑھانے کی پوزیشن میں ہونگے۔ زحل کے رجعت کے دوران آپ فوری طور پر بہت سارو پیہ کما نہیں سکیں گے۔ لیکن اپنے جانے پہچانے راستے پر ثابت قدمی سے گامزن رہ کر اپنے مالی حالات میں بہتری پیدا کر سکیں گے۔ زحل ۱۰، ۱۳، ۲۴ جنوری، ۶ فروری، ۲۵ اپریل، ۳ مئی، ۱۵ جون، یکم، ۷ جولائی، ۲ اگست، ۷ ستمبر کو نحس نظرات بنائے گا۔

لہذا اب کئی سال بعد مادی سرگرمیوں کو زیادہ مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے کا موقع ملے گا اور ماضی کی کوششوں کا اجر ملنا شروع ہوگا۔ زحل عموماً پابندیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ چنانچہ گزشتہ سالوں کے دوران یہ پابندیاں آپ نے مالی معاملات میں محسوس کی ہوں گی۔ مالی معاملات کے لیے ۲۲، ۳۰ مارچ، ۱، ۱۰ اپریل، ۱۲، ۲۰ مئی، ۴ جون، ۲۳ اگست، ۵، ۲۶، ۳۰ ستمبر، ۱۴، ۳۰ اکتوبر، ۱۰، ۱۱، ۳۰ نومبر، ۱، ۳۰ دسمبر سعد تاریخیں ہونگی۔

مریخ ۵ مارچ سے ۲۳ اپریل تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ روزگار اور پیشہ وارانہ معاملات سے متعلقہ گھر میں رہے گا۔ جس کی وجہ سے کام کے دباؤ میں کمی آجائے گی۔ کاروباری، تخلیقی اور سماجی سرگرمیوں میں ساتھ کام کرنے والے اور دوست بے حد مددگار ثابت ہونگے۔ ۱۴، ۲۵ فروری، ۲۲ مارچ کو مریخ سعد نظرات بنائے گا۔ اس ماہ بعض اوقات لوگ مقابلے پر بھی اتر آئیں گے۔ چنانچہ حکمت عملی سے کام لینا ضروری ہوگا۔

مریخ ۲۴ اپریل سے ۱۱ جون تک طالع کے مقابل رہے گا۔ شریک کار، دوست، احباب کے ساتھ کسی بھی معاملے میں تلخی آئی تو چند دنوں میں معاملات بہتر ہو جائیں گے۔ مریخ ۱۲ مئی کو یورنس سے تسدیس، ۳۱ مئی کو مریخ نپ چون کی تثلیث کی نظر بنے گی تاہم ۶ جون کو مریخ پلوٹو کا مقابلہ، یکم جولائی کو مریخ زحل کا مقابلہ، ۴ جولائی مریخ یورنس کی تربیع کی نحس نظر بنے گی۔ اس دوران معاملات کو زبردستی آگے بڑھانے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ سخت مخالفت کا سامنا ہوگا۔ دوسروں کی انا کو مجروح کرنے سے بھی پرہیز کریں۔

مریخ ۱۵ ستمبر سے ۳۰ اکتوبر تک وتد السماء پر رہے گا۔ کیریئر، ملازمت، کاروبار، جاہ طلبی کے امور بہت تیزی سے آگے بڑھیں گے۔ اس ماہ معاملات کو پرزور طریقے پر آگے بڑھائیں۔ ورنہ غیر ضروری تناؤ اور پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ صرف یہی نہیں بلکہ زہرہ بھی وتد السماء پر ۸ دسمبر کو آجائے گا۔ جس کی وجہ سے یہ وقت کیریئر یا کاروباری معاملات کے لحاظ سے تبدیلی لانے والا ہوگا۔ اس وقت بعض نامکمل کاموں کی طرف توجہ دینی پڑے گی۔ جس کا اثر مالی و قریبی تعلق کے معاملات پر پڑے گا۔ ۶، ۲۶ ستمبر، ۹، ۱۱ اکتوبر کو مریخ سعد نظرات بنائے گا جس سے کئی خوشیاں اور ترقیاں لائے گا۔

مریخ ۳۱ اکتوبر سے ۱۳ دسمبر تک گیارہویں گھر میں رہے گا۔ اس گھر کا تعلق دوستی کے معاملات اور گروہی سرگرمیوں سے ہے۔ اگر آپ ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہیں جن میں آپ کو دوسروں پر یا ٹیم ورک پر انحصار کرنا پڑتا ہے تو اکتوبر میں

بعض اہم ساتھی ساتھ چھوڑ جائیں گے۔ مگر ایسا کسی اختلاف کی وجہ سے نہیں ہوگا۔ بہرحال حالات جو بھی ہوں ۔ از سر نو ترتیب کے لئے تیار رہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی زائد ذمہ داری قبول کرنی پڑے گی یا مقصد کے حصول میں زیادہ وقت لگے گا۔ کوئی پرانا دوست کئی سال بعد آپ کی زندگی میں دوبارہ داخل ہوگا یا کسی پرانی دلچسپی کی طرف دوبارہ متوجہ ہوں گے۔ بعض پابندیاں جو ماضی میں عائد رہی ہیں۔ اب ان کا خاتمہ ہوجائے گا اور آپ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو استعمال کرنے کی طرف توجہ دیں گے۔ مریخ ۱۹ اکتوبر ۲۹ نومبر ۶ ۳۰ دسمبر کو سعد نظر بنائے گا۔

مریخ ۱۴ تا ۳۰ دسمبر تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس وقت پس پردہ رونما ہونے والے حالات مستقبل قریب میں آپ کی زندگی پر مدد آور اثرات مرتب کریں گے۔ ۸ دسمبر کو مریخ کی مشتری سے تثلیث ۳۰ دسمبر کو زحل سے تسدیس بنائے گا۔ آمدنی میں یقیناً اضافہ ہوگا۔ وہ اس نئے منصوبے سے متعلق مددگار ثابت ہوں گے جو اس وقت آپ کے ذہن میں ہوگا۔

وسعت کا ستارہ مشتری سارا سال خانہ مال میں رہے گا۔ اسے یہاں ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا ۲۰ جون کو رجعت ہوگی تو ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے وسائل اور صلاحیتوں کے استعمال میں آپ کے فیصلے غلط بھی ہوسکتے ہیں۔ تاہم مشتری آپ کو ضرورت سے زیادہ خوش امید اور لاپرواہ بھی بنا سکتا ہے۔ اس رجحان سے بچنے کی ضرورت ہوگی۔ سال کے آغاز کے ساتھ ہی رونما ہونے والے حالات کی وجہ سے نئی سمت میں آگے بڑھنے کی ترغیب ملے گی۔ مشتری اپریل و مئی سے بے حد سرگرم ہوگا۔ رجعت کے بعد جب یہ مستقیم ہوجائے گا۔ تو گزشتہ چند ماہ سے پیدا ہونے والے مسائل حل ہونا شروع ہوجائیں گے اب زیادہ بہتر انداز سے معاملات کو سوچ سمجھ کر اور آگے بڑھا سکیں گے۔ اس کے ساتھ ہی آگے بڑھنے کے زائد مواقع بھی میسر آئیں گے۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۱۱ جنوری ۱۱ فروری ۵ مارچ ۱۰ ۱۵ ۱۷ اپریل ۴ ۲۳ جون ۱۳ جولائی ۶ ۲۱ ستمبر ۱۵ ۱۹ ۲۹ اکتوبر یکم نومبر ۱۲ ۲۰ دسمبر موافق ثابت ہونگی۔

۱۰ اپریل کو زہرہ مشتری کی تسدیس ۱۵ اپریل کو شمس مشتری کی تسدیس ۴ جون کو زہرہ مشتری کی تثلیث ۲۳ جون کو شمس مشتری کی تثلیث ۱۵ اکتوبر کو شمس مشتری کی تثلیث ۲۹ اکتوبر کو زہرہ مشتری کی تسدیس ۲۰ دسمبر کو شمس مشتری کی تسدیس ہوگی لہٰذا یہ ماہ کیرئیر کاروباری اور مالی معاملات کے لحاظ سے بہت اہم ہوگا۔ زندگی میں وسعت اور ترقی اور ایک سے زائد سمتوں میں آگے بڑھنے کے موقع میسر آنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

زہرہ ۲۶ تا ۲۱ مارچ تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ اس وقت ضرورت سے زیادہ اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ تعلیمی سرگرمیوں میں بہن بھائی کے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ دوست نئے بنیں گے۔ سفر اہم رہے گا اور لوگوں سے ملنا جلنا زیادہ ہوگا۔ مہمان زیادہ آپ کا وقت لیں گے۔ کوئی خاص مہمان اس ماہ آئے گا۔ کوئی تقریب زندگی کا اہم موڑ ثابت ہو گی۔ ۹ جنوری کو زہرہ مریخ کی تثلیث ۱۴ جنوری کو زہرہ یورینس کی تثلیث ۲۴ جنوری کو زہرہ نیپچون کی تسدیس کی سعد نظر ہوگی۔ ۶ فروری کو زہرہ زحل کا قران ۷ فروری زہرہ یورینس کی تربیع ۱۱ فروری کو زہرہ مشتری کا قران ۲۰ فروری کو زہرہ مریخ کی تربیع کی نحس نظر بنے گی۔

زہرہ ۳ جون تا ۲۷ جون تک طالع کے مقابل رہے گا۔ ۱۳ جولائی کو زہرہ مریخ کی قران ۲۲ جولائی کو زہرہ مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ اس وقت آپ کے اعتماد کو ٹھیس پہنچی گی۔ شریک کار یا شریک حیات سے اختلاف ہوگا۔ شادی کے لئے بھی یہ وقت بہتر نہ ہوگا۔ خدشات جنم لیں گے۔ جولائی میں پسندیدگی بڑھ جائے گی اور محبت کے معاملات میں آپ کا رویہ بہت سنجیدگی اختیار کرلے گا۔

زہرہ ۲۸ جون سے ۲۲ جولائی تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ جس سے محبت کے معاملات کے لحاظ سے تسلی بخش وقت کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۷ جولائی کو زہرہ زحل کا مقابلہ ۹ جولائی زہرہ یورینس کی تربیع ۱۳ جولائی کو زہرہ مریخ کا قران ہوگا۔ یہ امتزاج محبت کے معاملات کے لحاظ سے ناموافق وقت کی نشاندہی کررہا ہے۔ تاہم ان معاملات کے لحاظ سے ضرورت سے زیادہ حاکمانہ رویہ اختیار کرنے سے پرہیز کریں۔ موجودہ قریبی تعلقات میں خرابی کی نشاندہی ہو رہی ہے۔

اس ماہ قلبی سکون حاصل کرنے کے لیے سفر کریں گے۔ سفر کے ذریعے کوئی اہم شخصیت زندگی میں داخل ہوگی یا کوئی غیر ملکی شخصیت پسند آئے گی یا کوئی علاقہ بہت پسند آئے گا۔

زہرہ ۱۱ستمبر سے ۷ اکتوبر تک گیارہویں گھر میں رہے گا اور ۷ ستمبر کو زہرہ زحل کی تربیع اور ۲۳ ستمبر کو زہرہ یورنس کو کا مقابلہ، ۲۹ستمبر کو زہرہ نپ چون کی تثلیث، یکم اکتوبر کو زہرہ مشتری کی تربیع کی نظر بنائے گا۔ ان دنوں مالی معاونت حاصل کرنے، اسکیم بنانے یا اچھی قیمت پر کسی چیز کو فروخت کرنے کے لحاظ سے بھی موافق ثابت نہ ہوگا۔ ان تاریخوں میں نسبت و شادی کرنے، تعلقات کی تجدید نو کرنے، بونس ملنے، کسی قسم کی وصولی ہونے، تحفہ ملنے یا انعام نکلنے کی نشاندہی بھی ہو رہی ہے۔ اگر آپ شفا بخشی کے متبادل طریقوں میں دلچسپی رکھتے ہیں تو یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ ۲، ۵، ۱۰، ۱۱، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۲۱ نومبر کو دفتر یا کام کی جگہ پر محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ دھوکہ ملے گا یا اس وقت حادثے کا اندیشہ ہے۔ موسمی اثرات کی وجہ سے صحت متاثر ہوگی یا گھر کے کسی بیمار فرد یا دوست یا کسی رشتہ دار کو چند دنوں کے لئے آپ کی مدد کی ضرورت پڑے گی۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک خانہ مال میں رہے گا۔ ۱۱ جنوری کو عطارد مشتری کا قران، ۲۹ جنوری کو شمس مشتری کا قران، ۳ مارچ کو عطارد مشتری کا قران سے تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں میں تبدیلی لانے اور آمدنی میں اضافے کے لئے یا کسی زائد کام کو شروع کرنے کے لحاظ سے بھی سعد ثابت ہوگی۔ عطارد ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت میں رہے گا۔

عطارد ۱۶ مارچ سے ۴ اپریل تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ ۲۴ مارچ کو عطارد مریخ کی تربیع، ۳۰ مارچ کو عطارد نپ چون کا قران کی نظر بنائے گا۔ سفر، تعلیمی سرگرمیوں اور تعلقات میں التواء سے واسطہ پڑے گا۔ ۲۰ اپریل سے ۴ مئی کو پانچویں گھر میں رہے گا تو ۱۷ اپریل کو عطارد مشتری کی تسدیس، ۱۸ اپریل عطارد مریخ کی تسدیس کی وجہ سے کاروباری افراد جو آنے والے مہینوں میں اپنی سرگرمیوں میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو اب ان کی موافقت میں ہوں گے۔ عطارد ۵ مئی سے ۱۱ جولائی کو چھٹے گھر میں رہے گا تو ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک اسے رجعت رہے گی اس وقت لوگوں کی ظاہری حالتیں دھوکہ دیں گی۔ کسی بھی مشکوک کام میں ہاتھ نہ ڈالیں۔ اس وقت کسی بھی مالی اسکیم میں روپیہ نہ لگائیں۔ نہ ہی کسی بڑے پراجیکٹ میں حصہ لیں۔ کاروباری معاملات میں کسی پر بھروسہ نہ کریں۔

عطارد ۱۳ جولائی کو مشتری سے تثلیث اور ۲۰ جولائی کو عطارد یورنس کی تسدیس سے سعد نظر بنائے گا جس سے فاضل اوقات کے مشاغل پر دباؤ پڑے گا۔ کسی مشغلے کو آمدنی کا ذریعہ بنانے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت اگر کسی شخص کی شراکت میں کام کرنے کا موقع ملے تو اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں کیونکہ یہ ایک خوش قسمت قدم ہوگا۔ دراصل آمدنی میں اضافے کے لئے نئے ذرائع کی تلاش بہت موافق ثابت ہوگی۔ ۲۴ جولائی کو اپنی صلاحیتوں اور ذہانت کو کسی نفع بخش کام میں استعمال کرنے کے متعلق سنجیدگی سے سوچیں۔ کیونکہ اب کسی بھی تخلیقی صلاحیت کے ذریعے روپیہ کمانے کا موقع ملے گا۔ ایسی صلاحیتوں کی بنیاد پر ہی اب خودمختار طرز زندگی اختیار کرنا آپ کے ہاتھ میں ہوگا۔

عطارد ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک وتد السماء پر رہے گا۔ ۵ ستمبر کو عطارد زحل کی تثلیث کی نظر بنے گی ان دنوں آپ کی کوئی خواہش پوری ہو جائے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نئی ملازمت کی پیشکش یا غیر متوقع ترقی کی خبریں ملیں گی۔ ۲۲ ستمبر مالی معاملات کے لحاظ سے احتیاط کی متقاضی ہوگی۔ ان تاریخوں میں قیمتی اشیاء کی خریداری کرتے ہوئے خاص طور پر محتاط رہیں۔ عطارد ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ لہذا آپ کی توقعات جس سے بھی ہوں وہ پوری نہ ہوگی۔ ۱۰ نومبر کو عطارد مریخ کا قران اور عطارد زحل کی تربیع کی نظر ہوگی۔ تو مالی سودے بازی نہ کریں۔ قانونی معاہدات و جائیداد کے امور میں غلطیاں ہونگی۔ کیریئر اور جاہ طلبی کے لحاظ سے اگر اہم فیصلے کرنے ہیں۔ صحیح وقت پر صحیح لوگوں سے رابطہ قائم نہ ہوگا۔ سال کے آخری مہینے میں آپ کو بھاری ذمہ داریاں اٹھانی پڑیں گی۔ کام کی زائد ذمہ داری آ پڑے گی۔ جس کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کو آزمانے اور ان لوگوں کو متاثر کرنے کا موقع ملے گا۔ جو آنے والے سال میں مقاصد کو آگے بڑھانے میں آپ کی مدد کر سکیں گے۔

جن کے نام کا حرفِ اوّل س۔ ش۔ ص۔ ث ہے

دلو والوں کے طالع میں بڑی تبدیلی آئی ہے۔ مشتری اور زحل طالع میں آچکے ہیں اس وجہ سے معاملات زندگی میں تبدیلی آئے گی۔ آنے والے وقت میں روپیہ کی قدر و قیمت میں واضع فرق آئے گا۔ جن کے ارادے ذرا مضبوط ہوئے وہ اپنے ارادوں، اسکیموں اور تخیلات کو تبدیل کر کے حالات کے مطابق کرلیں گے۔ بعض کو شادی یا بوڑھے والدین کا بوجھ آن پڑے گا۔ کافی دوست بنائیں گے، جوان کی مدد کریں گے اور سوشل مصروفیات پیدا کریں گے۔

زحل طالع میں داخل ہو چکا ہے یہاں یہ ڈھائی سال تک رہے گا۔ اگر آپ نے معاملات کو درست رکھا ہے اور محنت کی تو باطنی لحاظ سے آپ بے حد مضبوط ہو جائیں گے اور قابل قدر تجربات سے بھی واسطہ پڑے گا۔ گزشتہ دو سال کے عرصہ کے دوران جو کچھ سیکھا ہوگا وہ اب مستقبل میں آپ کے کام آئے گا۔ زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ زحل ۲۲، ۳۰ مارچ، ۱، ۱۰ اپریل، ۱۲، ۲۰ مئی، ۴ جون، ۲۳ اگست، ۵، ۲۶، ۳۰ ستمبر، ۱۴، ۳۰، ۱ اکتوبر، ۱۰، ۱۱، ۳۰ نومبر ۱، ۳۰ دسمبر سعد کو نظرات بنائے گا۔

برج دلو میں زحل کو اعلیٰ قوتوں کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ اس کے ہونے کی وجہ سے زندگی میں بہت سی تبدیلیاں آئیں گی۔ ان تبدیلیوں کو سمجھنا بے حد ضروری ہے۔ ورنہ زندگی ایک ایسے رخ پر چلے گی جسے بہتر نہیں کہا جا سکتا۔ غم و فکر کے علاوہ کاموں میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔ منصوبے تکمیل نہ ہو پائیں گے۔ دلوی افراد اگر اپنے ماضی پر نظر دوڑائیں تو معلوم ہوگا کہ زندگی بدل چکی ہے بعض چیزوں کو وہ اب فضول سمجھیں گے اور ان کو چن چن کر نکال دیں گے۔ جن کے ارادے ذرا مضبوط ہوئے وہ اپنے ارادوں، اسکیموں اور تخیلات کو تبدیل کر کے حالات کے مطابق کرلیں گے۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک طالع میں رہے گا تو ذہنی قوت میں اضافہ ہوگا۔ سفر کرنے کے مواقع ملیں گے۔ ۱۰ جنوری کو عطارد زحل سے قران کرے گا۔ عطارد ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت کر جائے گا۔ رجعت عطارد اس وقت سرمایہ کاری اور گروہی سرگرمیوں کو متاثر کرے گا۔ چنانچہ لوگ ناقابل بھروسہ ثابت ہوں گے یا آپ کو بیچ منجدھار میں چھوڑ دیں گے اور اکیلے ہی آپ کو سارا بوجھ اٹھانا پڑے گا اس وقت بعض معاملات میں از سر نو سوچ اور ترتیب کی ضرورت ہوگی۔

عطارد ۱۶ مارچ سے ۴ اپریل تک دوسرے گھر میں رہے گا۔ مالی لین دین، سفر اور تعلقات میں احتیاط رکھیں۔ ۱۰، ۱۱، ۱۲ جنوری، ۵، ۲۴، ۳۰ مارچ، ۲۴، ۲۵ اپریل کی خاص طور پر غیر موافق تاریخیں ہوں گی۔ عطارد پانچویں گھر میں ۵، ۹ مئی سے ۱۱ جولائی تک رہے گا۔ جہاں اسے ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت رہے گی۔ اس وقت ملنے والی خبریں اور معلومات غلط راہ پر ڈالنے والی ہوں گی۔ بہتر ہوگا کہ اہم فیصلے کرنے یا اندازے قائم کرنے سے قبل حقائق کو خود اچھی طرح جانیں۔ اس کے لئے خواہ ایک کام کو دوبارہ ہی کیوں نہ کرنا پڑے۔ یکم جنوری، ۲۲ مارچ، ۲، ۱۰، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۶، ۳۰ اپریل، ۲، ۱۲ مئی کو سعد نظرات قائم کرے گا۔ یہ تاریخیں تخلیقی سرگرمیوں اور ایسے ہم خیال افراد کی تلاش کے لحاظ سے موافق ثابت ہوں گی جو آپ کی فاضل اوقات کی سرگرمیوں، فنون لطیفہ اور دستکاری جیسی سرگرمیوں کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔

عطارد ۲۹ جولائی سے ۱۱ اگست تک طالع کے مقابل رہے گا۔ یہ ستارہ یکم جولائی کو عطارد شمس سے قران ۲ جولائی کو عطارد زحل سے مقابلہ ۴ اگست کو عطارد یورنس کی تربیع ۱۱ اگست کو عطارد مشتری کا مقابلہ کی نظر بنائے گا۔ اس وقت آپ کو یہ پتہ چلے گا کہ کوئی کاروباری شراکت آپ کو برباد کردے گی۔ مالی معاہدات میں احتیاط سے کام لیں۔ لہذا آنے والے ہفتوں میں کچھ بے حد مفید اور بااثر لوگوں سے تعلقات قائم ہوں گے۔ اہم کاروباری گفت وشنید قانونی معاملات حل کرنے یا طویل المعیاد معاہدات پر دستخط کے لحاظ سے ناموافق وقت ہوگا۔

دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنے خاص دلچسپیوں اور مقاصد کو آگے بڑھانے کی غرض سے مدد آور تعلقات میں اضافہ کرنے کے لحاظ سے یہ وقت بہت خوش قسمت ثابت ہوگا۔ عطارد ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک نویں گھر میں رہے گا تاہم عطارد کو ۲۸ ستمبر سے ۱۹ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ ۲۲ ستمبر خاص طور پر احتیاط کی متقاضی ہونگی۔ اگر کسی کے ساتھ مالی یا کاروباری شراکت ہے تو اس تاریخ کے قریب قریب کسی نوعیت کی از سر نو ترتیب کے لئے تیار رہیں۔ یہ وقت مالی لحاظ سے خطرات مول لینے کا نہیں ہوگا۔ طویل المعیاد استحکام پر توجہ رکھیں۔ نیز مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں شریک کی مکمل تائید ضرور حاصل کریں۔

مشتری سارا سال طالع میں رہیگا۔ تو ۱۷ اپریل کو مریخ کی سعد نظر کی وجہ سے بہت زیادہ پر اعتماد ہوجائیں گے کہ مشتری میرے طالع میں ہے میری قسمت میں تبدیلی لائے گا۔ البتہ گزشتہ کئی سالوں سے زیادہ حالت کو بہتر بنادے گا۔ ذاتی تعلقات قائم کرنا چاہئیں گے۔ دوسروں سے خوش امیدی رکھنا ہی کامیابی کی راہیں کھول دے گا۔ اپریل میں ذاتی چاہت، خوداعتمادی اور ہوشیار فطرت سے کام لے کر روپیہ کمائیں گے۔ ۱۰ اپریل کو مشتری زہرہ کی تسدیس ہوگی۔ یہ نظر تمام مالی اور تجارتی سرگرمیوں کے لحاظ سے خوش بختی لائے گی۔ یہ وقت مالی معاملات کے لحاظ سے بہتری اور وسعت لائے گا۔ اس وقت بغیر کوشش کے ہی آمدنی کو بہتر بنانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اگر آپ کو کوئی چیز فروخت کرنی ہے تو اس وقت اس کی اچھی قیمت ملے گی۔ اسی طرح اگر کوئی قیمتی چیز مناسب قیمت پر خریدنا چاہتے ہیں تو یہ وقت اس لحاظ سے بھی موافق ثابت ہوگا جو لوگ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہیں اس سعد وقت سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ مشتری کو ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت رہے گی۔ ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا ۲۰ جون کو رجعت ہوگی تو ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۱۱ جنوری ۱۱ فروری ۵ مارچ ۱۰ ۱۵ ۱۷ اپریل ۴ ۲۳ جون ۱۳ جولائی ۶ ۲۱ ستمبر ۱۵ ۱۹ ۲۹ اکتوبر یکم نومبر ۱۲ ۲۰ دسمبر موافق ثابت ہونگی۔

۲۴ جنوری کو شمس زحل کا قران اور ۱۳ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع ۲۹ جنوری کو شمس مشتری کا قران ہوگا۔ جس سے اس بات کی نشاندہی ہورہی ہے کہ کوئی بہت بڑا نقصان ہونے والا ہے جس سے آپ کی شخصیت بری طرح متاثر ہوگی۔ کوئی پرانا دوست یا گھر کے افراد زمین جائیداد اور روپے کے حصول میں دشمنی پر اتر آئیں گے۔ اس نظر کے قریب دل سے متعلقہ افراد کی زندگی میں اہم واقعات رونما ہوں گے۔ جس بات یا جس شخص سے ہمیشہ تنگ تھے وہ اب ختم ہوجائے گی فکرمندی دور ہوگی۔ ۱۸ جنوری کو مشتری یورنس کی تربیع ۱۷ فروری اور ۲۴ دسمبر کو زحل یورنس کی تربیع ہوگی۔ اس کے اثرات کا دارومدار نیت پر ہوگا۔ کیریئر اور ملازمت کے معاملات بری طرح متاثر ہونگے۔ غلط الزامات کے ذریعے سروس سے نکالا جا سکتا ہے۔ بے حد محتاط رویہ اختیار کریں اور ساری خبروں پر توجہ دیں۔ ۲۳ جون ۱۵ اکتوبر شمس مشتری کی تثلیث کی نظر بیرون ملک تجارت کرنے کے مواقع لائے گی۔ اس وقت بڑے معاہدات اور سرمایہ کاری کے لیے سفر کریں گے۔

زہرہ ۲ تا ۲۵ فروری تک طالع میں رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران شخصیت کو پرکشش بنائے گا اور مقبولیت میں اضافہ کرے گا۔ ۱۱ فروری کو خاص طور پر ایسا ہوگا کیونکہ اس دن زہرہ مشتری سے قران کی نظر قائم کرے گا۔ زہرہ ۲۶ فروری کو خانہ مال میں داخل ہوجائے گا۔ جہاں یہ ۲۱ مارچ تک رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران یہ مالی معاملات کی موافقت میں ہوگا۔ زائد نقد روپیہ ہاتھ میں رہے گا۔ اگر کوئی چیز اچھی قیمت پر بیچنا چاہ رہے ہیں تو مارچ کے آخری دو ہفتے مثبت اور فوری نتائج لائیں گے۔ ۱۶ مارچ کو شمس پلوٹو ۱۸ مارچ کو زہرہ پلوٹو اور ۲۲ مارچ کو عطارد یورنس کی سعد نظر قائم ہوگی۔ چنانچہ اس تاریخ

گویا اس کے قریب قریب مالی فائدے' معاہدے اور اہم تعلقات کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ زہرہ ۲۲ مارچ کو تیسرے گھر میں داخل ہوگا۔ جس سے کوئی تحفہ یا بونس ملنے کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ ۳۰ مارچ کو زہرہ زحل اور یکم اپریل کو شمس زحل کی سعد نظر ہوگی۔ جن افراد کی سالگرہ اس تاریخ کے آس پاس ہے۔ انہیں خوشگوار قسم کی تعجب انگیز باتوں کے لئے تیار رہنا چاہئے۔
محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۹' ۱۴' ۲۴ جنوری' ۱۳ فروری' ۳' ۱۸' ۲۶' ۳۰ مارچ' ۶' ۱۰ اپریل' ۳' ۶' ۲۰' ۲۹ مئی' ۴' ۱۳' ۲۱ جون' ۳' ۱۲' ۲۳ اگست' ۶' ۲۹ ستمبر' ۲' ۱۴' ۱۷' ۲۹ اکتوبر' ۱۹ نومبر' یکم دسمبر خاص طور پر موافق تاریخیں ہوں گی۔
زہرہ ۱۰ مئی سے ۲ جون تک پانچویں گھر میں رہے گا۔ ۲۰ مئی کو زہرہ زحل سے سعد نظر قائم کرے گا۔ چنانچہ جون کا تیسرا ہفتہ اکثر افراد کے لئے محبت سے متعلقہ خواہشات اور امیدوں کی تکمیل لائے گا۔ غیر شادی شدہ افراد جس شخص سے شادی کے خواہاں ہیں۔ ان کے لئے جون میں رونما ہونے والے حالات خوش کن ثابت ہوں گے۔
صحت کے معاملات کے لحاظ سے شروع فروری' اگست اور نومبر احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ اس وقت ۱۴ اگست کو زہرہ شمس کا قران' ۲۴ اگست کو زہرہ مریخ کا قران ہوگا۔ یہ نظرات قوت حیات میں کمی کی نشاندہی کر رہی ہے۔ اگر آپ کے بچے ہیں تو وسط اگست کے قریب قریب کسی ایک کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہوگی۔ تاہم پریشانی والی کوئی بات نہیں ہوگی۔
زہرہ ۲۸ جون سے ۲۲ جولائی تک طالع کے مقابل گھر میں رہے گا۔ اس دوران زہرہ ۷ جولائی کو زحل سے مقابلہ' ۹ جولائی کو زہرہ یورنس کی تربیع' ۱۳ جولائی کو زہرہ مریخ کا قران' ۲۲ جولائی کو زہرہ مشتری سے مقابلہ کی نظر بنائے گا۔ گھر میں بڑی تبدیلی آئے گی۔ اپنے ہی لوگ گھر برباد کرنے کی کوشش کریں گے۔ کھلی دشمنی کا اظہار کیا جائے گا۔ شراکت دار دھوکہ دے گا۔ اس دوران اپنے اثاثے' شیئرز' بانڈز کی حفاظت کریں۔ چوری یا چھن جانے کا امکان ہے یا کوئی شخص کسی وعدے کی بنا پر لے جائے گا جس کی واپسی نہیں ہوگی۔
زہرہ ۲۳ جولائی سے ۱۳ اگست تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ ۲ اگست کو شمس وعطارد کا زحل سے مقابلہ ہوگا۔ ۳ اگست کو زہرہ یورنس کی تثلیث خواہشات کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کردے گی۔ ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے ۱۲ اور ۲۳ اگست خاص طور پر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ وہ لوگ جن کی اگست یا مستقبل قریب میں شادی ہونے والی ہے۔ انہیں خوش بختی اور جذباتی سکون وہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔
۷ جنوری سے ۴ مارچ تک مریخ چوتھے گھر میں ہوگا۔ گزشتہ مہینوں میں اگر جائیداد کے لین دین میں التوء اور مسائل کا سامنا رہا ہے تو ایسی رکاوٹیں اب جلد دور ہوجائیں گی۔ تاہم ۱۳' ۲۱' ۲۳ جنوری کے قریب تکرار اور جھگڑا ہوسکتا ہے۔
۵ مارچ سے ۲۳ اپریل تک مریخ پانچویں گھر میں رہے گا اور طالع کے ساتھ تثلیث بنائے گا اور آپ کی تخلیقی دلچسپیوں اور سرگرمیوں پر دباؤ ڈالے گا۔ اپنے اندر خاص صلاحیتیں پیدا کرنے اور انہیں بہتر بنانے، اظہارِ خیال کے میدان کو وسعت دینے اور اپنے خیالات اور اقدامات میں زیادہ مہم جوئی اختیار کرنے کے لئے یہ وقت موافق ثابت ہوگا۔ ۲۲ مارچ کو مریخ زحل کی تثلیث ہوگی۔ کوئی مشغلہ یا فاضل وقت کا کوئی کام آرٹسٹک یا تخلیقی دلچسپی نفع بخش ثابت ہوگی۔ اس وقت کچھ دوست یا ملنے جلنے والے ایسی دلچسپیوں کو وسعت دینے یا ان میں تبدیلی لانے کے سلسلے میں آپ کی خاص مدد کریں گے۔
مریخ ۲۴ اپریل سے ۱۱ جون تک چھٹے گھر میں رہے گا۔ تو اس دن سے موزوں ملازمت کے حصول کے لئے جو کوششیں کریں گے وہ کامیاب رہیں گی۔ اس دوران آپ کے مقاصد میں تیزی اور زور پیدا ہوگا۔ ۲۵ اپریل کو زہرہ وعطارد کا زحل سے تربیع کی نحس نظر معاملات میں سختی لائیگا اور ذہنی پریشانی دیگا۔ ۲۱' ۲۳' ۲۸ مئی' ۵' ۶' ۱۴ جون کو نحس نظر ہوگی۔ لہذا محتاط رہیں قریبی لوگ سخت دشمنی کریں گے۔ بچوں کو نقصان دیں گے۔ آپ کی امیدیں کسی اہم معاملے میں ختم ہوجائیں گی۔ ہاتھ میں آئی کامیابی دور ہوجائے گی۔ لوگ دوستی میں دشمنی نبھائیں گے۔ بے حد ذہنی کوفت اور مالی نقصان ہوگا۔
یکم جولائی کو مریخ زحل کا مقابلہ' ۴ جولائی کو مریخ یورنس کی تربیع' ۲۹ جولائی کو مریخ مشتری کا مقابلہ ہوگا۔ ملازمین سے ہوشیار رہیں' ملازمت یا روزگار میں اپنی خواہشوں کو نہ بڑھائیں ورنہ کسی بھی جگہ پھنس جائیں گے۔

اس وقت آہستگی سے آگے بڑھیں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ دوسروں پر آپ کے اقدامات اور رویئے کا کیا اثر ہوگا۔ حوت ہونے کی حیثیت سے آپ اکثر خود اپنے آپ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہوگا کہ اس وقت عقلمندی سے کام لیں۔

مریخ ۷ جنوری سے ۴ مارچ تک تیسرے گھر میں ہوگا اس ماہ یہ باقوت طاقت دے گا جس سے لوگ آپ کے مداح ہونگے الفت اور محبت کریں گے۔ ایسا ۹ جنوری کے نزدیک ہوگا جب زہرہ مریخ کی تثلیث ہوگی۔ ۱۳ جنوری کو مریخ زحل کی تربیع، ۱۸ جنوری کو مشتری یورنس کی تربیع اور ۲۳ جنوری کو مریخ مشتری کی تربیع، ۲۴ جنوری کو شمس زحل کا قران ہوگا۔ ان دنوں میں رشتہ داری، دوستوں کے ساتھ تعلقات، سفر کے معاملات اور تعلیمی سرگرمیوں میں پریشانی آئے گی۔ فساد اور دشمنی کی کیفیت رہے گی۔ کوئی بھی نقصان دے سکتا ہے۔

مریخ ۲۴ اپریل سے ۱۱ جون تک پانچویں گھر میں ہوگا۔ چنانچہ یہ آپ کے جوش وخروش اور جذبے میں اضافہ کرے گا۔ شخصیت کو پرکشش بنائے گا۔ جس کی وجہ سے سوشل زندگی اور مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ وہ افراد جو فنون لطیفہ، کھیلوں یا تفریح کی دنیا میں نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت کامیابی لائے گا۔ وہ افراد جو آرٹسٹک سرگرمیوں یا کھیلوں کے ذریعے روپیہ کمانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت خواہشات کی تکمیل لاسکتا ہے۔ ۲۵ اپریل، ۳، ۲۱، ۲۳، ۲۸ مئی، ۱۴، ۱۵ جون کو نحس نظر ہوگی۔ یہ وقت کسی اہم کاروباری تعلق یا دوستی کو ختم کردے گی یا کسی کے اوپر مکمل بھروسہ ہونے سے بڑے نقصان سے دوچار ہونگے۔ شادی اور نسبت کے معاملے بھی ختم ہوجائیں گے۔

مریخ ۳۰ جولائی سے ۱۴ ستمبر تک طالع کے مقابل رہے گا۔ یہاں موجودگی کے دوران زائد قوت وطاقت عطا کرے گا۔ لہٰذا اپنی مرضی کے مطابق کام کرسکیں گے۔ اس دوران اپنے آپ کو اکثر بے چین محسوس کریں گے۔ پابند کرنے والے معمولات سے نجات پانا چاہیں گے۔ اکثر افراد بڑی کامیابی سے ان پابندیوں سے نجات بھی حاصل کرلیں گے اور انہیں نئی سمت میں آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ ۲۲ اگست کو مریخ یورنس کی تثلیث، ۵ ستمبر کو عطارد زحل کی تثلیث، ۶ ستمبر کو مریخ پلوٹو کی تثلیث ہوگی یہ وقت زندگی میں اہم تبدیلیاں لائے گا۔

مریخ ۱۵ ستمبر سے ۳۰ اکتوبر تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ ۱۹ اکتوبر کو شمس کا مریخ وعطارد سے قران، ۱۰ اکتوبر کو مریخ عطارد کا قران، ۲۲ اکتوبر کو مریخ پلوٹو کی تربیع بنائے گا۔ چنانچہ ذاتی قریبی تعلقات کے متعلق ہرگز لاپرواہی اختیار نہ کریں۔ جس سے اختلاف اور جھگڑے کی نشاندہی ہورہی ہے۔ دراصل اس ماہ حالات جو بھی رخ اختیار کریں گے۔ ان کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کے دل میں دوسرے شخص کی کتنی محبت اور عزت ہے۔ جو باتیں دل میں رکھتے ہیں ان کو اس وقت سامنے لانا پڑیں گی۔

مریخ ۱۳۱ اکتوبر سے ۱۳ دسمبر تک نویں گھر پر رہے گا۔ مریخ طالع کی موافقت میں ہوگا۔ چنانچہ طویل المعیاد منصوبوں کو آگے بڑھانے اور زندگی کے متعلق زیادہ مہم جو رویہ اختیار کرنے کی ترغیب ملے گی۔ اس وقت آپ جو بھی اہم قدم اٹھائیں گے۔ اس کے بہترین نتائج برآمد ہوں گے۔ اگر اپنی گھریلو زندگی کو از سر نو ترتیب دینا یا ایسی دلچسپی اختیار کرنا چاہتے

ہیں جس کے ذریعے ہم خیال لوگوں سے رابطے کا موقع ملے تو ۲۹ نومبر' ۶' ۳۰ دسمبر کا یہ وقت خاص طور پر موافق ثابت ہوگا۔

مشتری سارا سال بارہویں گھر میں رہے گا۔ اس گھر میں مشتری کے داخلے کے ساتھ ہی تبدیلی کا آغاز ہو چکا ہے۔

مشتری ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ چنانچہ غیر یقینی کی کیفیت رہے گی۔ ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہو گا ۲۰ جون کو رجعت ہوگی ۲۹ جولائی کو واپس برج دلو میں داخل ہوگا اور دسمبر کے آخر تک رہے گا اور ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ مشتری کے مستقیم ہونے کے بعد اب معاملات کو مکمل کرنے کے لئے ضروری اعتماد حاصل ہوگا۔ پس پردہ صورتحال آپ کی موافقت میں ہوگی۔ یہ وقت سخت محنت کا ہوگا۔ لیکن جو کچھ حاصل کرنا چاہیں گے اسے حاصل کر سکیں گے۔ حوتی افراد ماضی سے نجات حاصل کرنے اور زندگی کو از سر نو ترتیب دینے میں بے حد طویل وقت لگاتے ہیں۔ حوتی افراد کو خود بھی در پردہ مدد آور اثرات کی موجودگی کا احساس ہونے لگے گا۔ ۱۴ جنوری کو شمس مشتری کی تثلیث' ۱۵ جنوری کو عطارد مشتری کی تثلیث ہوگی۔ اس وقت حوتی افراد اپنی ایسی باطنی اور خفیہ قوتوں سے آگاہ ہوں گے جو اکثر رہنمائی کرتی ہیں۔ وہ افراد جو اپنی وجدانی صلاحیتوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ ان کے لئے یہ وقت بہت موافق ثابت ہوگا۔ پیشہ وارانہ معاہدات کے لئے ۳' ۶' ۱۰' ۲۵ فروری' ۱' ۳' ۲۵' ۳۰ مارچ' ۵' ۱۴' ۱۸ اپریل' ۳' ۱۰ مئی' ۱۲' ۱۴' ۱۷' ۲۷ جون' ۲' ۸' ۱۰' ۱۹' ۲۰ جولائی' ۲۶ ستمبر' ۴' ۱۴' ۶' ۱۲ اکتوبر ۲۲ نومبر' ۱۲' ۲۵ دسمبر کی تاریخیں موافق ثابت ہونگی۔

مشتری ۱۴ مئی کو طالع میں داخل ہوگا۔ مشتری کی موجودگی خوش بختی' وسعت اور ترقی کے مواقع لائے گی۔ لہٰذا اس سعد وقت سے فائدہ اٹھائیں۔ اہم سرگرمیوں کو آگے بڑھائیں اور زندگی کو بہتر بنانے پر مکمل توجہ مرکوز کریں۔

عطارد ۱۰ جنوری سے ۱۵ مارچ تک بارہویں گھر میں رہے گا۔ صحت کے معاملے غلط فہمی کا شکار کریں گے۔ بیماری کی اصل حقیقت کو جان نہ سکیں گے۔ عطارد ۳۱ جنوری سے ۲۲ فروری تک رجعت میں رہے گا تو روزمرہ کے کاموں میں سست روی دیکھیں گے اور ذہنی سوچیں آپ کے قابو میں نہیں رہیں گی۔ اس وقت کسی ایک راستے پر چلنا مشکل ہوگا۔ ہر کام میں فوری تبدیلی لانے سے نقصان ہوگا۔ ۵ جنوری کو عطارد پلوٹو کا قران' ۹ جنوری کو عطارد مریخ کی تربیع' ۱۰ جنوری کو عطارد زحل کا قران' ۱۱ جنوری کو عطارد مشتری کا قران' ۱۲ جنوری کو عطارد یورنس کی تربیع کے نحس اثرات ہونگے۔

عطارد ۱۶ مارچ سے ۴ اپریل تک طالع کی موافقت میں رہے گا۔ اس وقت روزمرہ سرگرمیوں میں تیزی آجائے گی۔ نقل و حرکت اور میل جول زیادہ رہے گا۔ اس دوران رابطے اور دوستوں کے ساتھ معاملات میں کمی واقع ہوگی۔ سماجی سرگرمیوں' چندہ کا حصول کے لیے ۲۲' مارچ' ۲ اپریل موافق رہے گی' ۲۴ مارچ کو عطارد مریخ سے غیر موافق نظر قائم کرے گا۔ اس دن اختلاف یا جھگڑے سے واسطہ پڑے گا' لہٰذ احتاط رہیں۔

عطارد ۲۰ اپریل سے ۴ مئی تک تیسرے گھر میں رہے گا۔ یہ وقت کاروباری سفر' دوستی' تعلیمی سرگرمیاں' تجارتی لین دین کا حساب سے متعلق معلومات حاصل کرنے اور مشورہ لینے کے لحاظ سے موافق ثابت ہوگا۔ ۱۷' ۱۸' ۳۰ اپریل تک اگر کوئی تجویز پیش کی جائے تو اس پر غور کریں کیونکہ وہ خوش قسمت ثابت ہوگی۔ چوتھے گھر میں عطارد ۵ مئی سے ۱۱ جولائی تک رہے گا۔ عطارد ۳۰ مئی سے ۲۳ جون تک رجعت کی حالت میں ہوگا یہ وقت مسائل لائے گا۔ اگر نئی ذمہ داریاں قبول کرنے کے متعلق سوچ رہے ہیں تو اس وقت محتاط رہیں۔ گھر اور والدین کے معاملات میں پریشانی ملے گی۔ کوئی کام نہیں ہوگا۔ تاہم ۱۲' ۱۳' ۱۷' ۲۰' ۳۱ مئی اور ۴' ۲۱' ۲۳ جون کے سعد نظر میں مواقع ملیں گے کہ سرمایہ کاری سے متعلق کوئی بھی نیا کام شروع کر سکیں گے۔

عطارد ۳۱ اگست سے ۵ نومبر تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ ستمبر کے آخری ہفتے تمام مالی اور کاروباری معاملات کے لحاظ سے ناموافق ثابت ہوں گے۔ عطارد ۲۸ ستمبر سے ۱۱۹ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ اس دوران اگر سرمایہ کاری یا شراکت داری کرنے کے سلسلے میں غیر معمولی خیالات پیش کئے جائیں تو ان پر توجہ نہ دیں۔ عطارد ۵' ۲۱ ستمبر' ۴' ۹' ۱۵' ۱۷' ۱۹ اکتوبر کو سعد نظرات ہونگے۔

عطارد ۶ تا ۲۴ نومبر تک نویں گھر میں رہے گا۔ یہ وقت تبادلۂ خیالات اور گفت و شنید کے لحاظ سے کامیابی لائے گا۔ اگر کسی قسم کا ماہرانہ مشورہ لینا ہے یا کوئی اہم ملاقات کرنی ہے یا انٹرویو دینا ہے اور اس کے لئے اگر شروع نومبر کا انتخاب کیا تو یقیناً کامیاب رہیں گے۔ چنانچہ ان دنوں جو خبریں ملیں گی وہ کسی پرانے مسئلے کو حل کرنے میں مدد دیں گی۔ یہ کوئی پرانا مالی یا قانونی معاملہ ہوگا۔ یہ تاریخیں مشترکہ مالی اور کاروباری معاملات میں بہتری لائیں گی۔ قانونی اور آفیشل معاملات حل

کرنے اور رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے یکم جنوری ۲۲ مارچ ۲ ۱۰ ۱۷ ۱۸ ۱۹ ۲۶ ۳۰ اپریل ۲ ۱۲ مئی ۱۳ ۲۰ ۲۴ جولائی ۲۰ ۲۶ اگست ۱۵ ۲۱ ستمبر یکم ۶ ۱۸ ۳۰ نومبر ۱۲ ۲۱ ۲۷ دسمبر ان سعد تاریخوں سے فائدہ اٹھائیں۔ عطارد ۲۵ نومبر سے ۱۳ دسمبر تک وتد السماء پر رہے گا جس سے دھوکہ وفریب کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ اس وقت پرانی اشیاء نہ خریدیں اور نہ ہی مشکوک مالی اسکیموں میں شامل ہوں۔

زحل اب ڈھائی سال کے لیے بارہویں گھر میں قدم جما چکا ہے۔ زحل ۲۳ مئی سے ۱۱ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا۔ یہاں یہ سخت محنت اور کوشش کے ذریعہ کامیابی دیتا ہے اور ان لوگوں کی حمایت کرتا ہے جو الگ تھلگ رہ رہے ہوں۔ رجعت میں ہونے کی وجہ سے مالی امور میں سختی لائے گا۔ تاہم مالی امور کے معاملات میں بہت زیادہ لوگوں پر اعتماد اور بھروسہ نہ کریں، لوگ فریب دیں گے تو کسی وجہ سے دشمنی یا مخالف کریں گے۔ فکر مندی آئے گی۔ زحل ۱۰ ۱۳ ۲۴ جنوری ۶ فروری ۲۵ اپریل ۳ مئی ۱۵ جون یکم ۷ جولائی ۲ اگست ۱۷ ستمبر کو نحس نظرات قائم کرے گا۔

ان دنوں چوری یا ڈاکہ زنی کے خطرات پائے جاتے ہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ آپ اپنی صحت پر مکمل توجہ دیں۔ بیماری فوراً آئے گی۔ لوگوں سے ہم آہنگی ہوگی۔ سماجی سرگرمیوں میں حصہ لیں۔ گھر میں ریٹائرز زندگی قطعی نہ گزاریں بلکہ کام کریں۔ بے کاری جسم کو ناکارہ بنا دے گی۔ ۱۳ جنوری یکم جولائی اور ۱۱ نومبر کو مریخ و زحل کی تربیع ۱۰ اپریل کو مریخ نپ چون کی تربیع ۲۳ جنوری اور ۸ دسمبر کو مریخ مشتری کی تربیع ہوگی۔ اس تاریخ کے نزدیک قانونی معاملات میں الجھنیں آئیں تو قانونی مشورہ کریں۔ فیصلہ جتنی جلدی ہو بہتر رہے گا ورنہ دیری پریشانی میں مبتلا کرے گی۔ اپنے دوستوں رشتہ داروں اور ہمسایوں سے ملاقاتیں رکھیں مگر وعدوں پر زیادہ اعتماد اور بھروسہ نہ کریں۔

زہرہ طالع میں ۲۶ فروری سے ۲۱ مارچ تک رہے گا یہ باقوت وقت ہے گھریلو اور خاندانی معاملات کے لحاظ سے فروری کے دوسرے نصف حصے کے دوران حوصلہ افزاء حالات سے واسطہ پڑے گا اور آپ کی زندگی جذباتی اور مادی ہر دو لحاظ سے بہت بہتر ہو جائے گی۔ کیونکہ زہرہ طالع میں ہوگا جس سے آپ کی شخصیت میں نمایاں فرق نظر آئے گا۔ لوگ آپ سے دوستی کرنا چاہیں گے۔ ایسا یکم مارچ کو زہرہ مشتری کی تثلیث میں نظر آئے گا۔ کوئی شخص آپ کے بہت قریب جگہ بنالے گا اور اہمیت اختیار کر جائے گا۔ زہرہ ۹ ۱۴ ۲۴ جنوری ۱۳ فروری ۳ ۸ ۲۶ ۳۰ مارچ کو سعد نظرات بنائے گا۔

زہرہ تیسرے گھر میں ۱۵ اپریل سے ۹ مئی تک رہے گا۔ آپ کے دوستوں کے حلقے میں وسعت آئے گی۔ سیر وتفریح یا تعلیمی سرگرمیوں کی وجہ سے سفر کریں گے۔ ۶ اپریل کو زہرہ مریخ کی تسدیس ۱۰ اپریل کو زہرہ مشتری کی تسدیس ۳۰ اپریل کو زہرہ نپ چون کی تسدیس ہوگی۔ کچھ نئے پراجیکٹ پر کام شروع ہوگا جس سے ذہنی وسعت میں اضافہ ہوگا۔

ستارہ زہرہ اس سال شراکتی معاملات سے متعلقہ گھر میں ۲۳ جولائی سے ۱۶ اگست تک رہے گا۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔ ۳ اگست کو زہرہ یورنس کی تثلیث ۱۲ اگست کو زہرہ پلوٹو کی تثلیث ہوگی۔ وہ لوگ جن کی ماہ جولائی یا آنے والے مہینوں میں شادی ہونے والی ہے ان کے لئے خوشگوار مستقبل کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ یہ وقت شادی شدہ افراد کے لئے جذباتی اور مادی لحاظ سے زائد سکون واطمینان لائے گا۔

زہرہ ۱۷ اگست سے ۱۰ ستمبر تک آٹھویں گھر میں رہے گا۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے اگر جذباتی مشکلات کا سامنا ہے تو اس وقت ان مسائل کو سلجھائیں۔ خواہشات کی تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ذاتی قریبی تعلقات کے لحاظ سے ۳ ۱۲ ۲۳ اگست ۶ ۲۹ ستمبر خاص طور پر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں زندگی میں داخل ہونے والا محبت کا عنصر دیرپا نوعیت کا ہوگا۔ انہیں خوش بختی اور جذباتی سکون وہم آہنگی سے واسطہ پڑے گا۔ شادی شدہ افراد کو نومبر میں شریک کے ذریعے خوش بختی حاصل ہوگی۔ محبت کے معاملات کے لحاظ سے ۲ ۱۴ ۱۷ ۲۹ اکتوبر ۱۹ نومبر یکم دسمبر سعد تاریخیں ہوں گی۔ ان دنوں محبت اور سفر کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہوگا۔

۲۶ مئی کا چاند گرہن اور ۴ دسمبر کا سورج گرہن زائچے کے وتد السماء پر لگے گا۔ جو بہت جلد کیریئر میں تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے۔ اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں ہوگی کیونکہ اس وقت قسمت اور حالات آپ کے کنٹرول میں ہوں گے۔ چنانچہ مقاصد اور جاہ طلبیوں سے متعلقہ تمام اہم فیصلے آپ کے حق میں بے حد مفید ثابت ہوں گے۔ سال کے آخر میں مالی خطرہ مول نہ لیں اور فوری طور پر امیر بنانے والی اسکیموں کے بجائے طویل المیعاد سرمایہ کاری کی طرف توجہ دیں۔

علم النقوش پر جامع اور مستند کتاب

عامل کامل (حصہ دوم)

علم الواح ☆ علم تکسیر اعداد ☆ وفق اعداد ☆ علم النقوش

مع خواص ☆ وضع اور قواعد معہ امثال

اب تک علمی طور پر اس موضوع پر ایسی جامع کتاب شائع نہیں کی گئی۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ یہ علم کیسے کام کرتا ہے۔ عمل کیسے وضع کیا جاتا ہے اور کیسے مختلف مقاصد کا مخصوص نقش بنتا ہے۔

- مثلث کہاں کام کرتی ہے۔ مربع کہاں، مخمس کہاں، غرضیکہ ہر نقش کے متعلق یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مقصد کے موافق چال کونسی ہے اور نقش کونسا ہے۔
- ہر قسم کے نقش پر کرنے کے طریقے، مخصوص دور اور مخصوص مقاصد کے لئے وضعی اعداد یہ تمام طریقے کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں گے۔ یہی نقوش کے راز ہیں۔
- وہ راز جس سے نقش کے اندر اسم، آیت، مقصد اور نام طالب و مطلوب قائم ہو جائیں۔
- نقوش کے موکلات، اسمائے الٰہی، اعوان اور عزیمت بنانے کے قواعد۔
- طریقہ زکات و اصلاح عددین۔
- مثلث، لوح سلیمانی، مثلث ہندی، مثلث دو پایہ، مربع، مخمس، مسدس، مربع، عشر، اثنا عشر، صد در صد نقوش، ان کی چالیں، خواص اور عملیات۔
- اعمال وحب و بغض، حاضری مطلوب، ترقی، سربلندی، حصول رزق، امراض وغیرہ کی الواح تیار کرنے کے طریقے، اسمائے الٰہی کی الواح اور ان کے فوائد۔
- مخصوص اوقات کے مخصوص اور سریع التاثیر درجات۔

صفحات ۲۸۰ * ابواب ۱۸ * عملیات و قواعد ۵۲۹ ✿

ہدیہ =/۵۵۰ روپے * محصول ڈاک =/۶۵ روپے

اوراق پبلشرز کراچی

یورنس کے سات سال

یورنس شروع سال سے برج ثور میں ہوگا۔۱۴ جنوری ۲۰۲۱ کو مستقیم ہوگا اور ۲۰ اگست کو رجعت ہوگی۔ یہ برج ثور کے ممالک میں انقلاب لائے گا۔ ثور سے متعلقہ لوگوں کے حالات تبدیل کر کے رکھ دے گا۔ عقرب والوں کو بھی اپنی پوزیشن کا خیال رکھنا چاہیے۔ جب یہ سعد ہوگا تو موافق تبدیلیاں لائے گا اور غیر متوقع فائدہ دے گا۔ عورتوں کے معاملات جو اقدار' رقم و تعلقات سے ہے تبدیلی لائے گا۔ جب یہ نحس ہوگا تو مرضی کے خلاف تبدیلی لائے گا اور غیر متوقع نقصان دے گا' رشتوں کو ختم کر دے کا اور نئی مخالفتوں کو جنم دے گا۔ روپے کی قدورں کو بڑھا دے گا۔ کرنسیوں' بینکاری کے شعبے اور مالیاتی اداروں سے متعلق رجحانات اور واقعات پر اثر ڈالے گا۔ انقلابی بینک اصلاحات اور اختراع کے طریقوں کو تبدیل کر دے گا۔ اس کے اثرات مندرجہ ذیل ہیں۔

حمل خفیہ دشمن۔ نا قابل اعتبار بھروسہ ماحول۔ گراوٹ۔ تنزلی۔ جب مریخ ساتھ ہوگا تو چوری یا دل کے مرض کا اندیشہ۔ عزت کا خطرہ۔ پابندیاں یا قید یا حادثہ یا اعصابی بیماری کا حملہ۔

ثور دماغ' خیالات اور قیاسات میں تبدیلی' بدعقیدگی' حالات میں تبدیلی' دلیل بازی اور جھگڑے کا رجحان۔

جوزا مالی لحاظ سے مدوجزر۔ اگر روپیہ آئے تو اتفاقیہ خرچ بھی ہو۔ غیر ضروری طریقوں سے نفع۔ جھگڑے سے روپیہ کا نقصان۔ غیر متوقع آمدن بذریعہ انعامی اسکیم۔ ہنگامی حالات پسند ہوں۔

سرطان خودمختارانہ ذہنیت۔ غیر سوشل۔ بدعقیدہ۔ سفر جس میں نقصان یا حادثہ کا اندیشہ۔ اعزاء' ہمسایوں سے ناچاقی۔ سائنس اور نجوم کی طرف رغبت۔ رہائش کی تکلیف۔

اسد والدین سے علیحدگی۔ مکان گرنے کا اندیشہ۔ گھریلو متوقع تبدیلیاں۔ جائیداد یا مال کا جھگڑا۔ ایسی تبدیلیاں جن کی نشاندہی مشکل ہو۔

سنبلہ انعامی اسکیموں میں روپیہ لگانے سے غیر متوقع نفع یا نقصان۔ عورتوں کے لیے بدقسمتی۔ تفریحات میں اخراجات۔ بچوں سے تکلیف منحرف قسم کے ہوں۔ اتفاقیہ رومان۔ خودمختاری پیدا ہو

میزان اعصابی نظام میں خرابی۔ حادثہ کا اندیشہ۔ ملازمین اور مزدور اعتماد نہ رکھیں۔ خناق سے محتاط رہیں۔ ڈاکٹر کی غلطی سے بھی نقصان ہو۔ خاموشی اور درگزر کی پالیسی اختیار کریں۔

عقرب والوں پر اس کا اثر بہت نحس ہوگا۔ شادی میں التواء۔ میاں بیوی میں ناچاقی ہو تو علیحدگی لائے۔ قانونی جھگڑے میں نقصان۔ کامیابی کی راہوں میں سخت مخالفتیں۔ کاروبار میں نقصان اور قرض بڑھے۔ حالات غیر متوقع ہمہ وقت رہیں۔ دشمنی حسد کی بنا پر ہوگی۔

قوس اگر شادی ہو تو میاں بیوی دونوں غربت میں رہیں۔ جائیداد بک جائے۔ خودکشی کا اندیشہ۔ مالی لحاظ سے غیر متوقع نفع یا نقصان۔ اتفاقیہ خاتمہ (اعصابی امراض یا حادثہ کے ذریعہ) میٹافزکس میں دلچسپی۔

جدی خودمختارانہ رویہ۔ قدیم فلاسفی کا سہارا لیں۔ اتفاقیہ سفر جو بہتر ثابت نہ ہوں۔ علوم روحانی اور مذہبی کتب کا مطالعہ رہے۔ کسی عزیز کی شادی کے نقصان کا اثر پڑے۔

دلو غیر متوقع ترقی۔ طاقتور پوزیشن۔ کامیابیاں حقائق پر چلنے سے ہوں۔ بہت تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ آفسران سے جھگڑوں سے بچیں۔ ملازمت یا عہدہ میں تبدیلی کا امکان۔ کسی عزیز کی طرف سے کوئی فریب ملے۔

حوت ترقی پسندانہ خیالات' اتفاقیہ ملاقاتیں' غیر سوشل حرکات۔ روحانی علوم سے دلچسپی۔ بدعقیدہ اور ناپسندیدہ خیالات کے دوست جو مدد کے طالب ہوں۔ اخراجات کرائیں اور نقصان کا باعث ہوں۔

مشهور هے که عمل تسخیر مثل اکسیر نایاب هے- یه بالکل صحیح هے- لیکن عاملان جفر نے لوح تسخیر کے ذریعه لوگوں کے دلوں پر حکومت کی هے بڑے بڑے جلیل القدر بادشاهوں نے اس نقش معظم کے ذریعه بادشاهت حاصل کی تهی-

لوح تسخیر

تسخیر خلق، تسخیر حکام، تسخیر دشمن، تسخیر مستورات معظّمہ، تسخیر محبوب ومطلوب، تسخیر امراء وزرأ کے لئے تیار کی جاتی ہے- اگر ترقی یا مناسب عہدہ کی خواہش پوری نہیں ہوتی- یا ملازمت کے حصول کے لئے یا کسی درخواست کی منظوری کے لئے تسخیر حکام کی ضرورت ہے- اگر کسی دشمن کی تسخیر یا کسی مخالف کی اطاعت منظور ہے- اگر کوئی رشتہ داریا عزیز کہنا نہیں مانتا- اگر کوئی روٹھ کر چلا گیا ہے یا روپوش ہوگیا ہے- اگر کسی سے ناچاقی ہے- اگر اردگرد کے حلقہ میں کوئی آپ کی عزت نہیں کرتا- اگر کسی مطلوب کو بے دام غلام بنانا ہے- اگر محبوب بے رخی سے پیش آتا ہے- اگر مطلوبہ جگہ رشتہ نہیں ہوتا' یا ہو ہو کر ٹوٹ جاتا ہے- لڑکا لڑکی بن بیاہی رہ گئی ہے تو

لوح تسخیر

آپ کی کامیابی کی ضامن بنے گی

یہ ایک پرتاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے- جو میرا خاص معمول اور میرے بزرگوں کا عطیہ ہے- لاتعداد بندگان خدا فیضیاب ہو چکے ہیں- تیس سال سے میری یہ محنت میرا افتخار ہے- آپ کو جب ضرورت پڑے فائدہ اٹھائیے- ہدیہ نیاز وزکات موکلات تسخیر عام کے لئے اور تسخیر خاص کے لئے دفتر سے معلوم کریں- تسخیر عام کی صورت میں نام معہ والدہ اور مقصد لکھیں- تسخیر خاص کے لئے نام طالب ومطلوب معہ والدہ ہو- اگر مطلوب حاکم ہو تو نام معہ عہدہ لکھیں- فوری روانگی کے لئے مجبور نہ کریں- مخصوص وقتوں میں تیار کیا جاتا ہے- جواب طلب امور کے لئے جوابی لفافہ لکھیں- تمام حالات صغیۂ راز میں رہیں گے- ہدیہ ہر حالت میں پیشگی بذریعہ منی آرڈر آنا چاہئے-

مینجر روحانی دنیا کراچی ۷۴۸۰۰

اہم کواکبی نظرات ۲۰۲۱ء

شمس

شمس تسدیس نپچون	۸جنوری	۲۲:۰۲	۱۸درجہ۳۸دقیقہ جدی
شمس قران پلوٹو	۱۴جنوری	۱۹:۱۴	۲۴درجہ۳۸دقیقہ جدی
شمس قران زحل	۲۴جنوری	۸:۰۰	۴درجہ۲۰دقیقہ دلو
شمس تربیع یورنس	۲۶جنوری	۱۷:۴۶	۶درجہ۴۷دقیقہ دلو
شمس قران مشتری	۲۹جنوری	۶:۳۹	۹درجہ۲۱دقیقہ دلو
شمس قران مریخ	۲فروری	۱۵:۳۴	۱۲درجہ۴۷دقیقہ دلو
شمس تسدیس یورنس	۲۶فروری	۲:۱۱	۷درجہ۲۹دقیقہ حوت
شمس قران نپچون	۱۱مارچ	۵:۱۰	۲۰درجہ۳۸دقیقہ حوت
شمس تسدیس پلوٹو	۱۶مارچ	۲۳:۲۰	۲۶درجہ۲۲دقیقہ حوت
شمس تسدیس زحل	یکم اپریل	۲:۰۳	۱۱درجہ۲۱دقیقہ حمل
شمس تسدیس مریخ	۱۴اپریل	۴:۰۹	۲۴درجہ۱۴دقیقہ حمل
شمس تسدیس مشتری	۱۵اپریل	۲۱:۵۸	۲۵درجہ۵۶دقیقہ حمل
شمس تربیع پلوٹو	۱۶اپریل	۱۸:۲۱	۲۶درجہ۴۶دقیقہ حمل
شمس قران یورنس	یکم مئی	۰۰:۵۲	۱۰درجہ۴۰دقیقہ ثور
شمس تربیع زحل	۳مئی	۱۵:۰۰	۱۳درجہ۱۱دقیقہ ثور
شمس تسدیس نپچون	۱۳مئی	۱۰:۵۴	۲۲درجہ۴۲دقیقہ ثور
شمس تثلیث پلوٹو	۱۷مئی	۱۴:۴۳	۲۶درجہ۴۲دقیقہ ثور
شمس تربیع مشتری	۲۱مئی	۲۰:۰۲	۰درجہ۴۶دقیقہ جوزا
شمس تثلیث زحل	۴جون	۰۰:۰۴	۱۳درجہ۲۴دقیقہ جوزا
شمس تربیع نپچون	۱۴جون	۴:۴۹	۲۳درجہ۱۰دقیقہ جوزا
شمس تثلیث مشتری	۲۳جون	۱۵:۱۰	۲درجہ۱۰دقیقہ سرطان
شمس تسدیس یورنس	۶جولائی	۰۰:۱۲	۱۳درجہ۵۸دقیقہ سرطان
شمس تثلیث نپچون	۱۵جولائی	۱۳:۵۸	۲۳درجہ۶دقیقہ سرطان
شمس مقابلہ پلوٹو	۱۸جولائی	۳:۴۰	۲۵درجہ۳۳دقیقہ سرطان
شمس مقابلہ زحل	۱۲اگست	۱۱:۱۳	۱۰درجہ۱۱دقیقہ اسد
شمس تربیع یورنس	۱۷اگست	۴:۵۵	۱۴درجہ۴۳دقیقہ اسد

شمس مقابلہ مشتری	۲۰ اگست	۵:۲۸	۲۷ درجہ ۱۳ دقیقہ اسد
شمس تثلیث یورنس	۷ ستمبر	۶:۲۷	۱۴ درجہ ۳۹ دقیقہ سنبلہ
شمس مقابلہ نپ چون	۱۴ ستمبر	۱۴:۳۰	۲۱ درجہ ۴۷ دقیقہ سنبلہ
شمس تثلیث پلوٹو	۱۷ ستمبر	۶:۴۷	۲۴ درجہ ۲۴ دقیقہ سنبلہ
شمس تثلیث زحل	۳۰ ستمبر	۳:۱۸	۶ درجہ ۵۸ دقیقہ میزان
شمس قران مریخ	۸ اکتوبر	۹:۰۱	۱۵ درجہ ۵ دقیقہ میزان
شمس تثلیث مشتری	۱۵ اکتوبر	۱۶:۴۵	۲۲ درجہ ۲۰ دقیقہ میزان
شمس تربیع پلوٹو	۱۷ اکتوبر	۱۷:۰۷	۲۴ درجہ ۲۰ دقیقہ میزان
شمس تربیع زحل	۳۰ اکتوبر	۱۴:۵۲	۷ درجہ ۱۱ دقیقہ عقرب
شمس مقابلہ یورنس	۵ اکتوبر	۴:۵۶	۱۲ درجہ ۴۶ دقیقہ عقرب
شمس تثلیث نپ چون	۱۲ نومبر	۲۱:۳۲	۲۰ درجہ ۳۰ دقیقہ عقرب
شمس تربیع مشتری	۱۶ نومبر	۰۰:۵۸	۲۳ درجہ ۴۰ دقیقہ عقرب
شمس تسدیس پلوٹو	۱۷ نومبر	۱:۵۶	۲۴ درجہ ۴۳ دقیقہ عقرب
شمس تسدیس زحل	یکم دسمبر	۴:۱۳	۸ درجہ ۵۷ دقیقہ قوس
شمس تربیع نپ چون	۱۲ دسمبر	۱۱:۳۰	۲۰ درجہ ۲۶ دقیقہ قوس
شمس تسدیس مشتری	۲۰ دسمبر	۵:۳۱	۲۸ درجہ ۱۹ دقیقہ قوس

مریخ

مریخ تربیع زحل	۱۳ جنوری	۱۵:۵۸	۳ درجہ ۴ دقیقہ ثور
مریخ قران یورنس	۲۱ جنوری	۱:۳۴	۶ درجہ ۴۴ دقیقہ ثور
مریخ تربیع مشتری	۲۳ جنوری	۱۲:۴۶	۷ درجہ ۵۹ دقیقہ ثور
مریخ تسدیس نپ چون	۱۴ فروری	۷:۲۹	۱۹ درجہ ۴۲ دقیقہ ثور
مریخ تثلیث پلوٹو	۲۵ فروری	۶:۴۲	۲۵ درجہ ۵۵ دقیقہ ثور
مریخ تثلیث زحل	۲۲ مارچ	۷:۳۲	۱۰ درجہ ۳۲ دقیقہ جوزا
مریخ تربیع نپ چون	۱۰ اپریل	۰۰:۳۳	۲۱ درجہ ۴۴ دقیقہ جوزا
مریخ تثلیث مشتری	۱۷ اپریل	۱۰:۱۲	۲۶ درجہ ۱۲ دقیقہ جوزا
مریخ تسدیس یورنس	۱۲ مئی	۷:۴۴	۱۱ درجہ ۱۹ دقیقہ سرطان
مریخ تثلیث نپ چون	۳۱ مئی	۱۰:۳۰	۲۳ درجہ ۱ دقیقہ سرطان
مریخ مقابلہ پلوٹو	۶ جون	۰۰:۳۶	۲۶ درجہ ۲۷ دقیقہ سرطان
مریخ مقابلہ زحل	یکم جولائی	۱۸:۰۶	۱۲ درجہ ۲۰ دقیقہ اسد
مریخ تربیع یورنس	۴ جولائی	۶:۳۷	۱۳ درجہ ۵۴ دقیقہ اسد

مریخ مقابلہ مشتری	۲۹جولائی	۲۰:۴۹	۲۹درجہ۵۲دقیقہ اسد
مریخ تثلیث یورنس	۲۲اگست	۱۱:۳۵	۱۴درجہ۴۷دقیقہ سنبلہ
مریخ مقابلہ نپ چون	۲ستمبر	۲۲:۵۷	۲۲درجہ۶دقیقہ سنبلہ
مریخ تثلیث پلوٹو	۶ستمبر	۱۷:۱۱	۲۴درجہ۳۱دقیقہ سنبلہ
مریخ تثلیث زحل	۲۶ستمبر	۲:۴۸	۷درجہ۴دقیقہ میزان
مریخ تثلیث مشتری	۱۱۹کتوبر	۷:۳۵	۲۲درجہ۱۹دقیقہ میزان
مریخ تربیع پلوٹو	۲۲ اکتوبر	۹:۱۱	۲۴درجہ۲۲دقیقہ میزان
مریخ تربیع زحل	۱۱نومبر	۴:۱۲	۷درجہ۴۰دقیقہ عقرب
مریخ مقابلہ یورنس	۱۷نومبر	۲۲:۲۱	۱۲درجہ۱۵دقیقہ عقرب
مریخ تثلیث نپ چون	۲۹نومبر	۱۹:۲۳	۲۰درجہ۲۴دقیقہ عقرب
مریخ تربیع مشتری	۸دسمبر	۱۱:۲۰	۲۶درجہ۲۴دقیقہ عقرب
مریخ تسدیس زحل	۳۰دسمبر	۵:۲۰	۱۱درجہ۴۱دقیقہ قوس

مشتری

مشتری تربیع یورنس	۱۸جنوری	۳:۴۴	۶ درجہ۴۳دقیقہ دلو

زحل

زحل تربیع یورنس	۱۷فروری	۲۳:۵۹	۷درجہ۱۳دقیقہ دلو
زحل تربیع یورنس	۲۴دسمبر	۱۲:۱۱	۱۱درجہ۵دقیقہ دلو

یورنس

یورنس تربیع زحل	۱۵جون	۳:۰۶	۱۳درجہ۶دقیقہ ثور

منسوبات بروج

اپنی تاریخ پیدائش سے شمسی برج معلوم کریں۔ اس برج کے متعلق ذیل میں وہ مفید معلومات دی گئی ہیں۔ جو آپ کو جاننا ضروری ہیں۔ برج کے تعلقات دراصل برج والے لوگوں کے تعلقات ہیں۔

برج	نشان	ارباب ماہیت	عنصر	گھر کا نمبر	رنگ	حاکم ستارہ	تعلق حصہ بدن	خصلت	قوت	کمزوری	شادی کا ساتھی	موافق دن و وقت	موافق نمبر	موافق لوگ	ناموافق لوگ	قابل شراکت لوگ
حمل	ر	اسد۔ قوس	آتشی	۱	سرخ	مریخ	سر۔ چہرہ	تصوراتی	ہمت از سر نو اقدام	حملہ کرنا	اسد۔ قوس	منگل۔ قبل دوپہر	۹	دلو۔ جوزا	سرطان۔ جدی	میزان
ثور	ب	سنبلہ۔ جدی	خاکی	۲	سبز	زہرہ	گلا۔ گردن	عملی	کام۔ استقلال	عیاشی	جدی۔ سنبلہ	جمعہ۔ قبل دوپہر	۶	حوت۔ سرطان	اسد۔ دلو	عقرب
جوزا	ج	میزان۔ دلو	بادی	۳	زرد	عطارد	بازو۔ ٹانگیں۔ کندھے	سوشل	مستعد۔ فہیم	اضطراب	دلو۔ میزان	بدھ۔ قبل دوپہر	۵	حمل۔ اسد	سنبلہ۔ حوت	قوس
سرطان	د	عقرب۔ حوت	آبی	۴	سفید	قمر	معدہ۔ چھاتی	جذباتی	الفت و انکسار	فضول گوئی	حوت۔ عقرب	سوموار	۲	ثور۔ سنبلہ	میزان۔ حمل	جدی
اسد	ھ	حمل۔ قوس	آتشی	۵	اورنج	شمس	دل۔ پشت	تصوراتی	قبولیت۔ ذمہ داری	خود رائے	حمل۔ قوس	اتوار	۱	جوزا۔ میزان	عقرب۔ ثور	دلو
سنبلہ	و	ثور۔ جدی	خاکی	۶	بھورا	عطارد	ہاضمہ	عملی	کاروباری اشتراکی	بدل جانے والا	جدی۔ ثور	بدھ۔ بعد دوپہر	۵	سرطان۔ عقرب	قوس۔ جوزا	حوت
میزان	ز	جوزا۔ دلو	بادی	۷	گلابی	زہرہ	ریڑھ کی ہڈی۔ گردہ	سوشل	منصفانہ۔ وجدانی	کترانا۔ شرمانا	دلو۔ جوزا	جمعہ۔ بعد دوپہر	۶	اسد۔ قوس	جدی۔ سرطان	حمل
عقرب	ح	سرطان۔ حوت	آبی	۸	قرمزی	مریخ	جگر۔ نظام پیدائش	جذباتی	سچائی۔ باقوت	تیز مزاج	حوت۔ سرطان	منگل۔ بعد دوپہر	۹	سنبلہ۔ جدی	دلو۔ اسد	ثور
قوس	ط	اسد۔ حمل	آتشی	۹	بنفشی	مشتری	پچوتڑ۔ ران	تصوراتی	خوشی و خوش امیدی	ناعاقبت اندیش	حمل۔ اسد	جمعرات قبل دوپہر	۳	میزان۔ دلو	حوت۔ سنبلہ	جوزا
جدی	ے	سنبلہ۔ ثور	خاکی	۱۰	سیاہ	زحل	ہڈیاں جوڑ۔ کھال	عملی	لیڈرانہ۔ تنظیمانہ	کاہل	ثور۔ سنبلہ	ہفتہ قبل دوپہر	۸	عقرب۔ ثور	حمل۔ میزان	سرطان
دلو	ںا	جوزا۔ میزان	بادی	۱۱	سیاہ	زحل یورنس	خون دوران خون	سوشل	تصوری۔ جفاکش	الجھن پڑنا ہیں	جوزا۔ میزان	ہفتہ بعد دوپہر	۴	قوس۔ حمل	ثور۔ عقرب	اسد
حوت	س	سرطان۔ عقرب	آبی	۱۲	نیلا	مشتری نپ چون	پاؤں، انگلیاں	جذباتی	قابل اعتبار۔ وجدانی	نقصانات بذریعہ لطف و کرم	سرطان۔ عقرب	جمعرات بعد دوپہر	۷	جدی۔ ثور	جوزا۔ قوس	سنبلہ

تاریخہائے ماہ جنوری ۲۰۲۱ء

نام ایام	جنوری ۲۰۲۱ء	جمادی الاول ۱۴۴۲ھ	پوہ ۲۰۷۷ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	نچھتری نمبر	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
جمعہ	۱	۱۷	۱۸	۷:۱۷	۵:۵۴	۷:۲	۵:۱۰	۷	حضیض زہرہ	جہاز ران کمپنیاں، بنک، بیل قومیائے گئے ۱۹۷۴ء، ملک کے نویں صدر محمد رفیق تارڑ منتخب ۱۹۹۸ء
ہفتہ	۲	۱۸	۱۹	۷:۱۷	۵:۵۵	۷:۳	۵:۱۱	۸		اجراء اعشاریہ سکہ ۱۹۶۱ء
اتوار	۳	۱۹	۲۰	۷:۱۷	۵:۵۶	۷:۳	۵:۱۲	۹		اجراء سکہ و نوٹ ۱۹۴۸ء
پیر	۴	۲۰	۲۱	۷:۱۷	۵:۵۶	۷:۳	۵:۱۳	۱		فیصلہ سازش راولپنڈی ۱۹۵۲ء
منگل	۵	۲۱	۲۲	۷:۱۸	۵:۵۷	۷:۳	۵:۱۳	۲		
بدھ	۶	۲۲	۲۳	۷:۱۸	۵:۵۸	۷:۳	۵:۱۴	۳		حادثہ ریلوے جھمپیر ۱۹۵۴ء فائرنگ طلبہ کراچی ۵۶ء
جمعرات	۷	۲۳	۲۴	۷:۱۸	۵:۵۸	۷:۳	۵:۱۵	۴	مریخ در ثور، قمر در عقرب	
جمعہ	۸	۲۴	۲۵	۷:۱۸	۵:۵۹	۷:۳	۵:۱۶	۵	عطارد در دلو، زہرہ در جدی	مجیب کی رہائی ۱۹۷۲ء آزاد بنگلہ دیش کا اعلان۔ ڈالر سے روپے کی وابستگی ختم ۱۹۸۲ء۔ پاک بھارت بس سروس شروع ۱۹۹۹ء
ہفتہ	۹	۲۵	۲۶	۷:۱۸	۶:۰۰	۷:۳	۵:۱۷	۶	حضیض شمس	
اتوار	۱۰	۲۶	۲۷	۷:۱۸	۶:۱	۷:۳	۵:۱۸	۷	عرس پیر سید بشیر احمد۔ سوہدرہ	انتقال پیر پگارا ۲۰۱۲ء
پیر	۱۱	۲۷	۲۸	۷:۱۸	۶:۱	۷:۳	۵:۱۸	۸		
منگل	۱۲	۲۸	۲۹	۷:۱۸	۶:۲	۷:۳	۵:۱۹	۹		
بدھ	۱۳	۲۹	۳۰	۷:۱۸	۶:۳	۷:۳	۵:۲۰	۱		آمد فیصل مرحوم شاہ عراق ۱۹۵۴ء
جمعرات	۱۴	۳۰	ماگھ	۷:۱۸	۶:۴	۷:۳	۵:۲۱	۲	یورنس مستقیم، نیا چاند	
جمعہ	۱۵	جمادی الثانی	۲	۷:۱۸	۶:۴	۷:۳	۵:۲۲	۳	یکم جمادی الثانی ۱۴۴۲ھ	
ہفتہ	۱۶	۲	۳	۷:۱۸	۶:۵	۷:۳	۵:۲۳	۴		شاہ ایران کی سلطنت ختم ۱۹۷۹ء
اتوار	۱۷	۳	۴	۷:۱۸	۶:۶	۷:۲	۵:۲۴	۵		
پیر	۱۸	۴	۵	۷:۱۸	۶:۷	۷:۲	۵:۲۵	۶		
منگل	۱۹	۵	۶	۷:۱۸	۶:۷	۷:۲	۵:۲۵	۷		ایران میں اسلامی سلطنت کا قیام ۶۵۲ء
بدھ	۲۰	۶	۷	۷:۱۸	۶:۸	۷:۲	۵:۲۶	۸	شمس در دلو، شرف قمر	بل کلنٹن نے امریکہ کے صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا ۱۹۹۳ء، جارج واکر بش نے امریکہ کے ۴۳ ویں صدر کے عہدہ کا حلف اٹھایا ۲۰۰۱ء
جمعرات	۲۱	۷	۸	۷:۱۸	۶:۹	۷:۱	۵:۲۷	۹		
جمعہ	۲۲	۸	۹	۷:۱۷	۶:۱۰	۷:۱	۵:۲۸	۱		
ہفتہ	۲۳	۹	۱۰	۷:۱۷	۶:۱۰	۷:۰۰	۵:۲۹	۲		
اتوار	۲۴	۱۰	۱۱	۷:۱۷	۶:۱۱	۷:۰۰	۵:۳۰	۳		
پیر	۲۵	۱۱	۱۲	۷:۱۷	۶:۱۲	۷:۰۰	۵:۳۱	۴		ری پبلک آف انڈیا ۱۹۵۰ء۔ انتقال میر خلیل الرحمٰن ۱۹۹۲ء
منگل	۲۶	۱۲	۱۳	۷:۱۶	۶:۱۲	۶:۵۹	۵:۳۲	۵		بھارت میں قیامت خیز زلزلہ۔ ۲۵ ہزار سے زائد ہلاک ۲۰۰۱ء
بدھ	۲۷	۱۳	۱۴	۷:۱۶	۶:۱۳	۶:۵۹	۵:۳۳	۶		
جمعرات	۲۸	۱۴	۱۵	۷:۱۶	۶:۱۴	۶:۵۸	۵:۳۴	۷		عالمی یوم جزام
جمعہ	۲۹	۱۵	۱۶	۷:۱۵	۶:۱۵	۶:۵۸	۵:۳۵	۸		پاکستان دولت مشترکہ سے الگ ہوا ۱۹۷۲ء
ہفتہ	۳۰	۱۶	۱۷	۷:۱۵	۶:۱۵	۶:۵۷	۵:۳۵	۹	رجعت عطارد	قتل مہاتما گاندھی ۱۹۴۸ء
اتوار	۳۱	۱۷	۱۸	۷:۱۵	۶:۱۶	۶:۵۶	۵:۳۶	۱		

تاریخہائے ماہ فروری ۲۰۲۱ء

نام ایام	فروری ۲۰۲۱ء	جمادی الثانی ۱۴۴۲ھ	ماگھ ۲۰۷۷ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	[illegible]	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
پیر	۱	۱۸	۱۹	۷ ۱۴	۶ ۱۷	۶ ۵۶	۵ ۳۷	۸	زہرہ درلو	
منگل	۲	۱۹	۲۰	۷ ۱۴	۶ ۱۸	۶ ۵۵	۵ ۳۸	۹		
بدھ	۳	۲۰	۲۱	۷ ۱۳	۶ ۱۸	۶ ۵۴	۵ ۳۹	۱	قمر درعقرب	
جمعرات	۴	۲۱	۲۲	۷ ۱۳	۶ ۱۹	۶ ۵۴	۵ ۴۰	۲		
جمعہ	۵	۲۲	۲۳	۷ ۱۲	۶ ۲۰	۶ ۵۳	۵ ۴۱	۳	یوم حضرت ابوبکر صدیقؓ، کشمیر ڈے	شکست سلطان ٹیپو ۱۷۹۲ء
ہفتہ	۶	۲۳	۲۴	۷ ۱۲	۶ ۲۰	۶ ۵۲	۵ ۴۲	۴		ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از مکہ و ابتداء ہجری ۶۲۲ء
اتوار	۷	۲۴	۲۵	۷ ۱۱	۶ ۲۱	۶ ۵۱	۵ ۴۳	۵		
پیر	۸	۲۵	۲۶	۷ ۱۱	۶ ۲۲	۶ ۵۱	۵ ۴۴	۶		
منگل	۹	۲۶	۲۷	۷ ۱۰	۶ ۲۲	۶ ۵۰	۵ ۴۴	۷		انقلاب عراق-قتل جنرل قاسم ۱۹۶۳ء
بدھ	۱۰	۲۷	۲۸	۷ ۹	۶ ۲۳	۶ ۴۹	۵ ۴۵	۸		
جمعرات	۱۱	۲۸	۲۹	۷ ۹	۶ ۲۴	۶ ۴۸	۵ ۴۶	۹		طب و سائنس کے نئے دور کا آغاز۔ انسانی جنیاتی خاکے کی تفصیلات جاری ۲۰۰۱ء۔ ۲۰۱۱ میں مصری صدر حسنی مبارک کا استعفیٰ جیل میں قید
جمعہ	۱۲	۲۹	پھاگن	۷ ۸	۶ ۲۴	۶ ۴۷	۵ ۴۷	۱		قرارداد پاکستان ۱۹۴۰ء- ایران میں خمینی کی نئی حکومت ۷۹ء
ہفتہ	۱۳	۳۰	۲	۷ ۷	۶ ۲۵	۶ ۴۶	۵ ۴۸	۲	نیا چاند	
اتوار	۱۴	رجب	۳	۷ ۷	۶ ۲۶	۶ ۴۶	۵ ۴۹	۳	یکم رجب ۱۴۴۲ھ	راولپنڈی میں زلزلہ ۱۹۷۷ء-نواحی بستیاں تباہ
پیر	۱۵	۲	۴	۷ ۶	۶ ۲۶	۶ ۴۵	۵ ۵۰	۴		کرونا وائرس پوری دنیا میں پھیل گیا
منگل	۱۶	۳	۵	۷ ۵	۶ ۲۷	۶ ۴۴	۵ ۵۰	۵		بنیاد مسجد قبا بدست آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۶۲۲ء
بدھ	۱۷	۴	۶	۷ ۵	۶ ۲۷	۶ ۴۳	۵ ۵۱	۶	شرف قمر	نواز شریف نے وزیراعظم کے عہدے کا حلف اٹھایا ۱۹۹۷ء
جمعرات	۱۸	۵	۷	۷ ۴	۶ ۲۸	۶ ۴۲	۵ ۵۲	۷	شمس درحوت	زلزلہ کوئٹہ ۱۹۵۵ء
جمعہ	۱۹	۶	۸	۷ ۳	۶ ۲۹	۶ ۴۱	۵ ۵۳	۸	لیلۃ الرغائب	اسلامی سربراہ کانفرنس لاہور ۱۹۷۴ء
ہفتہ	۲۰	۷	۹	۷ ۲	۶ ۲۹	۶ ۴۰	۵ ۵۴	۹		خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ ۶۳۲ء
اتوار	۲۱	۸	۱۰	۷ ۱	۶ ۳۰	۶ ۳۹	۵ ۵۵	۱	عطارد مستقیم	اعلان نبوت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۶۱۰ء
پیر	۲۲	۹	۱۱	۷ ۱	۶ ۳۰	۶ ۳۸	۵ ۵۵	۲		بھٹو نے بنگلہ دیش تسلیم کیا ۱۹۷۴ء- وفات جوش ملیح آبادی ۱۹۸۲ء
منگل	۲۳	۱۰	۱۲	۷ ۰۰	۶ ۳۱	۶ ۳۷	۵ ۵۶	۳		اتوار کی تعطیل کا اعلان ۱۹۹۶ء
بدھ	۲۴	۱۱	۱۳	۶ ۵۹	۶ ۳۱	۶ ۳۵	۵ ۵۷	۴		
جمعرات	۲۵	۱۲	۱۴	۶ ۵۸	۶ ۳۲	۶ ۳۴	۵ ۵۸	۵	زہرہ درحوت	
جمعہ	۲۶	۱۳	۱۵	۶ ۵۷	۶ ۳۲	۶ ۳۳	۵ ۵۸	۶		انقلاب ہند- انگریزوں کو نکالنے کی پہلی کوشش ۱۸۵۷ء
ہفتہ	۲۷	۱۴	۱۶	۶ ۵۶	۶ ۳۳	۶ ۳۲	۵ ۵۹	۷		
اتوار	۲۸	۱۵	۱۷	۶ ۵۵	۶ ۳۴	۶ ۳۱	۶ ۰۰	۸	استفتاح	پاکستان کی پہلی مردم شماری ۱۹۵۰ء

نوٹ: طلوع و غروب آفتاب میں اوپر گھنٹے اور نیچے منٹ ہیں- اس تقویم میں تمام اوقات ۵ گھنٹے کے حساب سے دیئے گے ہیں۔

فروری ۲۰۲۱ء	شمسی	مواضع قمر						اثرات ماہ فروری ۲۰۲۱ء
		بروج	اوقات داخلہ	منازل	اوقات داخلہ	اجتماع	حالات	دنوں کے اثرات
۱	۱۳	میزان	۱۶ ۲۴	غفرہ	۱۶ ۲۴			سوشل امور کے لئے سعد، خرید وفروخت، آرٹ وتحریر کے ناموافق۔
۲	۱۴			زبانہ	۱۴ ۱۱			مخلوط اثرات، تبدیلی کام ومقام کے خلاف، مشینری اور جائیداد کی خرید کے موافق
۳	۱۵	عقرب	۱۹ ۱۴	اکلیل	۱۱ ۵۸		ہبوط	امراء سے ملاقات، نقل مکانی اور تبدیلی کام وجائیداد، مشینری کے کام بہتر۔
۴	۱۶			قلب	۹ ۴۵	◓	تربیع دوم	مالی لحاظ سے بہتر دن، نفع اور آمدن کے لئے پر امید، وجدانی اندازوں سے نفع۔
۵	۱۷	قوس	۲۲ ۱۵	شولہ	۷ ۳۹		طرح	مالی لین دین کے لئے سعد، سوشل مصروفیات میں اضافہ۔
۶	۱۸			لغائم	۵ ۳۵			ترقی کے معاملات کے لیے پوری قوت صرف کریں، گفتگو وتحریر اہم ہو۔
۷	۱۹			بلدہ	۳ ۳۸			لین دین کے معاملات میں حد درجہ احتیاط کرو، قانونی امور ہاتھ سے نکل جائیں
۸	۲۰	جدی	۱ ۵۱	ذابح	۱ ۵۱		وبال	مخلوط اثرات، سفر اور امور جائیداد، پبلسٹی کے موافق، لین دین میں احتیاط۔
۹	۲۱			بلعہ سعود	۰۰:۱۱ ۲۲:۴۶			روزمرہ کے کام انجام دیں، کوئی نیا کام اور لین دین اور علاج شروع نہ کریں۔
۱۰	۲۲	دلو	۶ ۱۹	اخبیہ	۲۱ ۳۳			میٹنگ کرنا، معاہدات کرنا، طویل اقرار ومعاہدہ درست کرو، نکاح کے موافق۔
۱۱	۲۳			مقدم	۲۰ ۴۴			خرید وفروخت مشینری اور سرمایہ کاری کے موافق، سوشل امور میں محتاط۔
۱۲	۲۴	حوت	۱۲ ۲۲	موخر	۲۰ ۱۶	●	حضیض اجتماع	نفع اور آمدن کے لئے پر امید، وجدانی اندازوں سے نفع ہو۔
۱۳	۲۵			رشا	۲۰ ۱۸			سعد دن۔ جائیداد ومعاہدات اور سمندری سفر کیلئے، قانونی معاملے فائدہ دیں
۱۴	۲۶	حمل	۲۰ ۵۳	شرطین	۲۰ ۵۳			اعلیٰ افراد سے نفع، سفر میں احتیاط، نسبت کا موافق، نئے تعلقات ہوں۔
۱۵	۲۷			بطین	۲۱ ۵۸			کارسرکار، آرٹ، جائیداد کے معاہدات اور سمندری سفر کے لئے موافق۔
۱۶	۲۸			ثریا	۲۳ ۳۴			مالی لحاظ سے بہتر دن، نفع اور آمدن کے لئے پر امید، نیا کام شروع نہ کریں۔
۱۷	۲۹	ثور	۸ ۱۱				شرف	سفر اور تفریحات، سمندری سفر کے لئے بہتر۔ اہم معاملہ کی گفتگو طے پائے۔
۱۸	حوت			دبران	۱ ۳۰			موافق دن۔ آرٹ وتحریرات وحکام سے ملاقات، نکاح ونسبت کے لئے۔
۱۹	۲	جوزا	۲۱ ۰۳	ہقعہ	۳ ۳۸	◒	تربیع اول	مخلوط اثرات، تبدیلی کام ومقام کے خلاف، علاج اور جائیداد کی خرید کے موافق
۲۰	۳			ہنعہ	۵ ۴۲			مالی لحاظ سے بہتر دن، حکام سے اندیشہ کوئی تبدیلی اختیار نہ کرو، سمندری سفر بہتر
۲۱	۴			ذراعہ	۷ ۳۰			کارسرکار، آرٹ، جائیداد کے معاہدات اور تفریحی سفر کے لئے موافق۔
۲۲	۵	سرطان	۸ ۵۲	نثرہ	۸ ۵۲		ترفع	سوشل امور کے لئے سعد، خرید وفروخت مشینری وپبلسٹی کے موافق۔
۲۳	۶			طرفہ	۹ ۳۲			ناموافق دن، مالی نقصانات، تبدیلی کارسرکار کے خلاف۔
۲۴	۷	اسد	۱۷ ۲۲	جبہۃ	۹ ۳۲			آرٹ، جائیداد کے معاہدات اور سمندری سفر کے لئے موافق۔
۲۵	۸			زبرہ	۸ ۴۶			مالی لحاظ سے بہتر دن، نفع اور آمدن کے لئے پر امید، مشینری کے موافق۔
۲۶	۹	سنبلہ	۲۲ ۰۶	صرفہ	۷ ۲۳		اوج	عورت سے تکرار، زائد اخراجات، مالی نقصان، نئی دوستی سے دھوکہ ملے۔
۲۷	۱۰			عوا	۵ ۲۳	○	استقبال	آفیشل بزنس، خط وکتاب میں فائدہ، پراپرٹی سیل، پبلسٹی کے لئے موزوں۔
۲۸	۱۱			سماک	۲ ۵۷			کارسرکار، آرٹ، جائیداد کے معاہدات اور خرید مشینری کے لئے ناموافق

نوٹ: اوقات داخلہ میں اوپر گھنٹے اور نیچے منٹ ہیں۔ اس تقویم میں تمام اوقات ۵ گھنٹے کے حساب سے دیئے گئے ہیں۔

تاریخہائے ماہ مارچ ۲۰۲۱ء

ایام	مارچ ۲۰۲۱ء	رجب ۱۴۴۲ھ	پھاگن ۲۰۷۷ب	کراچی آفتاب طلوع	کراچی آفتاب غروب	لاہور آفتاب طلوع	لاہور آفتاب غروب	نمبر	توقیعات	گزشتہ تاریخی واقعات
پیر	۱	۱۶	۱۸	۶:۵۵	۶:۳۴	۶:۳۰	۶:۰۱	۹		پہلا اخبار ہند ''قاصد'' کی ۲ ۱۸۷ء سعودی عرب سیاسی اصلاحات، پہلے سعودی آئین کا اعلان ۱۹۹۲ء
منگل	۲	۱۷	۱۹	۶:۵۴	۶:۳۵	۶:۲۹	۶:۰۱	۱		قومی مردم شماری ۱۹۹۸ء
بدھ	۳	۱۸	۲۰	۶:۵۳	۶:۳۵	۶:۲۸	۶:۰۲	۲	قمر در عقرب	وفات میاں بشیر و کرنل عابد حسین ۱۹۷۱ء روسی زبان میں قرآن پاک کا ترجمہ ۱۹۹۳ء
جمعرات	۴	۱۹	۲۱	۶:۵۲	۶:۳۶	۶:۲۶	۶:۰۳	۳	مریخ در جوزا	منصوبہ کولمبو ۱۹۵۲ء
جمعہ	۵	۲۰	۲۲	۶:۵۱	۶:۳۶	۶:۲۵	۶:۰۴	۴		دورہ شاہ ایران ۱۹۵۵ء
ہفتہ	۶	۲۱	۲۳	۶:۵۰	۶:۳۷	۶:۲۴	۶:۰۴	۵	عرس نظر محمد شاہ ٹنڈو محمد خان	مارشل لاء لاہور، وفات اسٹالین ۱۹۵۳ء
اتوار	۷	۲۲	۲۴	۶:۴۹	۶:۳۷	۶:۲۳	۶:۰۵	۶		الیکشن ۱۹۷۷ء
پیر	۸	۲۳	۲۵	۶:۴۸	۶:۳۸	۶:۲۲	۶:۰۶	۷		خواتین کا عالمی دن
منگل	۹	۲۴	۲۶	۶:۴۷	۶:۳۸	۶:۲۰	۶:۰۷	۸		
بدھ	۱۰	۲۵	۲۷	۶:۴۶	۶:۳۸	۶:۱۹	۶:۰۷	۹		قطب جنوبی پر ''اقبال رصدگاہ'' کا قیام ۱۹۹۳ء
جمعرات	۱۱	۲۶	۲۸	۶:۴۵	۶:۳۹	۶:۱۸	۶:۰۸	۱		
جمعہ	۱۲	۲۷	۲۹	۶:۴۴	۶:۳۹	۶:۱۷	۶:۰۹	۲	معراج شریف	انتقال حبیب جالب ۱۹۹۳ء
ہفتہ	۱۳	۲۸	۳۰	۶:۴۳	۶:۴۰	۶:۱۶	۶:۰۹	۳		
۱۰	۱۹			موخر	۳ ۲۸			دوستی و مالی لین دین' تعلقات اور الیکٹریکل کاموں میں محتاط، دھوکے سے بچو۔
۱۱	۲۰			رشا	۲ ۴۴	◒	تربیع اول	کاروبار میں روپیہ لگانے کے لئے نیا قدم نہ اٹھائیں' رکاوٹیں پیدا ہوں۔
۱۲	۲۱	حمل	۲ ۴۵	شرطین	۲ ۴۵			غیر متوقع زائد آمدنی' نئی اسکیموں میں حصہ لیں' امراء سے ملاقات وفائدہ۔
۱۳	۲۲			بطین	۳ ۲۴			اتفاقی تبدیلی کامیابی ملے' گورنمنٹ کے کام میں فائدہ' اخراجات سے بچو۔
۱۴	۲۳	ثور	۱۳ ۱۰	ثریا	۴ ۴۰		شرف	نسبت اور تعلقات کی استوری کیلئے سعد' علاج کے موافق' زائد اخراجات۔
۱۵	۲۴			دبران	۶ ۱۸			روزمرہ کے کاموں میں احتیاط سے کام لو۔ مخالتوں سے بچو' فہم سے کام لیں۔
۱۶	۲۵			ہقعہ	۸ ۱۸			کاروبار میں نفع کا امکان۔ خوشی دینے والا دن' نکاح ونسبت کے لیے موافق۔
۱۷	۲۶	جوزا	۱ ۴۲	ہنعہ	۱۰ ۲۴		فرح	اہم اور ضروری کام پر توجہ دیں' زائد خوداعتمادی سے بہتر فیصلے ہوں۔
۱۸	۲۷			ذراعہ	۱۲ ۳۴			امور جائیداد' آمدن ہو، بڑوں سے ملاقات اور نسبت' پبلسٹی کے موافق۔
۱۹	۲۸	سرطان	۱۴ ۴۱	نثرہ	۱۴ ۴۱	○	تربیع استقبال	موافق دن' سوشل اور مالی لین دین کے لئے' خوشامدی لوگ فائدہ اٹھائیں۔
۲۰	۲۹			طرفہ	۱۶ ۳۶			مشینری کی خریداری بہتر' سوشل امور کے موافق' تعلقات میں بہتری۔
۲۱	جدی			جبہۃ	۱۸ ۲۲			ٹیکنیکل اور ایجادات کے لئے مفید دن، ارادوں کو مخفی رکھو۔ خبر سے خوشی ملے۔
۲۲	۲	اسد	۲ ۵۳	زبرہ	۱۹ ۴۸			اچانک تبدیلی آئے' جائیداد اور تحریرات میں محتاط رہیں' ذہنی توازن کمزور ہو۔
۲۳	۳			صرفہ	۲۰ ۵۴			علاج وکاروسرکار کے خلاف' زائد اخراجات' رات حادثہ اور جھگڑے کا امکان۔
۲۴	۴	سنبلہ	۱۳ ۲۳	عوا	۲۱ ۳۴		اوج	سوشل امور اور کارسرکار وعلاج کے لئے سعد' مالی امور اور تحریری کام موافق۔
۲۵	۵			سماک	۲۱ ۴۴			علاج شروع کرنے سے نقصان' روپے کا ضیاع' جائیداد کی لین دین نہ کریں۔
۲۶	۶	میزان	۲۱ ۲۳	غفرہ	۲۱ ۲۳			میکینکل کاموں سے نقصان' زمین کے سلسلے میں تکرار کا اندیشہ' غلط فہمیاں۔
۲۷	۷			زبانہ	۲۰ ۲۶	◓	تربیع دوم	موافق دن' معاہدات اور سوشل امور اور سفر' امورات جائیداد کے لئے خصوصاً۔
۲۸	۸			اکلیل	۱۸ ۵۵			ٹیکنیکل اور ایجادات ترقی ہو، اہم معاہدہ' ارادوں کو مخفی رکھو۔ خبر سے خوشی ملے۔
۲۹	۹	عقرب	۲ ۱۵	قلب	۱۶ ۴۶		ہبوط	اہم کاموں کو روک دیں' عام کاموں کو اپنی فراست سے نمٹائیں۔
۳۰	۱۰			شولہ	۱۴ ۰۹			نیا کام نہ کریں' تبدیلی کام ومقام کے لئے سعد' سفر' تحریرات اور جائیداد کے بہتر
۳۱	۱۱	قوس	۴ ۰۷	لغائم	۱۱ ۰۳		طرح	سوشل معاملات، فلاحی کاموں میں فائدہ، سمندری سفر کے ناموافق۔

منسوباتِ کواکب

نام کواکب	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
برج متعلقہ	اسد	سرطان	حمل۔عقرب	جوزا۔سنبلہ	قوس۔حوت	ثور۔میزان	جدی۔دلو
دن متعلقہ	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
رفتار	ہمیشہ سیدھی	ہمیشہ سیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی	الٹی وسیدھی
اثر	سعد اکبر	سعد اکبر	نحس اصغر	میانہ	سعد اکبر	سعد اصغر	نحس اکبر
بخور متعلقہ	لوبان۔صندل۔عود	لوبان۔کافور	لونگ۔گوگل۔مرچ	چنبیلی۔لوبان	زعفران۔صندل سرخ	عود۔لوبان	کالادانہ۔مرچ سیاہ
حدّ اتصال	۱۷ درجہ	۱۲ درجہ	۸ درجہ	۷ درجہ	۹ درجہ	۷ درجہ	۹ درجہ
دوست	ر خ ی	س د	س ر ی	س ہ	س ر خ	د ل سہ نب	د ہ سہ نب
دشمن	ل ہ سہ نب	سہ نب	د	ر	د ہ	س ر	س ر خ
مساوی	د	خ ی ل ہ	ہ ل سہ نب	خ ی ل سہ نب	ل سہ نب	خ ی	ی
عمل رفتار سیدھی	عروج	حصول	قوت	حصول علم	روپیہ۔ملک	محبت دوستی	خرابی۔دشمن
عمل رفتار الٹی	تنزل	خرابی	بغض، جدائی	مرتبہ سے گرانا	تباہ کرنا	بانجھ کرنا	نفاق ونفرت
برج وبال	دلو	جدی	میزان۔ثور	قوس۔حوت	جوزا۔سنبلہ	عقرب وحمل	سرطان۔اسد
برج شرف	حمل ۱۹ درجہ	ثور ۳ درجہ	جدی ۲۸ درجہ	سنبلہ ۱۵ درجہ	سرطان ۱۵ درجہ	حوت ۲۷ درجہ	میزان ۲۱ درجہ
برج ہبوط	میزان ۱۹ درجہ	عقرب ۳ درجہ	سرطان ۲۸ درجہ	حوت ۱۵ درجہ	جدی ۱۵ درجہ	سنبلہ ۲۷ درجہ	حمل ۲۱ درجہ
برج اوج	سرطان ۲۰ درجہ	سنبلہ	اسد ۱۹ درجہ	عقرب ۵ درجہ	میزان ۲ درجہ	جوزا ۲۲ درجہ	قوس ۱۳ درجہ
برج حضیض	جدی ۲۰ درجہ	حوت	دلو ۱۹ درجہ	ثور ۵ درجہ	حمل ۲ درجہ	قوس ۲۲ درجہ	جوزا ۱۳ درجہ
برج فرح	قوس	جوزا	سنبلہ	حمل	دلو	اسد	حوت
برج طرح	جوزا	قوس	حوت	میزان	اسد	دلو	سنبلہ
عنصر	آتشی	آبی	آتشی	بادی	یادی	بادی	خاکی
مزاج	صفرادی گرم خشک	بلغمی سرد تر	صفرادی گرم خشک	معتدل گرم خشک	بلغمی گرم تر	بلغمی سرد تر	سوداوی سرد خشک
حرف ابجد	م ن س ع	ذ ض ظ غ	ط ی ک ل	ش ت ث خ	ہ د ز ح	ف ص ق ر	ا ب ج د
قیام برج	۲۸ تا ۳۱ دن	۳۲ گھنٹے	۴۵ دن	۲۱ دن	۱۳ ماہ	۲۷ تا ۳۰ دن	۲ سال ۶ ماہ

سیارگان کی منسوبات عملیات کے لئے

اختیاراتِ قمر

قمر کے بروج میں داخلہ کی تاریخ اور اوقات صفحہ ۵ سے ۷۳ کے طاق صفحوں میں دی گئی ہیں جب کوئی کام کریں یا کرچکیں تو معلوم کریں کہ قمر کس برج میں تھا نتیجہ ذیل میں معلوم ہوگا۔ نیک کا (ن) بد کا (ب) متوسط کا (م) ہے اس جدول کے مطابق کام کرنا کامیابی دیتا ہے۔

حاجات	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
ملاقات حکام وزراء امراء	ن	ن	ن	ن	ن	م	ب	ب	ن	ب	ب	ن
ملاقات عورت یا محبوبہ	ب	ن	م	ن	ن	م	ن	ب	ن	ب	ب	م
ابتدائے عمل یا وظیفہ	ب	ن	ن	م	ن	ن	ن	ب	ن	ب	ن	ن
کام شروع کرنا	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	م	ب	م	ن
علاج شروع کرنا	ن	ن	م	ن	ن	ب	ب	ن	ب	ن	ن	ن
غسل صحت کرنا	ن	م	ن	ن	ن	م	ن	ن	ب	ب	ن	ن
نیا کپڑا پہننا	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن
نکاح کرنا	ب	ن	م	ب	ن	م	ب	ب	ن	ب	ن	ن
بچے کا نام رکھنا	ب	ن	م	ب	ن	م	ب	ب	ب	م	ن	ن
بچے کو اسکول داخل کرنا	ب	ب	ن	م	م	ن	ن	ب	ن	ب	ب	ن
ختنہ کرنا	ن	ن	م	ن	ب	ن	ن	ب	ب	ن	ن	م
جلسہ کرنا	ن	ب	ن	ن	ب	م	ن	ب	م	ب	م	ن
کسی سے دوستی کرنا	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م	ن
نقل مکانی کرنا	ن	ب	ن	ن	ن	م	ن	ب	ن	ن	ب	ن
سفر کرنا	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن
قرض دینا	ن	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م	ن	ب	م
قرض لینا	ب	ب	ن	ب	ن	ب	ب	ن	ب	ن	ن	ن
شرکت کرنا	ب	ن	م	ب	ن	ن	ب	ب	ن	ن	م	ن
دعویٰ شرعی کرنا	ب	م	ن	ن	ب	ن	ن	ب	ن	ب	ن	ن
جائیداد خریدنا	ب	ن	م	م	ن	ن	ب	ن	م	ن	ن	ن
تجارت کرنا	ن	ن	ن	م	ب	ن	ن	ب	ن	ب	م	ن
مکان کی بنیاد رکھنا	ب	ن	ب	ب	ن	ن	ب	م	م	م	ن	ب

اوقات شرف و ہبوط قمر سال ۲۰۲۱ء

اوقات مرتبہ

نام ماہ	تاریخ	مرتبہ	ابتداء	انتہاء
جنوری	۷	ہبوط	۵.بجکر ۱۵منٹ شام	۶.بجکر ۵۶منٹ شام تک
	۲۱	شرف	۳.بجکر ۵۸منٹ صبح	۶ بجے صبح تک
فروری	۴/۳	ہبوط	۱۰.بجکر ۴۷منٹ رات	۱۲.بجکر ۱۸منٹ نصف شب تک
	۱۷	شرف	۱۲.بجکر ۱۳منٹ دوپہر	۲.بجکر ۱۴منٹ دوپہر تک
مارچ	۳	ہبوط	۴.بجکر ۵۵منٹ صبح	۶.بجکر ۳۵منٹ صبح تک
	۱۶	شرف	۷.بجکر ۵۷منٹ رات	۹.بجکر ۵۸منٹ رات تک
	۳۰	ہبوط	ایک.بجکر ۴۵منٹ دوپہر	۳.بجکر ۲۱منٹ دوپہر تک
اپریل	۱۳	شرف	۲.بجکر ۴۴منٹ قبل فجر	۴.بجکر ۴۶منٹ صبح تک
	۲۶/۲۷	ہبوط	۱۲.بجکر ۲۷منٹ نصف شب	۲.بجکر ۲منٹ قبل سحر تک
مئی	۱۰	شرف	۸.بجکر ۴۸منٹ صبح	۱۰.بجکر ۵۰منٹ صبح تک
	۲۴	ہبوط	۱۱.بجکر ۱۲منٹ صبح	۱۲.بجکر ۴۸منٹ دوپہر تک
جون	۶	شرف	۲.بجکر ۴۸منٹ دوپہر	۴.بجکر ۵۰منٹ سہ پہر تک
	۲۰	ہبوط	۸.بجکر ۱۶منٹ رات	۹.بجکر ۵۶منٹ رات تک
جولائی	۳	شرف	۹.بجکر ۲۸منٹ رات	۱۱.بجکر ۳۰منٹ رات تک
	۱۸	ہبوط	۳.بجکر ۲منٹ قبل سحر	۴.بجکر ۴۵منٹ صبح تک
	۳۱	شرف	۵.بجکر ۶منٹ صبح	۷.بجکر ۶منٹ صبح تک
اگست	۱۴	ہبوط	۸.بجکر ۲۶منٹ صبح	۱۰.بجکر ۹منٹ صبح تک
	۲۷	شرف	ایک.بجکر ۲۲منٹ دوپہر	۳.بجکر ۲۲منٹ دوپہر تک
ستمبر	۱۰	ہبوط	۲.بجکر ۲۶منٹ دوپہر	۴.بجکر ۷منٹ سہ پہر تک
	۲۳	شرف	۹.بجکر ۳۲منٹ رات	۱۱.بجکر ۳۰منٹ رات تک
اکتوبر	۷/۸	ہبوط	۱۰.بجکر ۴۷منٹ رات	۱۲.بجکر ۱۵منٹ نصف شب تک
	۲۱	شرف	۴.بجکر ۴۵منٹ صبح	۶.بجکر ۵۲منٹ صبح تک
نومبر	۴	ہبوط	۹.بجکر ۶منٹ صبح	۱۰.بجکر ۴۲منٹ صبح تک
	۱۷	شرف	۱۱.بجکر ۱۶منٹ قبل دوپہر	ایک.بجکر ۱۴منٹ دوپہر تک
دسمبر	۱	ہبوط	۸.بجکر ۱۲منٹ رات	۹.بجکر ۵۰منٹ رات تک
	۱۴	شرف	۵.بجکر ۸منٹ شام	۷.بجکر ۸منٹ رات تک
	۲۹	ہبوط	۵.بجکر ۴۰منٹ صبح	۷.بجکر ۲۲منٹ صبح تک

اوقات شرف وہبوط سیارگان ۲۰۲۱ء

شمس (حضیض) ۹ جنوری ۶ بجکر ۳۰ منٹ صبح سے ۱۰ جنوری ۶ بجکر ۱۵ منٹ صبح تک

(شرف) ۷ اپریل ۷ بجکر ۳۵ منٹ رات سے ۸ اپریل ۸ بجے رات تک

(اوج) ۱۱ جولائی ۶ بجکر ۵۰ منٹ صبح سے ۱۲ جولائی ۸ بجے صبح تک

(ہبوط) ۱۱ اکتوبر ۷ بجکر ۴۰ منٹ صبح سے ۱۲ اکتوبر ۷ بجکر ۴۰ منٹ صبح تک

عطارد (ہبوط) ۲۵ مارچ ۷ بجکر ۱۰ منٹ شام سے ۲۶ مارچ ۱۰ بجکر ۲۵ منٹ صبح تک

(حضیض) ۲۱ اپریل ۱۲ بجکر ۴۰ منٹ دوپہر سے ۱۱ بجکر ۵۹ منٹ نصف شب تک

(شرف) ۲۰ اگست ایک بجکر ۳۵ منٹ قبل سحر سے ۴ بجے شام تک

(اوج) ۸ نومبر ۳ بجکر ۳۰ منٹ دوپہر سے ۹ نومبر ۶ بجکر ۳۰ منٹ صبح تک

زہرہ (حضیض) یکم جنوری ۴ بجکر ۱۰ منٹ شام سے ۲ جنوری ۱۱ بجکر ۳۰ منٹ قبل دوپہر تک

(شرف) ۱۸ مارچ ۲ بجکر ۵ منٹ دوپہر سے ۱۹ مارچ ۹ بجکر ۲۰ منٹ صبح تک

(اوج) ۲۶ مئی ۹ بجکر ۵۰ منٹ صبح سے ۲۷ مئی ۵ بجکر ۱۰ منٹ صبح تک

(ہبوط) ۱۲/۱۳ اگست ۱۲ بجکر ۱۵ منٹ نصف شب سے ۱۳ اگست ۸ بجکر ۴۰ منٹ رات تک

(حضیض) ۲۷ اکتوبر ۱۲ بجے دوپہر سے ۲۸ اکتوبر ۱۲ بجے دوپہر تک

مریخ (ہبوط) ۶ جون ۹ بجکر ۱۰ منٹ رات سے ۸ جون ۱۲ بجکر ۱۰ منٹ دوپہر تک

(اوج) ۱۰ جولائی ۸ بجکر ۲۰ منٹ رات سے ۱۲ جولائی ۱۱ بجے صبح تک

خاص باتیں

(۱) مریخ شروع سال سے برج حمل میں ہوگا۔ ۷ جنوری کو برج ثور میں داخل ہوگا۔ ۵ مارچ کو برج جوزا میں داخل ہوگا۔ ۲۴ اپریل کو برج سرطان میں داخل ہوگا' جہاں اسے ہبوط ہوگا۔ ۱۲ جون کو برج اسد میں داخل ہوگا جہاں اسے اوج کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ ۳۰ جولائی کو برج سنبلہ میں داخل ہوگا' ۱۵ ستمبر کو برج میزان میں داخل ہوگا جہاں اسے وبال ہوگا۔ ۳۱ اکتوبر کو برج عقرب میں داخل ہوگا اور ۱۴ دسمبر کو برج قوس میں داخل ہوگا اور سال کے آخیر تک برج

عقرب میں رہے گا۔ اسے اس سال رجعت نہیں ہوگی۔

اس سال مریخ کواکب مشتری و زحل سے تثلیث و تربیع و مقابلہ بنائے گا اور نپ چون سے تربیع کرے گا۔ یورنس سے تربیع و مقابلہ کے نظرات بنائے گا۔ یہ سیارہ خونی، جنگ و جدل اور انقلاب کی قوت رکھتا ہے اس سال یہ تمام معاملات میں بہت تیزی سے تبدیلیاں لائے گا۔

(۲) زحل برج دلو میں ۱۸ دسمبر ۲۰ء کو داخل ہو چکا ہے۔ اس سال اسے ۲۳ مئی کو برج دلو میں رجعت ہوگی۔ زحل ۱۱ اکتوبر کو مستقیم ہو جائے گا۔ ابھی بھی برج سرطان والوں کے لیے مشکلات برقرار رہیں گی اور اسد، سنبلہ و حوت والوں کی پریشانیاں شروع ہو جائیں گی۔ دیگر برج والے زحل کے نحس اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے صدقات دیں اور لوح زحل بنوائیں۔

(۳) مشتری برج دلو میں ۲۰ دسمبر کو داخل ہو چکا ہے۔ ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ برج حوت میں ۲۰ جون کو رجعت کر جائے گا اور ۲۹ جولائی کو دوبارہ برج دلو میں داخل ہوگا ۱۸ اکتوبر کو مستقیم ہو جائے گا۔ برج دلو میں مشتری کو فرح حاصل ہوتی ہے۔ ۳۰ دسمبر کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ مال و اسباب، سرمایہ کاری، عالمی منڈیوں میں تجارت میں چیزوں کی قیمتوں میں کمی کا رجحان ختم ہو جائے گا۔ اکتوبر کے بعد منڈی میں روپیہ کا حصول شدت اختیار کر جائے گا۔ اس وقت لوح مشتری سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے لیے حضرت کاش البرنیؒ کی لامتناہی قوتوں والی لوح کو اپنے پاس رکھیں۔

(۴) اس سال یورنس برج ثور میں ۱۴ جنوری کو مستقیم ہو جائے اور سارا سال برج ثور میں رہے گا جہاں اسے ۲۰ اگست کو رجعت ہوگی جو سال کے آخر تک رہے گی۔

(۵) زہرہ کو نومبر ۲۰۲۱ء تک رجعت نہیں ہوگی۔ زہرہ کو ۱۹ دسمبر کو رجعت شروع ہوگی۔ ماہ مارچ میں شرف اور مئی میں اوج کے باقوت اثرات رکھے گا۔

(۶) اس سال عطارد ۲۰ اگست کو شرف کے درجے سے اور ۸ نومبر کو اوج کے درجے سے گزرے گا۔

(۷) اس سال نپ چون برج حوت میں سارا سال رہے گا جہاں اسے ۲۵ جون کو رجعت ہوگی اور یکم دسمبر کو مستقیم ہو جائے گا۔

(۸) مندرجہ بالا اوقات میں کل عرصہ دیا گیا ہے اس تمام عرصہ میں متعلقہ ستارہ کی ساعت اور طالع میں کام کرنا ہوگا۔ خواہ وہ سعد ہو یا نحس۔ رسالہ ''روحانی دنیا'' میں بھی خاص اعمال کے وقت کا تعین کیا جاتا ہے۔ رسالے سے اعمال متعلقہ اور وقت حاصل کر سکتے ہیں۔

شرفات کواکب ۲۰۲۱ء

ہر سال کواکب کے شرف اور اوج آتے ہیں- ان مراتب کے عملیات رسالہ ''روحانی دنیا'' میں حسب موقع دیئے جاتے ہیں- ان کے اثرات کی تفصیل حسب ذیل ہے- اگر ان کی تیاری کے سلسلہ میں دفتر سے امداد کے خواہاں ہوں تو تاریخ مقررہ سے دو ہفتے پیشتر لکھیں اور ہدیہ بذریعہ منی آڈر بھیج دیں-

شرف زہرہ:-(۱۸مارچ) اوج زہرہ:-(۲۶مئی)	تسخیر خلق، تسخیر مستورات، تسخیر محبوب، لطف قلوب اور رجوع خلق کے لئے تیار کی جاتی ہے- کاروباری اصحاب کے لئے بہت مفید ہے- سیاسی آدمی طبیب، ڈاکٹروں اور دکان داروں کے لئے باعث آمدن باعث عزت اور باعث شہرت ہے- علاوہ ازیں عورتوں کے امراض اختناق الرحم، عسر ولادت، حفظ حمل، یا خون زیادہ آنے وغیرہ کے طلسم ونقوش اس وقت بنتے ہیں-
شرف شمس:-(۷اپریل) اوج شمس:-(۱۱جولائی)	حصول مراتب، جاہ ومنزلت، دشمنوں پر فتحیابی، عظمت اور فتوحات کے لئے تیار کی جاتی ہے- نیز سحر غالب نہیں ہوتا- نہ کوئی غالب آسکتا ہے- نہ مسلط ہوسکتا ہے- لوح طلاء زیادہ موثر ہوتی ہے-
شرف عطارد:-(۲۰اگست) اوج عطارد:-(۸نومبر)	تسخیر افسران وحکام، تسخیر اہل علم، قوی الحافظہ ہونے کے لئے مباحثہ علمی میں فوقیت، حصول علم حکمیہ اور کامیابی امتحان اور قوت فصاحت وبلاغت کے لئے تیار کی جاتی ہے- امراض میں سے مالیخولیا، صرع، فاترالعقلی اور بچوں کے خواب یا بیداری میں ڈرنے کی الواح تیار کی جاتی ہیں-
اوج مریخ:-(۱۰جولائی)	حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ براعداء، دشمنوں کے شر اور موذی جانوروں وآسیب سے بچنے کے لئے یہ لوح تیار کی جاتی ہے- ہیپاٹائٹس سی امراض میں لقوہ، فالج، رعشہ اور بلغمی مزاج کے لئے بھی، نیز قوت مردانہ کے لئے لوح تیار کی جاتی ہے-

اس سال کے شرف اور اوج ان کے اوقات علیحدہ دیئے گئے ہیں

فون نمبر 0333-7202964, 021-4949944
دفتر رسالہ روحانی دنیا، پیر الٰہی بخش کالونی، کراچی ۷۴۸۰۰

رجعت واستقامت سیارگان ۲۰۲۱ء

کواکب	حالت	تاریخ	وقت	درجہ و دقیقہ
عطارد	(۱) رجعت	۳۰ جنوری	۸ بجکر ۵۲ منٹ رات	۲۶ درجہ ۲۹ دقیقہ دلو پر
	استقامت	۲۱ فروری	۵ بجکر ۱۵ منٹ صبح	۱۱ درجہ ا دقیقہ دلو پر
	(۲) رجعت	۳۰ مئی	۳ بجکر ۳۵ منٹ قبل فجر	۲۴ درجہ ۴۳ دقیقہ جوزا پر
	استقامت	۲۳ جون	۳ بجے قبل فجر	۱۶ درجہ ۷ دقیقہ جوزا پر
	(۳) رجعت	۲۷ ستمبر	۱۰ بجکر ۹ منٹ صبح	۲۵ درجہ ۲۸ دقیقہ میزان پر
	استقامت	۱۸ اکتوبر	۸ بجکر ۱۷ منٹ رات	۱۰ درجہ ۷ دقیقہ میزان پر
زھرہ	رجعت	۱۹ دسمبر	۳ بجکر ۳۵ منٹ دوپہر	۲۶ درجہ ۲۹ دقیقہ جدی پر
مریخ	اس سال اسے رجعت نہیں ہوگی			
مشتری	رجعت	۲۰ جون	۸ بجکر ۱۲ منٹ رات	۲ درجہ ۱۱ دقیقہ حوت پر
	استقامت	۱۸ اکتوبر	۱۰ بجکر ۱۲ منٹ صبح	۲۲ درجہ ۱۹ دقیقہ دلو پر
زحل	رجعت	۲۳ مئی	۲ بجکر ۴۴ منٹ دوپہر	۱۳ درجہ ۳۱ دقیقہ دلو پر
	استقامت	۱۱ اکتوبر	۷ بجکر ۴۳ منٹ صبح	۶ درجہ ۵۲ دقیقہ دلو پر
یورنس	استقامت	۱۴ جنوری	ایک بجکر ۱۳ منٹ دوپہر	۶ درجہ ۴۳ دقیقہ ثور پر
	رجعت	۲۰ اگست	۶ بجکر ۳۰ منٹ صبح	۱۴ درجہ ۴۷ دقیقہ ثور پر
نیپچون	رجعت	۲۵ جون	۱۱ بجکر ۲۹ منٹ رات	۲۳ درجہ ۱۲ دقیقہ حوت پر
	استقامت	یکم دسمبر	۴ بجکر ۴۵ منٹ سہ پہر	۲۰ درجہ ۲۴ دقیقہ حوت پر
پلوٹو	رجعت	۲۸ اپریل	۲ بجکر ۴۴ منٹ قبل سحر	۲۶ درجہ ۴۸ دقیقہ جدی پر
	استقامت	۶ اکتوبر	۷ بجکر ۳۹ منٹ رات	۲۴ درجہ ۱۸ دقیقہ جدی پر

طلوع وغروب سیارگان ۲۰۲۱ء

عطارد ☿

یہ شمس سے سب سے نزدیک سیارہ ہے۔ ۸۸ دنوں میں سورج کے گرد ایک چکر لگا لیتا ہے اور شمس کے نزدیک ہونے کی وجہ سے غروب شمس کے فوراً بعد یا طلوع آفتاب سے پیشتر اسے دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ نہایت چمکدار ہے۔

عطارد شروع سال سے طلوع رہے گا۔ ۲۶ جنوری کو غروب ہوگا اور ۱۸ فروری کو طلوع ہوگا' ۱۸ اپریل کو غروب ہوگا اور یکم مئی کو طلوع ہوگا' ۳۱ مئی کو غروب ہوگا اور ۲۲ جون کو طلوع ہوگا' ۲۰ جولائی کو غروب ہوگا اور ۱۲ اگست کو طلوع ہوگا' ۳۰ ستمبر کو غروب ہوگا اور ۱۲۰ اکتوبر کو طلوع ہوگا۔ ۲۰ نومبر کو غروب ہوگا اور ۱۰ دسمبر کو طلوع ہوگا۔

شروع سال سے ۲۵ جنوری تک مغرب میں نظر آئے گا۔ ۱۹ فروری سے ۷ اپریل ۲ مئی سے ۳۰ مئی' ۲۳ جون سے ۱۹ جولائی' ۱۳ اگست سے ۲۹ ستمبر' ۲۱ اکتوبر سے ۱۹ نومبر' ۱۱ دسمبر تک طلوع رہے گا۔

زہرہ ♀

یہ محبت کا ستارہ ہے۔ آسمان پر نہایت چمکدار اور خوبصورت نظر آتا ہے۔ یہ تقریباً زمین کے برابر ہے۔ ۲۲۴ دنوں میں سورج کے گرد چکر لگا لیتا ہے۔ اس پر بادل اور دھند چھائی رہتی ہے ٹمپریچر زمین سے زیادہ ہے۔ زہرہ شمس سے ۲۶ مارچ کو قران کرے گا۔ شروع سال سے طلوع رہے گا غروب شمس سے پہلے مغرب میں نظر آئے گا۔ ۶ مئی سے غروب ہوگا اور ۱۱ جولائی کو طلوع ہوگا۔ اس سال اسے رجعت ہوگی۔ سال کے آخیر میں جنوب مغرب میں طلوع نظر آئے گا۔

مریخ ♂

یہ پندرہ سال کے بعد زمین کے قریب آتا ہے۔ یہ زمین سے بہت چھوٹا ہے۔ اس پر گہرے بادل ہیں۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس زیادہ ہے۔ اس کے دو چاند ہیں۔ یہ ۶۸۷ دنوں میں سورج کے گرد گردش مکمل کر لیتا ہے۔ اس کا دن زمین سے ۴۱ منٹ بڑا ہوتا ہے۔ یہ مغربی ہواؤں پر حکمران ہے۔ یہ یکم جنوری سے طلوع شمس میں قبل شمال مغرب میں نظر آئے گا۔ شمس سے مریخ کا قران ۱۸ اکتوبر کو ہوگا۔ نومبر سے مشرق میں طلوع آفتاب سے قبل نظر آئے گا۔ اس سال اسے رجعت نہیں ہوگی۔

مشتری ♃

یہ نظام شمسی کا سب سے بڑا سیارہ ہے۔ یہ اپنے محور کے گرد دس گھنٹے میں گھوم جاتا ہے۔ اس کے گرد

سڑسٹھ (۶۷) چاند ہیں۔ جن کا نظارہ ٹیلیسکوپ سے بڑا شاندار نظر آتا ہے۔ اس پر ابھی تک زندگی کے نشان نہیں ملے۔ یہ شروع سال سے غروب رہے گا اور ۱۵ فروری کو طلوع ہوگا پھر جولائی سے طلوع آفتاب سے قبل مغرب میں نظر آئے گا۔ شمس مشتری کا قران ۲۹ جنوری کو ہوگا۔

زحل ♄

یہ نظام شمسی کا دوسرا بڑا سیارہ ہے۔ یہ سورج کے گرد ۲۹ سال میں ایک گردش لگالیتا ہے۔ اس کے گرد کچھ حلقے ہیں۔ اس کے (۵۳) مستند چاند ہیں۔ رکاوٹ، دیر، پابندی اور خوف لانے والا سیارہ ہے۔ زحل شروع سال سے غروب رہے گا۔ ۲۴ جنوری کو شمس سے قران کرے گا۔ ۳ فروری کو طلوع ہوگا۔ جنوب میں طلوع آفتاب سے قبل نظر آیا کرے گا۔

یورنس ♅

یہ آنکھ سے نظر نہیں آتا۔ ٹیلیسکوپ سے دیکھ سکتے ہیں۔ یہ سورج کے گرد ۸۴ سال میں ایک چکر لگالیتا ہے، اس کے ستائیس (۲۷) چاند ہیں، جو کہ مستند ہیں۔ یہ غیر متوقع تبدیلیوں سے متعلق ہے۔ شروع سال سے مغرب میں نظر آئے گا۔ تاہم غروب رہے گا۔ پھر ۲۶ مئی سے مشرق میں طلوع ہوگا اور سال کے آخیر تک سورج طلوع ہونے سے قبل مشرق میں نظر آئے گا۔ شمس سے یکم مئی کو قران کرے گا۔

نیپ چون ♆

اس کی دریافت علم ہندسہ کا کارنامہ ہے۔ پہلے اس کا حساب تیار کیا گیا۔ پھر اس کو معلوم کیا گیا۔ سورج کے گرد ۱۶۵ سال میں ایک چکر لگالیتا ہے۔ اس کے ۱۳ چاند ہیں۔ اسے صرف ٹیلیسکوپ سے دیکھا جاسکتا ہے۔ شروع سال سے غروب رہے گا۔ اپریل میں طلوع ہونے کے بعد جنوب میں دن میں نظر آئے گا۔ جولائی سے سال کے آخیر تک جنوب مغرب میں غروب آفتاب کے بعد نظر آئے گا۔ شمس سے ۱۱ مارچ کو قران کرے گا۔ برج حوت میں سارا سال حرکت کرے گا۔

پلوٹو ♇

۱۹۳۰ میں دریافت ہوا۔ لوویل آبزرویٹری امریکہ نے اسے دریافت کیا۔ گیارہ سالہ لڑکی وینٹیا برنی نے اس کا نام پلوٹو تجویز کیا۔ ۲۰۰۶ میں بھیجا ہوا خلائی جہاز پلوٹو کے کیوپر بلٹ پر پہنچ چکا ہے اور اب اس کے متعلق معلومات حاصل ہورہی ہیں۔ یہ ۲۴۸ سال میں سورج کے گرد چکر لگالیتا ہے۔ اس کا سائز زمین سے چھوٹا ہے۔ برج جدی میں سارا سال حرکت کرے گا۔ ۱۴ جنوری کو شمس سے قران کرے گا۔ طلوع کے بعد یہ جنوب مشرق میں غروب آفتاب کے بعد طلوع ہوگا۔ ماہ جون سے سال کے آخیر تک جنوب مغرب میں رات میں نظر آئے گا۔

رموز الجفر

حروف، عناصر، اسمائے الٰہی، اعداد اور ارواح فلکی کے امزجہ سے عالم سفلی میں تصرفات کی حکمت یہ حضرت کاش البرنیؒ کے معمولات کا لاثانی خزانہ ہے۔ جس کے اعمال متعدد مرتبہ تجربہ کی میزان پر تلے ہوئے ہیں، اس علم جفر کے صدیوں کے سربستہ رازوں کا انکشاف کیا گیا ہے، نقاط جفر کی تشریح کے ساتھ ساتھ اعمال کے فہم و تفہیم کے لئے مثالیں دی گئی ہیں۔ حصول خواہشات اور مراد براری کے وہ موثر قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ جو بمنزلہ تاثیر کے طلسم سے بھی عظیم تر ہیں۔ ان میں کسی چلہ کشی کی ضرورت نہیں، محض وقت اور ترکیب سے ہی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

اس میں ۱۹ ابواب ہیں جن میں ۱۳۵ تیر بہدف عملیات ہیں۔

باب اول اسمائے اللہ الحسنیٰ اور ان کے اعمال کا طریقہ۔

باب دوم حل المشکلات وطلب حاجات کے خاص قواعد۔

باب سوم حب و تسخیر و حاضری مطلوب کے تکسیری راز۔

باب چہارم بغض عداوت، اخراج و بیماری دشمن کے موثر اعمال۔

باب پنجم حصول رزق، کشائش، علوئے مرتبت در اسباب کار کے ذرائع۔

باب ششم تسخیر حکام، تسخیر خلق، تحفظ غضب حاکم کے خاص اعمال۔

باب ہفتم زباں بندی، راہ بندی، حفاظت، ناجائز مطالبات کی بندش وغیرہ، عقود۔

باب ہشتم جملہ کواکب کے شرف، اوج و موثر نظرات کے اعمال۔

باب نہم متفرقات، امراض، گریختہ، ہفت خواتیم وغیرہ۔

۲۰۸ صفحات۔ ہدیہ=/۴۲۵ روپے۔ محصول ڈاک علاوہ

نوٹ: ۔صرف وہ لوگ منگوائیں جن کی ذہنی قوتیں اچھی ہوں، حساب داں ہوں اور حل کرنے کی سعی سے گریز کرنے والے نہ ہوں۔

ندائے کواکب ۲۰۲۱ء

اس سال کے شروع سے زحل اور مشتری اپنے گھر تبدیل کر چکے ہیں اور دونوں برج دلو میں داخل ہو چکے ہیں
جس سے مشتری یورنس کی تربیع' زحل یورنس کی تربیع سے مروجہ ضابطوں میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ اداروں کا
زبردست ردعمل آئے گا۔ جس سے پرانے کاروباری ادارے ہوں یا انٹیلیجنس کے' ان کی حکومتیں ختم ہو جائیں گی اگر
حالات کے مطابق قوانین پر عمل نہیں کریں گی۔ اس سال یہ کوائبی صورت حال معاشی' سیاست اور سیاسی بحرانوں کی
نشاندہی کر رہی ہے۔

شروع سال سے ۱۴ مئی تک مشتری دلو والوں کے طالع میں ہوگا تو رفاہ عامہ کا رجحان پیدا ہوگا تعصب بڑھے گا
اس کے بعد برج حوت میں داخل ہوگا۔ مالی بدقسمتیاں اور عزت کا زوال لائے گا اور سخت وبا سے اموات ہونگی۔ تو اس
وقت ان حالات کو مکمل تسلی بخش نہیں کہا جا سکتا۔ وہ لوگ جن کا طالع اسد اور حوت ہے اور وہ ممالک جو اسد اور حوت کے
ماتحت ہیں ان کو مالی مشکلات' اخراجات' جھگڑوں اور بدقسمتی سے واسطہ پڑے گا۔

مشتری جب دوسرے ستاروں سے نظرات بناتا ہے تو روپیہ کی حالت میں تغیر پیدا ہوتا ہے۔ اس کے نحس
نظرات ہوں تو مارکیٹ پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا۔ ایسا ۱۸' ۲۳ جنوری' ۲۱ مئی' ۲۹ جولائی' ۱۶ نومبر' ۸ دسمبر کو کاروباری لوگ
کسی بھی سودے کا اقرار کرنے سے گریز کریں گے۔ قیمتیں گر جاتی ہیں چنانچہ جس عرصہ میں مشتری سے نحس نظر کا
دورانیہ رہے گا یہ عرصہ مندی اور نقصان کا ہے۔ اس لئے اپنے روپے کا خیال رکھیں۔

مریخ جنگ وفساد کا ستارہ ہے جب بھی نحس نظر قائم کرتا ہے تو انتشار پیدا ہوتا ہے۔ اس سال اسے رجعت نہیں
ہوگی یہ شروع سال برج حمل سے ترتیب وار برجوں سے گزرتا ہوا' ۱۴ دسمبر تک برج قوس میں پہنچ جائے گا اور اسی
میں سال کے آخر تک رہے گا۔

مریخ بھی اس سال اہم نظر قائم کرے گا جس سے عوام الناس پر گہرا اثر پڑے گا۔ مریخ ۱۳ جنوری کو زحل سے
تربیع' ۲۳ جنوری کو مشتری سے تربیع' یکم جولائی کو زحل سے مقابلہ' ۴ جولائی کو یورنس سے تربیع' ۲۹ جولائی کو مشتری
سے مقابلہ' ۲ ستمبر کو نپ چون سے مقابلہ' ۲۲ اکتوبر کو پلوٹو سے تربیع' ۱۱ نومبر کو زحل سے تربیع' ۱۷ نومبر کو یورنس سے
مقابلہ' ۸ دسمبر کو مشتری سے تربیع بنائے گا۔ ان تاریخوں میں تجارتی' فوجی حادثات' ججوں پر حملے' عوامی
مظاہرے' سرحدی' موسمی حالات بے انتہا تغیر کا باعث بنیں گے۔

زحل شروع سال سے برج دلو میں رہے گا۔ جہاں یہ ۲۳ مئی کو برج دلو میں رجعت کرے گا۔ رجعت د
استقامت میں ۵ ماہ کا عرصہ برج دلو میں گزارے گا۔ وہ ممالک جو برج دلو اور اسد کے ماتحت آتے ہیں ان کو دہشت
گردی اور عوامی مظاہروں اور جھڑپوں سے جانی نقصان ہوگا۔ عرب ممالک' سعودی عربیہ' اردن' شام' روس اور فرانس'
اٹلی' ہیں حکومتی فیصلوں کے خلاف مظاہرے ہونگے اور دباؤ کا سامنا ہوگا۔ ساتھ ہی پاکستان اور کشمیر کی وجہ سے دہشت
گری کے واقعات اور سرحدی علاقوں میں کشیدہ صورت حال رہے گی۔ بچوں کی اموات بہت ہونگی ساتھ ہی خودکشی
کے واقعات ہوں گے۔ حکومتی کابینہ میں بڑے تبادلے ہونگے۔

برج دلو توقعات اور ترقی و خودمختاری اور دوستی سے بھی متعلق ہے۔ جس سے ان ممالک میں نئی سیاسی اور
اقتصادی تبدیلیاں لائے گا۔ لہذا اتفاقی اور انقلابی حادثات سے اموات آئیں گی۔ جو حیرت انگیز اور خوفناک ہونگی۔

ان ممالک میں حکومتوں میں رد بدل ہوگا یا پھر سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

زحل بادی برج دلو میں ہے اسے یہاں ترفع ہوتا ہے لہذا دوست ممالک کی طرف سے مالی دباؤ کم ہو جائے گا' تیل، گیس، مائع اشیاء کی قیمتوں کے بحران پر قابو پانے کی کوشش ہوگی۔ ٹیکس اور دیگر اداروں کے واجبات بھی کم کیے جائیں گے' اخراجات پر قابو پا سکیں گے۔ اس سال زحل و مشتری دونوں یورنس سے تربیع کی نظر بنائیں گے جس سے لوگوں کی مالی حالتیں بہت خراب ہوں گی اور مشکلات کا شکار رہیں گے۔ حکومت عمل درآمد میں تاخیر سے فیصلے کرے گی۔

مشتری ۱۴ مئی کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ مشتری اعلیٰ قوتوں سے مالا مال کرے گا اور جو لوگ اس وقت سے فائدہ اٹھائیں گے ان کی زندگی میں خوش قسمتی کے دروازے کھل جائیں گے۔ ۲۰ جون سے ۱۸ اکتوبر تک رجعت میں رہے گا اور رجعت ہی میں ۲۹ جولائی کو دوبارہ برج دلو میں داخل ہوگا اور سال کے آخر تک یہیں رہے گا۔ برج دلو' اسد والے افراد اور ممالک کو اس سال غیر متوقع خوشحالی سے واسطہ پڑے گا۔ اس سال مشتری ۱۵ اپریل' ۲۳ جون' ۱۵ اکتوبر اور ۲۰ دسمبر کو شمس سے سعد نظر بنائے گا۔ کینیڈا' ترکی' سعودیہ' جاپان اور کوریا مالی مشکلات سے نکلنے میں کامیاب ہو جائیں گے بلکہ ترقی کریں گے' پرانے طریقے ختم کر کے نئی جدید ٹیکنولوجی اپنائیں گے۔ اس کے برخلاف برج اسد کے ممالک روس' سویڈن اور ایتھوپیا عوام الناس کے لیے بہت کام کریں گے۔ مشکلات پر قابو پا جائیں گے۔ اقتصادی حالت بہتر رہے گی اور بیرونی منڈیوں تک رسائی حاصل ہوگی۔

یورنس برج ثور میں مزید ۵ سال تک رہے گا۔ ۲۰ اگست کو رجعت کرے گا جو سال کے آخر تک رہے گی۔ ۱۵ جون کو یورنس اور زحل کی تربیع ہوگی۔

نپ چون برج حوت کے ۱۸ درجہ پر پہنچ چکا ہے۔ ۲۵ جون کو رجعت کر جائے گا پھر یکم دسمبر کو مستقیم ہوگا۔

پلوٹو سارا سال برج جدی میں رہے گا۔ ۲۸ اپریل کو رجعت ہوگی۔ ۱۶ اکتوبر کو مستقیم ہوگا۔

خوش بخت لوگ:

مالی مفاد کا ستارہ مشتری اس کی قوتیں میں کمی نہیں آئے گی۔ چنانچہ اس سال برج دلو اور حوت والے مشتری کی سعادتوں سے ذاتی اور مالی امور میں وسعت پائیں گے اور ان کے کاروبار ترقی کریں گے۔ اگر توجہ سے کام لیا تو زندگی میں آسودگی دیکھیں گے۔

بے روزگاروں کو روزگار ملے گا۔ غرضیکہ جن حالات میں جس قدر ہاتھ ماریں گے دولت کمائیں گے اور خراب حالت سے نکلنے کے لیے عملی قدم اٹھانا ہی فائدہ دے گا۔ یہ کامیابی کا سال ہوگا۔ جو کاروباری اور مالی امور میں ایسے اسباب پیدا کرے گا جس سے کاروبار بڑھے گا۔ عہدہ اور پوزیشن میں ترقی ہوگی۔

اسد والوں کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ زحل مقابلے پر ہے اس لیے کام آسانی سے نہیں ہونگے۔ تاہم مشتری مقابلے کے خانہ میں آ چکا ہے جس سے زحل کی نحوستوں میں کمی آئے گی جس سے مخالفتوں میں کمی آئے گی۔ شادی' نسبت اور شراکت داری کے معاملے اور کاروباری معاملے میں پریشانی میں کمی آئے گی۔

خراب وقت کن لوگوں کے لئے ہے:

برج دلو میں مشتری و زحل موجود ہیں۔ اس کے مقابل برج اسد کے لیے سارا سال زائد اخراجات میں

کمی لائے گا۔ شریک زندگی، شراکت داری، مالی امور، خواہ وہ اخراجات مرضی سے ہوں یا زبردستی کمی کا احساس ہوگا۔ اسد والے زحل کی نحوست کے زیر اثر رہنے کے ساتھ انہیں اپنی خواہشات پوری کرنے کے مواقع ملیں گے۔ لوگ ان سے توقعات رکھیں گے۔ آمدن اور کام میں رکاوٹ اور پریشانی دور ہوتی دیکھیں گے۔ کام اور کاروبار میں محنت اور ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا۔ ذاتی معاملات میں دباؤ اور مشکلات کا سامنا ہوگا۔

برج دلو میں مشتری دسمبر تک رہے گا اس دوران جب مشتری کو رجعت ہوگی تو برج اسد جو مقابل برج ہے انہیں اخراجات پر قابو پانا ہوگا۔ کیونکہ وہ اپنی ذات پر نہیں بلکہ دوسروں پر خرچ کریں گے۔ اس وجہ سے مالی پریشانی سے واسطہ پڑے گا۔ اس وقت ایسا لگے کا کسی نے کچھ کر دیا ہے دوسروں کے سحر سے نکل نہ سکیں گے۔ سنبلہ والوں کے حالات بدلنے کے امکانات دسمبر کے بعد پیدا ہونگے۔

رہائش میں تبدیلی:

دلو و حوت والے غیر متوقع حالات اور تبدیلیوں سے دوچار ہونگے - ان کی رہائش میں تبدیلی ہوگی- ثور و جوزا والوں کی رہائش میں بھی تبدیلی آئے گی اور نئے حالات سے واسطہ پڑے گا۔

زائد آمدنی اور اسکیموں میں حصہ لینے والے

بانڈز اور دیگر انعامی اسکیموں سے آمدن حاصل کرنے والوں میں برج جوزا والے ہیں۔ قوس والوں کو بھی مواقع ملیں گے۔ کیونکہ ستارہ مشتری باقوت ہوگا۔ میزان والوں کے بیرون ملک سفر ہونگے۔ بڑی سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے۔

زحل کے اثرات:

برج دلو و حوت و حمل والوں پر ساڑھ ستی لگ گئی ہے آئندہ ساڑے سات سال تک اثرات رہیں گے۔ برج قوس و جدی والوں پر سے اثرات ختم ہونا شروع ہو جائیں گے- دلو والوں پر ڈھائی سال کا دور رہے گا۔ برج اسد والے متاثر ہونا شروع ہو جائیں گئے- زحل کی نحوست میں کام بن بن کر بگڑتے رہتے ہیں- بڑی مشکل سے اور دیر سے کام ہوتے ہیں- کاموں کے بنانے کے تمام ذرائع مکمل ہوں اور یہ امید ہو کہ اب کام ہونے والا ہے تو آخر میں آکر امید ختم ہو جائے گی- ایسا معلوم ہوگا جیسے کسی نے جادو کر دیا ہے- پابندیوں، رکاوٹوں اور مخالفتوں سے قدم قدم پر واسطہ پڑے گا-

زحل کے اثرات: مستقبل میں نقصان اور فکر مندی کے سال

۲۰۱۱ء/ ۲۰۱۲ء	میزان اور حمل والوں کے لئے
۲۰۱۳ء/ ۲۰۱۴ء	عقرب اور ثور والوں کے لئے
۲۰۱۵ء/ ۲۰۱۶ء	قوس اور جوزا والوں کے لئے
۲۰۱۷ء/ ۲۰۱۸ء	جدی اور سرطان والوں کے لئے
۲۰۱۹ء/ ۲۰۲۰ء	دلو اور اسد والوں کے لئے

آپریشن، فصد و حجامت

یہ بھی چاند کی تاریخوں کا حساب ہے۔ اس پر پابندی کرنا چاہیے۔ آزمانا نہیں چاہیے اس کا پندرہ روزہ دور ہوتا ہے۔

۱- رگوں کو ضعف پہنچے
۲- اچھا ہے
۳- ضعف دماغ ہو
۴- دردِ سر ہو
۵- رنگ زرد ہو جائے
۶- بدن میں رعشہ واقع ہو
۷- موت کا اندیشہ ہو
۸- دردِ سر ہو
۹- درد اعضا پیدا ہو
۱۰- درد و الم ہو
۱۱- خبط دماغ کا عارضہ ہو
۱۲- ضعف بدن پیدا ہو
۱۳- ہلاکت کا اندیشہ ہو
۱۴- باعث حکّہ ہو
۱۵- باعث قولنج ہو
۱۶- باعث فرحت ہو
۱۷- صحت ہو
۱۸- قوت بدن ہو
۱۹- دفع درد ہو
۲۰- صحت بدن ہو
۲۱- روشنی دل کا باعث ہو
۲۲- قوتِ دل ہو
۲۳- شادی قلب ہو
۲۴- رفع صفرا ہو
۲۵- صفائے بدن ہو
۲۶- بیماری سے خلاصی ہو
۲۷- خوف سے امان ملے
۲۸- قوت قلب ہو
۲۹- مرض سے خلاصی ہو
۳۰- کوئی حکم نہیں

سیارگان کی نحوست کو دور کرنا

جب کسی شخص کا ستارہ ہبوط میں ہو۔ حضیض میں ہو یا رجعت میں ہو یا ایسی صورت کسی کے طالع برج میں واقع ہو۔ تو ایسے لوگوں کو وہ ستارہ اپنی منصوبات کے مطابق نقصان دے گا۔ جس سے کاروبار میں نقصان اُمیدوں میں ناکامی اور طبیعت حیران و پریشان رہتی ہے۔ پیسہ کی برکت جاتی رہتی ہے، آمدن رک جاتی ہے، بنتے کام بگڑ جاتے ہیں۔ کسی کام میں فائدہ نہیں ہوتا۔ صحت خراب رہتی ہے۔

اس صورت میں بہتر طریقہ یہ ہے کہ ان ناقص تاثیروں کو دور کرنے کے لئے مخصوص صدقات کریں۔ اور نقش معظم فتحنامہ اور اس سے متعلقہ لوح تیار کروا کر اپنے پاس رکھیں۔ تا کہ اس کی روحانیت نحوست سیارگان سے محفوظ رکھے۔ میں یہ بتا دوں کہ نقش یا طلسم سے سیارگان اپنی جگہ نہیں چھوڑتے۔ وہ تو مقدر عالم ہے۔ مگر ہم اپنے علم اور مخصوص طریقوں کو کام میں لا کر ان سے وارد ہونے والے اثرات کو ضرور روک سکتے ہیں۔ جیسے سردی کو کوئی نہیں روک سکتا۔ مگر آگ جلا کر، گرم کپڑے پہن کر یا اور ممکنہ تدابیر اختیار کر کے ہم سردی کے اثرات کو روک دیتے ہیں اور اطمینان سے اپنے دنیوی کاموں میں سرگرم رہتے ہیں۔ عین اسی طرح ان لطیف برقی ذرات سے جو سیارگان سے ہم پر وارد ہوتے ہیں۔ نقوش، صدقات، جواہر کا سہارا لے کر اور تدابیر سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ بجائے اس کے کہ آپ پریشان رہیں۔ تکلیف اور نقصان اٹھائیں۔ آپ ہمیں لکھیں۔ آپ کی ممکنہ مدد سے دریغ نہ ہوگا۔

وہ لوگ جو بچپن سے ہی ناکام زندگی لئے ہوئے ہیں۔ یا خاص قسم کی بدقسمتی مدتوں سے ساتھ لگی ہوئی ہے وہ بھی اپنی زندگی کو بدل سکتے ہیں۔ علم جفر ہر شخص کی ہر آن مدد کرتا ہے۔ اور کبھی فیل نہیں ہوتا۔

خط و کتابت ہمیشہ جوابی ہو۔ ہر قسم کی خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ ہے۔

رسالہ روحانی دنیا، پی آئی بی کالونی، کراچی

استحکام و جمعیت کی روحانیت، تسخیر سلطنت و فتوحات، ناموری، حکمت اور قیام و استحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

لوح زحل

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں سبب کو اختیار کرنا ہے وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہے جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

۲۔ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔

۳۔ تسلط بر خلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔

۴۔ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام دیتا ہے۔

۵۔ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی ہو۔

۶۔ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لئے۔

۷۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں اور جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ بر مخلوق رہے۔ یہ لوح مؤثر ہے۔

اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اُس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے اپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔ اب سختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے اُن کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

حارث عثمانی البرنی

تحویل آفتاب عالمتاب سال ۲۰۲۱ء

حکمائے اہل یونان نوروز اس دن کو کہتے ہیں جب کہ آفتاب بارہ بروج کا دورہ طے کرنے کے بعد برج حمل کے نقطہ اوّل میں داخل ہوتا ہے۔ اس وقت دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ منجم لوگ اس وقت حساب کر کے زائچہ بناتے ہیں اور سالانہ حساب تیار کرتے ہیں اس برج میں آفتاب کو ۱۹ درجہ پر شرف حاصل ہوتا ہے۔ اس شرف میں عاملان جفر مختلف اعمال تسخیر خلق، عروج و ترقی اور بلندی مرتبت کے تیار کرتے ہیں۔ اس تحویل کے بعد فصل ربیع کی ابتداء ہوتی ہے اور پہلی سہ ماہی کا ملکی زائچہ تیار کیا جاتا ہے۔

سنبلہ | اسد | سرطان
جوزا | ر ۱۶ | خ ۹
ثور | نس ۸
حمل | س ۵ | ی ۲۰ | ک ۶ | ۲۸ ہ | ن ۲۱ | ل ۱۰ | و ۲۶
حوت | دلو | جدی
۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲

تحویل کا وقت تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن انسانی حساب کی باریکیاں جہاں تک حد تحریر میں لاسکتی ہیں وہ یہ ہے کہ پاکستان کے مروجہ وقت کے مطابق اس سال ۲۰ مارچ کو ۲ بجکر ۳۶ منٹ ۴۹ سیکنڈ دوپہر شمس برج حمل میں تحویل ہو رہا ہے اس کا زائچہ یہ ہے۔ اس سال برج اسد تحویل کے وقت طلوع ہو رہا ہے۔ زائچہ میں کواکب اس طرح ہیں۔

طالع خالی ہے۔ دوسرا گھر خالی ہے۔ تیسرا گھر خالی ہے۔ چوتھا گھر خالی ہے۔ پانچویں گھر خالی ہے۔ چھٹا گھر میں پلوٹو ہے۔ ساتویں گھر میں مشتری و زحل موجود ہے، زحل کی یورنس سے تربیع ہے۔ آٹھویں گھر میں عطارد اور زہرہ و نپ چون ہیں ان میں قران ہے، نواں گھر میں شمس موجود ہے، شمس کا زہرہ سے قران، پلوٹو سے تسدیس ہے۔ دسویں گھر میں یورنس موجود ہے۔ گیارہواں گھر میں مریخ و قمر موجود ہے، قمر مشتری سے تثلیث، نپ چون سے تربیع، مریخ کی زحل سے تثلیث ہے۔ بارہواں گھر خالی ہے۔

یورنس دسویں گھر میں موجودگی سے موجودہ سیاسی حالات میں بہتری نہ آئے گی۔ امراء اور حکام کے اندر فساد و اختلاف بہت ہوگا۔ جس سے ملکی معیشت اور کاروبار پر برا اثر پڑے گا۔ ان کے فیصلے مستحکم نہ ہونگے۔ اس سال لوگ بہت تکلیف اٹھائیں گے۔ سمندر میں جہاز اور کشتی بہت غرق ہونگی۔ خلقت میں وبا پھیلے گی اور اموات بہت ہوں۔ سمندر کی سطح بڑھ جائے گی برف بہت پگھلے گی۔ سرد موسم بڑے پیمانے پر دنیا میں تبدیلی لائے گا۔ خشکی کے امراض پھیلیں گے۔ ممالک ایک دوسرے سے اختلاف رکھیں گے اور فوجوں کو تیار کریں گے۔ لوگوں میں خوف و ڈر کا غلبہ زیادہ ہوگا۔

یورنس و زحل کی تربیع سے حکومت کے دوسرے ممالک سے تعلقات میں کشیدگی میں اضافہ ہوگا۔ جنگ کا خدشہ

رہتا ہے۔ دلو والوں ملکوں سے تعلقات میں بہت خرابی آئے گی۔ افواہیں بہت پھیلیں گی۔ حکومتی وعدے پورے نہ ہونگے۔ پھل میوہ جات کی فصل اچھی رہے گی۔ تیل، گیس واجناس کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا حکومت کنٹرول نہ کر سکے گی۔ گیارہویں گھر میں قمر و مریخ ہیں یہاں ان کی موجودگی ملکی قوانین اور پارلیمنٹ میں نمایاں تبدیلیوں کی نشاندہی ہو رہی ہے۔ وجدانی اور تخیلاتی بنیاد پر کام ہونے لگیں گے۔ شمس نویں گھر میں ہے جس سے قانون پر عمل درآمد سختی سے کرایا جائے گا بیرون ملک سے لوگ روپیہ بہت بھیجیں گے۔ اس سال غلہ، اجناس، شکر کی امپورٹ ایکسپورٹ کرنا منافع بخش رہے گا۔ بیرون ملک سفر بہت ہونگے۔

آٹھویں گھر میں نپ چون، زہرہ وعطارد موجود ہیں۔ لوگوں کے سرمائے اور اثاثے بری طرح متاثر ہونگے۔ اہم شخصیتوں کی اموات ہونگی، بچوں میں پیدائشی ذہنی خرابی زیادہ ہونگی۔ خونی حادثات لائے گی۔ اشاعتی اور سائنسی حلقے میں سرگرمی بیدار ہوگی۔

ستارے اور کاریں

معمولی حادثات کا شکار اور ٹوٹ پھوٹ رکھنے والی گاڑیاں نحس ہوتی ہیں آپ کے لئے کار کو کونسا رنگ مفید ہے

ہر قسم کی مشینری اپنے اندر ایک انفرادیت لئے ہوئے ہوتی ہے۔ خواہ وہ کار ہو، بائیسکل ہو، موٹر سائیکل ہو، اسکوٹر ہو یا کسی بھی قسم کی سواری ہو، جو سفر کے کام آئے۔ بعض اوقات سواری میں اور آپ میں ہم آہنگی اور مطابقت ہوتی ہے جبکہ بعض اوقات ایسا نہیں ہوتا۔ اگر سواری آپ کو بحفاظت منزل مقصود پر پہنچا دے۔ سفر کم سے کم تکلیف دہ ثابت ہو۔ اور اخراجات بھی کم ہوں اور کئی سالوں تک آپ کا اور اس کا ساتھ رہے تو کہا جا سکتا ہے کہ آپ دونوں میں ہم آہنگی، مطابقت اور دوستی ہے۔

تاہم اگر آپ کی سواری (کار یا اسکوٹر یا کوئی سواری) اگر خراب ہو جاتی ہے۔ مہنگی ثابت ہوتی ہے اور مشکل میں مبتلا رکھتی ہے۔ تب آپ دونوں میں مطابقت نہیں پائی جاتی۔ ان حالات میں اسے بیچ کر کوئی دوسری کار یا اسکوٹر اس وقت خریدیں جب قمر، عطارد اور مشتری موافق نظرات کے تحت ہوں۔ یہ سفر کے کواکب ہیں۔ اور جب مشینری پر حکومت کرنے والا سیارہ مریخ غیر موافق نظرات کے تحت نہ ہو تب بھی اپنے آپ سے مطابقت رکھنے والی مشینری کی خریداری میں کامیاب رہیں گے۔ یاد رکھئے کہ کواکب کے موافق نظرات کے تحت جو مشینری خریدی جائے گی وہ کواکب کے موافق نظرات کے تحت ہی تیار کی ہوئی ہوتی ہے۔

گرہن کے دن یا گرہن سے ایک دن قبل ہرگز مشینری تبدیل نہ کریں اور نہ ہی مشینری خریدیں۔ اگر اس وارننگ کو نظر انداز کر دیا تو بہت بڑی مشکل میں پھنس جائیں گے۔

بہت سے لوگ جو خود اگر چہ موٹر یا اسکوٹر کے انجن سے واقف نہ ہونے کے باوجود جب ناموافق نظرات کے حامل دنوں میں انہیں خریدتے ہیں تو بہت مشکل میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ہمیں سڑکوں پر ایسی کاریں اکثر نظر آتی ہیں جو کافی پرانی ماڈل کی ہوتی ہیں۔ مگر ان کے مالکان ان سے بہت مطمئن ہوتے ہیں۔ میرے واقف کاروں میں ایک صاحب کے پاس کافی پرانی کار ہے۔ وہ اس سے بہت مطمئن ہیں اور کسی طرح بھی اسے بیچنے کے حق میں نہیں ہیں ان کا کہنا ہے کہ وہ کار کے انجن کے نظام سے بھی پوری طرح واقف ہیں اور اس بات سے خود ان کی کار بھی واقف ہے۔ لہٰذا کار ایک خاص انداز میں انہیں خطرے سے آگاہ کرتی ہیں۔ بعض اوقات سفر کے دوران کار میں سے ایک خاص آواز آنے لگتی ہے۔ یہ آواز سنتے ہی وہ سمجھ جاتے ہیں کہ آگے خطرہ ہے۔ لہٰذا وہ رفتار کم کر دیتے ہیں۔ اکثر اس آواز کے بعد موڑ مڑتے ہی سڑک بند نظر آئی۔ ایک موقع پر ٹوٹے ہوئے درخت نے راستہ بند کر رکھا تھا۔

بعض صاحب فہم لوگ جب دس منٹ کا خطرناک وقت شروع ہوتا ہے تو سفر روک دیتے ہیں اور سڑک کے کنارے گاڑی کھڑی کر دیتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب قمر ایک برج سے دوسرے برج میں داخل ہو رہا ہوتا ہے۔ قمر تقریباً ایک گھنٹہ میں آدھے درجے کا سفر طے کرتا ہے۔ لہٰذا اگلے برج میں اس کے داخلے میں جب تین منٹ کا وقت رہ جاتا ہے تو اس وقت دس منٹ کا خطرناک وقت شروع ہوتا ہے جب گاڑی یا اسکوٹر سوار یا ڈرائیور ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں جلدی کرتے ہیں۔ سواری کی رفتار بڑھا دیتے ہیں او اوورٹیک کرتے ہیں اس طرح مشکل میں پھنس جاتے ہیں۔ بعض اوقات حادثات کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ اسطرح اس خطرناک وقت کے نتیجے میں وہ غلط فیصلوں کا ارتکاب کرتے ہیں۔ اس احتیاط کے نتیجے میں ایک صاحب کو گزشتہ آٹھ سال سے کوئی حادثہ پیش نہیں آیا اور وہ اس علمی مدد سے بہت خوش ہیں۔ جب وہ ہمیشہ کوابکی گائیڈ کی مدد سے اس خطرناک وقت کو پہلے ہی نوٹ کر لیتے ہیں۔

اگر بغیر کسی خاص وجہ کے آپ کی کار اسٹارٹ نہ ہو۔ تب اس دن یقیناً قمر مریخ اور یورنس کو غیر موافق نظرات سے متاثر کر رہا ہوگا کیونکہ یورنس بجلی پر حکومت کرتا ہے لہٰذا آپ کی کار کا پورا الیکٹریکل سرکٹ جس میں بیٹری بھی شامل ہے اس پر بھی یورنس کی حکومت ہے۔ جبکہ مریخ کار پر حکومت کرتا ہے۔ جب قمر اور یورنس میں غیر موافق نظر ہو تو اس دن آپ کی بیٹری کام کرنے سے انکار کر دے گی۔ ایک ماہ میں تقریباً نو دفعہ قمر اور یورنس میں غیر موافق نظر قائم ہوتی ہے۔ یہ اہم نکتہ نوٹ کرنے کے قابل ہے۔

قمر اور یورنس کی غیر موافق نظر کے تحت جب بیٹری کام کرنے سے انکار کر دے تو بے صبری کا اظہار نہ کریں۔ بلکہ نظر کے ختم ہونے کا انتظار کریں۔ نظر ختم ہوتے ہی آپ کی گاڑی راکٹ کی طرح تیزی سے اسٹارٹ ہو جائے گی۔

قمر اور یورنس میں جب غیر موافق نظر ہو تو اس وقت اپنی سواری کی بتیاں ضروری چیک کر لیں کیونکہ ایسے وقت بلب عموماً خراب ہو جاتے ہیں۔ قمر اور یورنس کی غیر موافق نظر کے تحت اکثر ''ایک آنکھ'' والی گاڑیاں نظر آتی ہیں۔

جب مریخ اور پلوٹو میں غیر موافق نظر قائم ہو۔ تب غیر محتاط ڈرائیور ضرور ایسے واقعے میں ملوث ہو جاتا ہے جس میں پولیس بھی شامل ہوتی ہے۔ اسے عموماً جرمانہ کی ادائیگی کرنی پڑتی ہے اور جب نپ چون، عطارد اور قمر میں غیر موافق نظر قائم ہو تب کار یا سواری سے کوئی نہ کوئی چیز چوری ہو جائے گی اور جب عطارد اور پلوٹو غیر موافق نظرات کے تحت ہوں اس وقت آپ کی سواری ہی چوروں کی رحم و کرم پر ہوتی ہے۔ یعنی اس کی چوری کا زبردست خطرہ ہوتا ہے۔ خاص طور پر اگر قمر بھی غیر موافق نظرات کے تحت ہو تب تو ایسا ہونا یقینی ہوتا ہے۔

جب قمر، زحل اور عطارد غیر موافق نظرات کے تحت ہوں تب سفر میں التواء یا دیر کا سامنا ہوگا۔ جب زحل اور مشتری میں غیر موافق نظر ہو۔ یا یہ دونوں قمر کے ساتھ غیر موافق نظرات کے تحت ہوں تب آپ کی کار کی رفتار بہت سست ہو جائے گی۔ ایسی صورت میں تیل چیک کریں۔ اس کے علاوہ پلگ اگر صاف نہ ہوں تو وہ بھی کار کی رفتار میں کمی لے آتے ہیں۔ مشتری تیل پر حکومت کرتا ہے اور زحل التواء لاتا ہے جبکہ قمر اور زحل دونوں کے مخالف ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی کار کے پلگ کو صفائی یا تبدیلی کی ضرورت ہے۔

اس مضمون میں جو نکات دیئے جا رہے ہیں۔ انہیں ذہن نشین کر لیں کیونکہ ایسا کر کے کسی بھی سفر کے آغاز سے قبل ہی آپ سفر میں کامیابی، التواء یا مشکل میں پھنسنے کی نشاندہی کر سکیں گے۔

دیکھنے میں آیا ہے کہ مرد ڈرائیور بہت لاپرواہ ہوتے ہیں۔ سفر کے دوران ان کی گاڑی کا عموماً پیٹرول ختم ہو جاتا ہے۔ کیونکہ روانگی سے قبل وہ اکثر پیٹرول چیک کرنے کی زحمت گوارہ نہیں کرتے۔ جبکہ وہ خواتین جو گاڑی چلاتی ہیں وہ شاذ و نادر ہی ایسا کرتی ہیں۔ اکثر مرد ڈرائیور اپنی گاڑیوں سے بڑا خراب سلوک کرتے ہیں (سب نہیں لیکن اکثر) اسکی وجہ مردوں کی نفسیات ہے۔

آدمی کے لئے نئی کار اور نئی بیوی پالتو جانور کی حیثیت رکھتی ہے۔ وہ اس وقت تک کار سے محبت کرتا ہے جب تک وہ نئی اور چمک دمک والی رہتی ہے۔ نیا پن ختم ہو جانے کے ساتھ ہی کار کی اہمیت بھی ختم ہو جاتی ہے۔ مرد جب کسی عورت کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتا ہے تو بہت فراخ دلی کا ثبوت دیتا ہے۔ لیکن جب اس پر تسلط حاصل ہو جاتا ہے اور جذبے کی شدت میں بھی کمی آ جاتی ہے تو اسے نظر انداز کرنے لگتا ہے۔

اسی اصول کا اطلاق کار پر بھی ہوتا ہے۔ کار خریدنے کے بعد کچھ عرصے تک تو اس کا بیحد خیال رکھا جاتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ جذبے کی شدت میں کمی آنے لگتی ہے۔ اس کے بعد پیٹرول اور تیل کا خرچ ناپسند آنے لگتا ہے۔ اور بادل نخواستہ تیل اور پیٹرول ڈلوایا جاتا ہے۔

مردوں کے برعکس خواتین ڈرائیور بڑی محتاط ہوتی ہیں۔ وہ گاڑی میں ضرورت کی ہر شے رکھتی ہیں کیونکہ انہیں لاشعوری طور پر اپنی گاڑی پر بھروسہ نہیں ہوتا۔ لہٰذا وہ بدترین صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتی ہیں۔ عورتیں کار کو وہی اہمیت اور حیثیت دیتی ہیں جو وہ اپنے شوہروں کو دیتی ہیں۔

جس طرح عورتیں اپنے شوہروں کا بے حد خیال رکھتی ہیں اسی طرح اپنی کاروں کا بھی بے حد خیال رکھتی ہیں جس طرح وہ دوسری شادی کے متعلق سوچنا بھی پسند نہیں کرتیں اسی طرح ایک کار فروخت کر کے دوسری خریدنا بھی انہیں ناپسند ہوتا ہے۔ ان کے برعکس آدمی کی سوچ کا انداز کچھ اور ہی ہوتا ہے وہ جس طرح دوسری شادی کے لئے تیار رہتے ہیں۔ اسی طرح اچھی اور نئے ماڈل کی کار دیکھ کر اسے بھی خریدنے اور پرانی کار بیچنے کو تیار رہتے ہیں۔

دیکھنے میں آیا ہے کہ سڑکوں پر سرخ رنگ کی گاڑی چلانے والے راہ گیروں اور دوسرے ڈرائیوروں کو دہشت زدہ کرتے نظر آتے ہیں۔

اگر سرخ رنگ کی کار کا انتخاب کرنے والے افراد کے زائچہ پیدائش کا جائزہ لیا جائے تو ان کے زائچے میں ''مریخ'' طاقتور حالت میں ملتا ہے۔ یہ بات آپ کے لئے یقیناً دلچسپی کا باعث ہوگی کہ حملی افراد عموماً سرخ رنگ کی کاروں کا انتخاب کرتے ہیں۔ حملی افراد کو لیڈر بننا اور ہر معاملے میں آگے آگے رہنا بے حد پسند ہوتا ہے۔ لہٰذا کار چلاتے ہوئے بھی وہ سب سے آگے رہنا پسند کرتے ہیں۔ وہ اوورٹیک کرتے ہیں۔ تیز رفتاری سے گاڑی چلاتے ہیں اور نتیجتاً حادثات کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ اگر کاروں کا بیمہ کرنے والی کمپنیوں سے اس سلسلے میں معلومات حاصل کی جائیں تو میں شرطیہ کہہ سکتا ہوں کہ سرخ رنگ کی کاروں کے مالکان نے ہی بیمہ کی رقوم زیادہ وصول کی ہوں گی۔

سبز رنگ کی کاریں خاص طور پر گہرے سبز رنگ کی کاریں بعض ڈرائیوروں کے لئے بدقسمت ثابت ہوتی ہیں۔ اس رنگ کی سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ یہ رنگ درختوں اور پودوں میں مل کر اس طرح گڈمڈ ہو جاتا ہے کہ کار صاف دکھائی نہیں دیتی۔ لہٰذا جیسے ہی دن کی روشنی کم ہو۔ اس رنگ کی گاڑی کے مالکان کو فوراً بتیاں جلا دینی چاہئیں۔

کار یا کسی قسم کی سواری خریدنے کے لئے نہ صرف یہ کہ سعد دن کا انتخاب کریں۔ بلکہ رنگ کے انتخاب میں بھی

بے حد محتاط رہیں۔آپ کے زائچے میں جو سیارہ مضبوط اور اچھی حالت میں ہو۔اس سے متعلقہ رنگ کا انتخاب کریں۔
اس سلسلے میں ہم ذیل میں فہرست دے رہے ہیں جو گاڑی کے رنگ کے انتخاب کے سلسلے میں یقیناً مددگار ثابت ہوگی۔

اگر زائچہ پیدائش میں شمس موافق نظرات کے تحت ہے تو سنہری یا نارنجی رنگ کی کار یا اسکوٹر خریدیں۔

اگر زائچہ پیدائش میں قمر موافق نظرات کے تحت ہے تو سفید یا کریم رنگ کی کار خریدنا خوش بختی لائے گا۔

اگر نپ چون موافق نظرات کے تحت ہے تب آپ بغیر کسی شک وشبے سے کالے رنگ کی کار خرید سکتے ہیں۔

اگر زائچہ پیدائش میں زحل سب سے اچھی حالت میں ہے تب کسی گہرے رنگ کی اور پرانی کاریں خریدنا بہتر رہے گا۔

اگر مریخ سب سے اچھی حالت میں ہے تب بغیر کسی جھجک کے سرخ رنگ کی کار خریدیں۔لیکن اس سے قبل یہ ضرور دیکھ لیں کہ مریخ قمر کے ساتھ ہم آہنگ نظرات کے تحت ہے۔اور مشتری یا عطارد، (جو سفر کے کواکب ہیں) کے ساتھ غیر موافق نظرات کے تحت تو نہیں ہے۔

اگر زائچہ پیداش میں مشتری اچھی حالت میں ہے تب آپ قیمتی قسم کی کار خریدنا پسند کریں گے۔نیز ایسی کار خریدنا خوش بختی بھی لائے گا۔اگر اس کا رنگ اودا یا ارغونی ہو تب زیادہ خوش قسمت ثابت ہوگی۔

اگر زہرہ دیگر کواکب کی نسبت اچھی حالت میں ہے تب آپ ایک محتاط ڈرائیور ثابت ہوں گے۔آپ کے لئے زرد، فیروزی مائل نیلی کار مناسب رہے گی یا سبز رنگ میں ہلکا مگر چمک دار سبز رنگ مناسب رہے گا۔

اگر زائچہ پیداش میں عطارد سب سے اچھی حالت میں ہے تب آپ اسپورٹس کار قسم کی تیز رفتار کار کے خواہشمند ہوں گے۔یا پھر زرد یا پیلے رنگ کی گاڑی خریدنے کے آرزومند ہوں گے۔عطارد اور پیلے رنگ میں قریبی تعلق پایا جاتا ہے۔چنانچہ اگر زائچے میں عطارد مضبوط حالت میں ہے تب آپ ایک مشتاق اور تیز رفتاری سے گاڑی چلانے والے ہوں گے۔

وہ افراد جن کے زائچے میں مریخ اچھی حالت میں ہوتا ہے وہ اپنی گاڑیوں کی خود مرمت کر لیتے ہیں۔ان میں میکینکل معاملات کی فطری سوجھ بوجھ موجود ہوتی ہے چنانچہ ایسے افراد بہترین میکینک ثابت ہوتے ہیں جبکہ وہ عورتیں جن کے زائچے میں مریخ مضبوط اور طاقتور ہوتا ہے وہ بھی ایسے کام کر سکتی ہیں جن میں اشیاء کی مرمت کی جاتی ہے۔ کاروں کی دیکھ بھال اور ریس کے معاملے میں آدمیوں سے پورا پورا مقابلہ کر سکتی ہیں۔

سڑکوں پر آپ نے ہدایات اور مختلف علامات دیکھی ہوں گی جو گاڑی چلانے والوں کی رہنمائی کرتی ہیں۔اسی طرح چوراہے پر راؤنڈ اباؤٹ بھی دیکھے ہوں گے۔چوراہوں کے بیچ میں یہ گول دائرے بنانے کا حکم دینے والے سڑکوں پر علامات نصب کرنے والے لوگوں کے زائچہ پیدائش میں ہمیشہ نپ چون طاقتور حالت میں ہوتا ہے۔کیونکہ یہی سیارہ آپ کو بھول بھلیوں میں پھنساتا ہے۔اسی طرح نقشے بنانے والے اور انہیں سمجھنے والے افراد کے زائچے میں بھی نپ چون طاقتور حالت میں ہوتا ہے اور جن لوگوں کے زائچوں میں یہ سیارہ کمزور حالت میں ہوتا ہے انہیں نقشوں کی بالکل سمجھ نہیں ہوتی۔

طالع وقت نکالنا

طالع وقت درجات کے ساتھ نکالنے کا طریقہ اسباق النجوم میں دیا گیا ہے- جو چار چار منٹ کے وقفہ سے ہے جس سے پیدائش کا صحیح زائچہ بنتا ہے- وقتی زائچہ عام حالات اور عملیات کے لئے طالع معلوم کرنا ہو تو اس کے لئے علیحدہ علیحدہ صوبوں کی جدول دی گئی ہے- صحیح طالع وقت معلوم ہوگا- طریقہ یہ ہے-

جس دن طالع وقت معلوم کرنا ہو- اولاً اس دن کی رفتار کواکب کے صفحات سے کوکبی وقت معلوم کریں- مثلاً ۱۰ جنوری ۲۰۲۰ء کا کوکبی وقت ۷ بجکر ۱۵ منٹ ۵۸ سیکنڈ ہے- یہ گزشتہ رات کے ۱۲ بجے کا وقت ہے اس کو کبی وقت میں مطلوبہ وقت تک جس قدر گھنٹے منٹ رات کے بارہ بجے سے گزرے ہوں وہ جمع کر دیں- ۱۲ بجے تک تو ہم ایک سے ۱۲ گھنٹے کر کے جمع کریں گے- بارہ بجے کے بعد ۱۳، ۱۴، ۱۵ گھنٹے کر کے جمع کریں گے- فرض کریں کہ ہم ۲ بجے بعد دوپہر طالع وقت کراچی میں معلوم کرنا چاہتے ہیں تو کوکبی وقت میں ہم ۱۴ گھنٹے جمع کریں گے اور نیا کوکبی وقت حاصل کریں گے- جس سے آنے والی جدول سے طالع وقت معلوم ہوگا- اگر یہ حاصل شدہ وقت ۲۴ گھنٹوں سے زیادہ ہوگا تو ہم ۲۴ تفریق کر کے باقی سے طالع وقت معلوم کریں گے-

نوٹ : یہ بھی یاد رکھیں کہ بین الاقومی اسٹینڈرڈ ٹائم سے ہماری گھڑیاں ۳۰ منٹ آگے ہیں- لہذا گھڑی کے وقت سے نصف گھنٹہ کم کر دیا کریں- پھر باقی کا عمل کریں- اس مثال میں ہم ۱۴ گھنٹے جمع کرنے کی بجائے ساڑھے تیرہ گھنٹے جمع کریں گے-

	سیکنڈ	منٹ	گھنٹے
۱۰ جنوری کا کوکبی وقت	۵۷	۱۸	۷
وقفہ	۰۰	۳۰	۱۳
مطلوبہ کوکبی وقت	۵۷	۴۸	۲۰

جدول طالع سے معلوم ہوگا کہ ۱۹ گھنٹے ۳۰ منٹ ۵۰ سیکنڈ سے طالع ثور شروع ہوگا اور ۲۱ گھنٹہ ۱۳ منٹ ۵۲ سیکنڈ تک رہتا ہے- کیونکہ اس کے بعد برج جوزا کا طالع شروع ہو جائے گا- چونکہ ہمارا مطلوبہ کوکبی وقت طالع ثور میں آتا ہے- اس لئے ۲ بجے بعد دوپہر طالع ہوگا-

جوزا | ثور | حمل
سرطان | خ ۱ نس ۶ | ن ۱۶ | حوت
اسد | ی ۴ ل ۲ ۳د | دلو
سنبلہ | س ۲۰ ۲۲ ۲۴ر ۱۳ | جدی
میزان | عقرب | قوس

زائچہ بنائیے

اب جبکہ یہ معلوم ہو گیا کہ طالع ثور ہے- تو اس کو خانہ اول میں رکھ کر زائچہ بنا کر تمام بروج ترتیب وار باہر

لکھ دیں-اندر زائچہ کے خانوں کے نمبر دے دیں-اور تقویم میں ۱۰ جنوری کے سامنے جو ستارہ جس برج میں ہے اس میں لکھ لیں ساتھ مکمل درجہ بھی لکھ لیں-یہ ۱۰ جنوری ۲۰۲۱ء کا ۲ بجے بعد دو پہر کا زائچہ ہے-

اس کو یوں پڑھیں گے کہ طالع یعنی خانہ اول ثور ہے اس میں مریخ و یورنس ہیں-دوسرا گھر برج جوزا کا ہے۔تیسرا گھر برج سرطان ہے۔چوتھا گھر برج اسد ہے-پانچویں گھر سنبلہ ہے۔چھٹا گھر میزان ہے۔ساتواں گھر عقرب ہے۔آٹھواں گھر قوس ہے اس میں قمر ہے۔نواں گھر جدی ہے اس میں زہرہ،شمس،پلوٹو ہے۔دسواں گھر دلو ہے اس میں مشتری،عطارد اور زحل ہیں۔گیارہویں گھر میں نپ چون ہے۔بارہویں گھر حمل ہے۔

نظرات جاننے ہوں تو شمس تسدیس نپ چون،شمس قران پلوٹو۔عطارد نیمے تسدیس زہرہ، عطارد تربیع مریخ،عطارد قران مشتری، عطارد قران زحل،عطارد تربیع یورنس ہے۔زہرہ تثلیث مریخ،زہرہ نیمے تسدیس زحل ہے۔مریخ کی تربیع مشتری و زحل سے ہے۔مشتری قران زحل و تربیع یورنس سے ہے۔زحل تربیع یورنس اور نیمے تربیع نپ چون کی نظر قائم ہو رہی ہے- علی ہذالقیاس

طالع وقت نکالنا

تمام بروج کے ساتھ اس کا ابتدائی وقت دیا گیا ہے-جو اگلے برج کے وقت پر ختم ہو جاتا ہے-

طالع	کراچی (سندھ کا علاقہ)			لاہور (پنجاب کا علاقہ)			پشاور (سرحد کا علاقہ)			کوئٹہ (بلوچستان کا علاقہ)		
	س	م	گ	س	م	گ	س	م	گ	س	م	گ
حمل	۰۰	۰۰	۱۸	۰۰	۰۰	۱۸	۰۰	۰۰	۱۸	۰۰	۰۰	۱۸
ثور	۵۰	۳۰	۱۹	۳۴	۲۶	۱۹	۱۸	۲۲	۱۹	۳۴	۲۶	۱۹
جوزا	۵۲	۱۳	۲۱	۵۳	۱	۲۱	۵۱	۵۳	۲۰	۵۳	۵	۲۱
سرطان	۵۲	۱۵	۲۳	۳	۱	۲۳	۵۷	۵۳	۲۲	۴۶	۴	۲۳
اسد	۵۲	۲۸	۱	۳۵	۱۷	۱	۵۱	۳۱	۱	۲۰	۲۱	۱
سنبلہ	۶	۴۷	۳	۵۷	۴۲	۳	۴۹	۳۸	۳	۵۷	۴۲	۳
میزان	۰۰	۰۰	۶	۰۰	۰۰	۶	۰۰	۰۰	۶	۰۰	۰۰	۶
عقرب	۳	۱۷	۸	۱۱	۲۱	۸	۱۹	۲۵	۸	۱۱	۲۱	۸
قوس	۸	۳۱	۱۰	۹	۴۶	۱۰	۵۲	۴۹	۱۰	۲۵	۴۲	۱۰
جدی	۵۰	۴۷	۱۲	۴۰	۲	۱۳	۷	۱۰	۱۳	۵۷	۵۸	۱۲
دلو	۷	۵۰	۱۴	۸	۲	۱۵	۱۲	۱۰	۱۵	۷	۵۸	۱۴
حوت	۲۶	۳۳	۱۶	۴۲	۳۷	۱۶	۵۹	۴۱	۱۶	۴۲	۳۷	۱۶
حمل	۰۰	۰۰	۱۸	۰۰	۰۰	۱۸	۰۰	۰۰	۱۸	۰۰	۰۰	۱۸

نقشہ تحویلات سیارگان معہ اوقات سال ۲۰۲۱ء

علامت رجعت ~~~~~~~~

نام ماہ	شمس	کیفیت	عطارد	کیفیت	زہرہ	کیفیت	مریخ	کیفیت	مشتری	زحل	یورینس	نیپچون	پلوٹو	راس	ذنب
جنوری	۲۰ کو در دلو ایک بجکر ۳۹ منٹ قبل سحر	وبال	۸ کو در دلو ۴ بجکر ۵۹ منٹ سہ پہر		۸ کو در جدی ۸ بجکر ۴۰ منٹ رات		۷ کو در ثور ۳ بجکر ۲۵ منٹ قبل فجر		۲ درجہ دلو پر	دلو میں ایک درجہ	ثور میں رجعت ۶ تا ۱۰ درجہ	حوت میں ۱۸ تا ۲۰ درجہ	جدی میں ۲۴ تا ۲۵ درجہ	جوزا میں رجعت ۱۸ درجہ تا ۲۹	قوس میں رجعت ۲۹ درجہ
فروری	۱۸ کو در حوت ۳ بجکر ۴۳ منٹ دو پہر				یکم کو در دلو ۷ بجکر ۵ منٹ رات ۲۵ کو در حوت ۶ بجکر ۱۱ منٹ شام	طرح شرف									
مارچ	۲۰ کو در حمل ۲ بجکر ۳۷ منٹ دو پہر	شرف	۱۶ کو در حوت ۳ بجکر ۲۶ منٹ قبل فجر	ہبوط	۲۱ کو در حمل ۷ بجکر ۱۶ منٹ شام	وبال	۴ کو در جوزا ۸ بجکر ۲۸ منٹ صبح								
اپریل	۲۰ کو در ثور ایک بجکر ۳۳ منٹ قبل سحر		۴ کو در حمل ۸ بجکر ۴۱ منٹ صبح ۱۹ کو در ثور ۳ بجکر ۲۸ منٹ دو پہر	فرح حضیض	۱۴ کو در ثور ۱۱ بجکر ۲۱ منٹ رات		۲۳ کو در سرطان ۴ بجکر ۴۸ منٹ سہ پہر	ہبوط							
مئی	۲۱/۲۰ کو در جوزا ۱۲ بجکر ۳۶ منٹ نصف شب	طرح	۴ کو در جوزا ۷ بجکر ۴۸ منٹ صبح	ترفع	۹ کو در جوزا ۷ بجکر ۱ منٹ صبح	اوج			۱۴ کو در حوت ۳ بجکر ۳۷ منٹ صبح						

جون	۲۱ کودر سرطان ۸.بجکر ۳۱ منٹ صبح	اوج			۲ کودر سرطان ۶.بجکر ۱۸ منٹ شام ۲۷ کودر اسد ۹.بجکر ۲۶ منٹ صبح	فرح	۱۱ کودر اسد ۶.بجکر ۳۳ منٹ شام	اوج							
جولائی	۲۲ کودر اسد ۷.بجکر ۲۶ منٹ شام	ترفع	۱۲ کودر سرطان ایک بجکر ۳۴ منٹ قبل سحر ۲۸ کودر اسد ۶.بجکر ۱۱ منٹ صبح		۲۲ کودر سنبلہ ۵.بجکر ۳۶ منٹ صبح	ہبوط	۳۰ کودر سنبلہ ایک بجکر ۳۲ منٹ قبل سحر	فرح	۲۸ کودر دلو ۵.بجکر ۴۰ منٹ شام						
اگست	۲۳ کودر سنبلہ ۲.بجکر ۳۴ منٹ قبل سحر		۱۲ کودر سنبلہ ۲.بجکر ۵۶ منٹ قبل سحر ۳۰ کودر میزان ۱۰.بجکر ۹ منٹ صبح	شرف طرح	۱۶ کودر میزان ۹.بجکر ۲۶ منٹ صبح	ترفع									
ستمبر	۲۳/۲۲ کودر میزان ۱۲.بجکر ۲۱ منٹ قبل سحر	ہبوط			۱۱ کودر عقرب ایک بجکر ۳۹ منٹ قبل سحر		۱۵ کودر میزان ۵.بجکر ۱۳ منٹ صبح	وبال							
اکتوبر	۲۳ کودر عقرب ۹.بجکر ۱۵ منٹ صبح				۷ کودر قوس ۴.بجکر ۲۰ منٹ دوپہر	حضیض	۳۰ کودر عقرب ۷.بجکر ۲۱ منٹ شام								
نومبر	۲۲ کودر قوس ۷.بجکر ۳۳ منٹ صبح	فرح	۶ کودر عقرب ۳.بجکر ۳۴ منٹ قبل سحر ۲۴ کودر قوس ۸.بجکر ۳۶ منٹ رات	اوج وبال	۵ کودر جدی ۳.بجکر ۴۳ منٹ دوپہر										
دسمبر	۲۱ کودر جدی ۸.بجکر ۵۹ منٹ رات	حضیض	۱۳ کودر جدی ۱۰.بجکر ۵۲ منٹ رات				۱۳ کودر قوس ۲.بجکر ۵۲ منٹ دوپہر		۲۹ کودر حوت ۹.بجکر ۱۰ منٹ صبح					۲۴ کو درثور میں رجعت ۲۹ درجہ	۲۴ کو عقرب میں رجعت ۱۸ درجہ

نقشہ تحویلات سیارگان معہ اوقات سال ۲۰۲۱ء

علامت رجعت ~~~~~~~~~~~~~~~~

نام ماہ	شمس	کیفیت	عطارد	کیفیت	زہرہ	کیفیت	مریخ	کیفیت	مشتری	زحل	یورنس	نیچون	پلوٹو	راس	ذنب
جنوری	۲۰ کودر دلو ایک بجکر ۳۹ منٹ قبل سحر	وبال	۸ کودر دلو ۴ بجکر ۵۹ منٹ سہ پہر		۸ کودر جدی ۸ بجکر ۴۰ منٹ رات		۷ کودر ثور ۳ بجکر ۲۵ منٹ قبل فجر		۲ درجہ دلو پر	دلو میں ایک درجہ	ثور میں رجعت ۶ تا ۱۰ درجہ	حوت میں ۱۸ تا ۲۰ درجہ	جدی میں ۲۴ تا ۲۵ درجہ	جوزا میں رجعت ۱۸ درجہ تا ۲۹	قوس میں رجعت ۲۹ درجہ
فروری	۱۸ کودر حوت ۳ بجکر ۴۳ منٹ دوپہر				یکم کودر دلو ۷ بجکر ۵ منٹ رات ۲۵ کودر حوت ۶ بجکر ۱۱ منٹ شام	طرح شرف									
مارچ	۲۰ کودر حمل ۲ بجکر ۳۷ منٹ دوپہر	شرف	۱۶ کودر حوت ۳ بجکر ۲۶ منٹ قبل فجر	ہبوط	۲۱ کودر حمل ۷ بجکر ۱۶ منٹ شام	وبال	۴ کودر جوزا ۸ بجکر ۲۸ منٹ صبح								
اپریل	۲۰ کودر ثور ایک بجکر ۳۳ منٹ قبل سحر		۴ کودر حمل ۸ بجکر ۱۴ منٹ صبح ۱۹ کودر ثور ۳ بجکر ۲۸ منٹ دوپہر	فرح حضیض	۱۴ کودر ثور ۱۱ بجکر ۲۱ منٹ رات		۲۳ کودر سرطان ۴ بجکر ۴۸ منٹ سہ پہر	ہبوط							
مئی	۲۱/۲۰ کودر جوزا ۱۲ بجکر ۳۶ منٹ نصف شب	طرح	۴ کودر جوزا ۷ بجکر ۴۸ منٹ صبح	ترفع	۹ کودر جوزا ۷ بجکر ۱ منٹ صبح	اوج			۱۴ کو درحوت ۳ بجکر ۳۷ منٹ صبح						
جون	۲۱ کودر سرطان ۸ بجکر ۳۶ منٹ صبح	اوج			۲ کودر سرطان ۶ بجکر ۱۸ منٹ شام ۲۷ کودر اسد ۹ بجکر ۲۶ منٹ صبح	فرح	۱۱ کودر اسد ۶ بجکر ۳۳ منٹ شام	اوج							
جولائی	۲۲ کودر اسد ۷ بجکر ۲۶ منٹ شام	ترفع	۱۲ کودر سرطان ایک بجکر ۳۴ منٹ قبل سحر ۲۸ کودر اسد ۶ بجکر ۱۱ منٹ صبح		۲۲ کودر سنبلہ ۵ بجکر ۳۶ منٹ صبح	ہبوط	۳۰ کودر سنبلہ ایک بجکر ۳۲ منٹ قبل سحر	فرح	۲۸ کودر دلو ۵ بجکر ۴۰ منٹ شام						
اگست	۲۳ کودر سنبلہ ۲ بجکر ۳۴ منٹ قبل سحر		۱۲ کودر سنبلہ ۲ بجکر ۵۶ منٹ قبل سحر ۳۰ کودر میزان ۱۰ بجکر ۹ منٹ صبح	شرف طرح	۱۶ کودر میزان ۹ بجکر ۲۶ منٹ صبح	ترفع									
ستمبر	۲۳/۲۲ کودر میزان ۱۲ بجکر ۲۱ منٹ قبل سحر	ہبوط			۱۱ کودر عقرب ایک بجکر ۳۹ منٹ قبل سحر		۱۵ کودر میزان ۵ بجکر ۱۳ منٹ صبح	وبال							
اکتوبر	۲۳ کودر عقرب ۹ بجکر ۱۵ منٹ صبح				۷ کودر قوس ۴ بجکر ۲۰ منٹ دوپہر	حضیض	۳۰ کودر عقرب ۷ بجکر ۲۱ منٹ شام								
نومبر	۲۲ کودر قوس ۷ بجکر ۳۳ منٹ صبح	فرح	۶ کودر عقرب ۳ بجکر ۳۴ منٹ قبل سحر ۲۴ کودر قوس ۸ بجکر ۳۶ منٹ رات	اوج وبال	۵ کودر جدی ۳ بجکر ۴۳ منٹ دوپہر										
